www.dailybolan.com

MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED — حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

صفحات 8 — قیمت 20 روپے

جلد 37 — جمعہ 2 اکتوبر 2026، بمطابق 19 ربیع الثانی 1448ھ — شمارہ 293

صدر اور وزیر اعظم میں طویل مشاورت

حکومت اور پی ٹی آئی PTI کے آج سے مذاکرات

مشترکہ وفد میں محسن نقوی، رانا ثناء اللہ، امیر مقام اور پی پی پی کی طرف سے شیری رحمان، سید نوید قمر اور اعجاز جکھرانی شریک ہوں گے

صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ایوان صدر میں ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی، اور سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایوان صدر میں ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی، اور سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ، اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور عثمان اعوان، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر توقیر شاہ، سینیٹر شیری رحمان، (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے مکمل پر عزم ہے، احمد شریف چوہدری

حرمین شریفین کا دفاع اور سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کیلئے تیار ہیں، ترجمان پاک فوج

پاکستان کی سلامتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز (بقیہ 2 صفحہ 7پر)

محمود خان اچکزئی کا وزیراعظم کو خط کا جواب دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے (بقیہ 3 صفحہ 7پر)

ڈی جی آئی ایس پی آر کی فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی آمد

طالبات اور فیکلٹی ممبران کیساتھ خصوصی نشست، قومی امور اور ڈیجیٹل چیلنجز پر تبادلہ خیال

براہِ راست سوال و جواب کے اس سیشن نے شرکا کو قومی امور اور دفاعی حکمتِ عملی سے متعلق زمینی حقائق جاننے کا بھرپور موقع فراہم کیا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے زاہد بگٹی کی قیادت میں قبائلی عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

ہم جانتے ہیں بھارت دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والا سب سے بڑا ملک ہے، ترجمان پاک فوج

فوج کا سیاست سے کچھ لینا دینا نہیں ہے — ڈی جی آئی ایس پی آر

ہم جانتے ہیں بھارت دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والا سب سے بڑا ملک ہے، بھارت کی مکتی باہنی، ٹی ٹی پی کو فنڈنگ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

بھارت اپنی دہشت گردی کو چھپانے کیلئے دوسروں پر الزام لگاتا ہے، بھارت ایسے ڈراموں سے اپنی دہشت گردی پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پریس کانفرنس کے دوران بھارت کا جھوٹ بے نقاب کرتے ہوئے ایس ایس جی حوالدار محمد آصف کو میڈیا کے سامنے پیش کر دیا اس شخص کے بارے میں بھارت نے دعویٰ کیا تھا کہ اس نے اسے مقبوضہ کشمیر میں شہید کر دیا ہے جبکہ ترجمان پاک لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ بھارت کچھ کرنا چاہتا ہے تو آجائے ہمارا ردعمل (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

اپوزیشن اتحاد کا حکومت سے مذاکرات کا آپشن برقرار رکھنے کا اعلان

ہمارے چار لوگ اسلام آباد میں تھے، باقیوں کے آپ نے وارنٹ جاری کیے، آپ نے کہا ہم ٹولہ ہیں، انتشاری ہیں، مذمت کرتے ہیں، گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف سے ملنے کیلئے کسی درخت کے نیچے بیٹھ جاؤں گا وزیراعظم ہاؤس نہیں جاؤں گا، محمود خان اچکزئی کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن اتحاد نے حکومت کی مذاکرات کی پیشکش قبول کرتے ہوئے بات چیت کے لیے رضامندی ظاہر کر دی، (آج) جمعہ کو ملاقات کا وقت طے پا گیا۔ ذرائع کے مطابق جمعرات کو اپوزیشن اتحاد کا اہم اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس سمیت دیگر رہنما شریک ہوئے۔ اجلاس میں لانگ مارچ کے حوالے سے (بقیہ 8 صفحہ 7پر)

حکومت کا کام نجی شعبے کو کاروباری ماحول فراہم کرنا ہے، محمد اورنگزیب

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد 6 لاکھ 56 ہزار سے تجاوز کر گئی

ستمبر میں ریکارڈ 25 ہزار 281 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے، وفاقی وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پائیدار معاشی ترقی، سرمائے کی تشکیل اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی پاکستان کی معاشی پیش رفت کیلئے کلیدی حیثیت رکھتی ہے، معیشت سکڑاؤ اور استحکام کے مرحلے سے نکل کر ترقی کی جانب بڑھ رہی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

غلط پالیسیاں ٹھیک کیے بغیر ترقی ممکن نہیں، معاشی چیلنجز کو مدنظر رکھ کر اقدامات کی ضرورت ہے — شہباز شریف

معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے، تعمیراتی صنعت کا فروغ ملکی معیشت اور روزگار کیلئے ضروری ہے

معاشی حالات کی بہتری میں سیاسی اور عسکری قیادت کا باہمی تعاون نہایت اہم ہے، حکومت نے سنجیدگی کے ساتھ طویل عرصے سے زیر التوا اصلاحات کو عملی جامہ پہنایا ہے

کراچی (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معاشی استحکام کو ٹیم ورک اور مسلسل محنت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی معیشت اب صنعت کاری اور برآمدات میں اضافہ پر مبنی پائیدار ترقی اور روزگار پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی متقاضی ہے، معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے، تعمیراتی صنعت کا فروغ ملکی معیشت اور روزگار کیلئے ضروری ہے، معاشی حالات کی بہتری میں سیاسی اور عسکری قیادت کا باہمی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحت کے شعبے میں بہتری ایک مسلسل عمل ہے — سرفراز بگٹی

معیاری طبی سہولیات کی دستیابی سے بلوچستان کے عوام کو علاج کے لیے دیگر شہروں کا رخ کرنے کی تکلیف اور اضافی اخراجات سے نجات مل رہی ہے

صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات کا بنیادی مقصد صوبے کے عوام کو علاج معالجے کے لیے دوسرے شہروں کا رخ کرنے سے نجات دلانا ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) بلوچستان میں صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات اور سرکاری اسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری کے مثبت اثرات نمایاں ہونے لگے ہیں، جہاں عام شہریوں کے ساتھ اراکین صوبائی اسمبلی بھی سرکاری اسپتالوں سے علاج کرانے لگے ہیں۔ سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کوئٹہ کے شعبہ امراض قلب میں رکن صوبائی اسمبلی اور سابق صوبائی وزیر صحت میر رحمت صالح بلوچ کی کامیاب اینجیو پلاسٹی کی گئی۔ میر رحمت صالح بلوچ نے اسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معیاری طبی سہولیات کی دستیابی سے بلوچستان کے عوام کو علاج کے لیے دیگر شہروں (بقیہ 9 صفحہ 7پر)

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان اور شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن، متعدد دہشتگرد ہلاک

آپریشن غضب للحق کے تسلسل میں فضائی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گرد مارے گئے، وزارت اطلاعات ونشریات

اپنے شہریوں کی سلامتی اور تحفظ ہماری ترجیح ہے، پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کے لیے کوششیں کی ہیں، پاکستان کا موقف

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے سنی اور وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے نتیجے میں متعدد دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو کواڈ کاپٹرز کے (بقیہ 17 صفحہ 7پر)

پاکستان ایران پر تمام قابل اطلاق امریکی پابندیوں کی پاسداری کرتا ہے: ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان، ایران اور امریکا کے درمیان رابطوں میں سہولت کاری کا کردار ادا کر رہا ہے

ایران امریکا تنازع کا حل مذاکرات اور سفارت کاری سے نکالنے کی ضرورت ہے، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان، ایران اور امریکا کو اسلام آباد مفاہمتی معاہدے کے تحت ذمہ داریاں پوری کرنے پر زور دیتا ہے

پاکستانی سفارتی ٹیم صومالیہ میں زخمی پاکستانیوں اور جاں بحق افراد کی میتوں کی واپسی کے لیے سرگرم ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان ایران پر تمام قابل اطلاق امریکی پابندیوں کی پاسداری کرتا ہے، پاکستان بین الاقوامی اور ملکی قوانین کے مطابق پابندیوں کے تمام نظام پر عملدرآمد جاری رکھے گا، پاکستان، ایران اور امریکا کے درمیان رابطوں میں سہولت (بقیہ 14 صفحہ 7پر)

پاک فوج کی افغانستان میں ٹارگٹڈ کارروائیاں، 22 دہشتگرد ہلاک، ٹھکانے تباہ

پاکستان نے افغان طالبان رجیم کے زیر کنٹرول علاقوں میں دہشتگردوں کے 2 ٹھکانوں کو تباہ کر دیا، وزارت اطلاعات نے ویڈیو جاری کر دی

کیمپوں اور پناہ گاہوں پر کی گئی ٹارگٹڈ اور جامع فضائی کارروائی کے نتیجے میں دہشت گردوں کا نیٹ ورک تباہ کر دیا گیا، وزارت اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات نے کہا ہے کہ آپریشن غضب للحق کے تحت پاکستان نے افغان طالبان رجیم کے زیر کنٹرول علاقوں میں فتنہ الخوارج دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر حملہ کیا ہے جس کے نتیجے میں دہشتگردوں کے دو ٹھکانے تباہ ہو گئے۔ وزیر اطلاعات کے مطابق (بقیہ 10 صفحہ 7پر)

لانگ مارچ سے کبھی کوئی فائدہ ہوا اور نہ آئندہ ہوگا، مصطفیٰ کمال

حکومت کی تبدیلی سے پٹرولیم مصنوعات سستی نہیں ہوں گی، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک لانگ مارچ کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ لانگ مارچ سے کبھی کوئی فائدہ نہیں ہوا، ماضی میں بھی کوئی اہداف حاصل نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ سے کبھی کوئی فیصلہ بھی نہیں ہوا، مسائل کا حل لانگ مارچ نہیں، مل بیٹھ کر بات چیت ہے۔ پٹرولیم کی قیمتیں کی حوالے سے انہوں (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

اماراتی ائیرلائن کا اسرائیل کیلئے پروازیں معطل کرنے کا اعلان

تل ابیب (این این آئی) اماراتی ایئرلائن نے دبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز کے واقعے کے بعد اسرائیل کے لیے پروازیں معطل کر دیں۔ فلائی دبئی کے ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ دبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز FZ1073 میں پیش آنے والے واقعے کے بعد (بقیہ 16 صفحہ 7پر)

اسحاق ڈار کی زیر صدارت جوائنٹ پاک گلوبل ٹیک فیسلٹی کے قیام کے حوالے سے اجلاس

وزیر خارجہ قدرتی آفات کیخلاف پاکستان کی مزاحمتی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم/وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے موسمیاتی تبدیلی کے پیش نظر بار بار آنے والی قدرتی آفات کے خلاف پاکستان کی مزاحمتی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انھوں نے این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) میں جوائنٹ پاک گلوبل ٹیک (بقیہ 15 صفحہ 7پر)

سندھ کابینہ کی ججز کے لیے 87 سرکاری گاڑیاں خریدنے کی منظوری

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ نے ججز اور عدالتی افسران کے لیے 87 سرکاری گاڑیاں خریدنے کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں عدالتی امور کی انجام دہی میں سہولت (بقیہ 13 صفحہ 7پر)

بلاول بھٹو، فیصل کریم کنڈی ٹیلی فونک رابطہ، خیبر پختونخوا کی سیاسی صورت حال پر بات چیت

خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی اور جنگ کی صورت حال کو سنبھالنے میں اپنا کردار ادا کرے، لانگ مارچ غیر مشروط طور پر ختم کیا جائے، چیئرمین پی پی پی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس میں خیبر پختونخوا کی سیاسی صورت حال پر بات چیت کی گئی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو گورنر فیصل کریم کنڈی نے ڈیرہ اسماعیل خان، ہنگو، ٹانک اور کوہاٹ سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات پر بریفن (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

کشمیر پر بھارتی دعوے حقائق نہیں بدل سکتے، پاکستانی سفیر

جموں و کشمیر نہ بھارت کا اٹوٹ انگ ہے اور نہ کبھی رہا ہے، یہ متنازع علاقہ ہے، عدیل ممتاز کھوکھر

مقبوضہ کشمیر میں لاکھوں ڈومیسائل غیر کشمیریوں کو جاری کیے گئے ہیں، کشمیریوں کی شناخت بدل کر مسئلہ کشمیر حل نہیں کیا جاسکتا، گفتگو

جنیوا (این این آئی) پاکستان کے سفیر عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ، لکی مروت سے تحریک کا آغاز

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی لانگ مارچ کے لئے چندہ بھی اکٹھا کریں گے

لانگ مارچ پہلے روز ڈی آئی خان، ٹانک، وزیرستان اور بنوں کے قافلے لکی مروت میں جمع ہوں گے

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کی جانب سے جاری شیڈول کے مطابق 4 اکتوبر کو لانگ مارچ لکی مروت سے شروع ہوگا، گنڈی چوک لکی مروت سے لانگ مارچ وزیر اعلیٰ سہیل (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

ذمہ دار میڈیا اقوام کے درمیان اعتماد اور بین الثقافتی مکالمے کو فروغ دے سکتا ہے، وجیہہ قمر

مستند اور ذمہ دارانہ صحافت مختلف اقوام، ثقافتوں اور معاشروں کو ایک دوسرے کے قریب لاسکتی ہے

غلط یا گمراہ کن بیانیے معاشروں کے درمیان فاصلوں، غلط فہمیوں اور عدم اعتماد کو بڑھا سکتے ہیں، وزیر مملکت

باکو (این این آئی) وزیرِ مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت (بقیہ 12 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی فارورڈ بلاک کا بھی سہیل آفریدی کی حمایت کا اعلان

تحریک عدم اعتماد آتی ہے تو سپورٹ نہیں کریں گے، اراکین اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف خیبر پختونخوا فارورڈ بلاک نے بھی سہیل آفریدی کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7پر)

پرائیویٹ حج کمپنیوں کے خلاف اعتراضات جمع کروانے کا آخری موقع

گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کسی شکایت کی صورت میں وزارت سے رابطہ کر سکتے ہیں، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کو پرائیویٹ حج کمپنیوں کے خلاف شکایات اور اعتراضات 20 اکتوبر 2026 سے قبل (بقیہ 22 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے — حاجی علی مدد جتک

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا

مختلف علاقوں کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل، مشکلات اور شکایات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا

کوئٹہ (بولان بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے مختلف علاقوں کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل، مشکلات اور شکایات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے عوامی وفود اور شہریوں کے مسائل توجہ اور تحمل کے ساتھ سنے اور متعلقہ محکموں و حکام کو عوامی شکایات کے فوری ازالے اور مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری کے دوران عوام نے مختلف امور بالخصوص بنیادی سہولیا (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا

پاکستان خطے میں امن کیلئے تعمیری کردار ادا کر رہا ہے — سردار مسعود

امریکہ اور ایران کے درمیان سفارتی رابطوں کی بحالی اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کے لیے تمام امیدیں نیویارک مذاکرات سے وابستہ ہیں

برآمدات پر عائد پابندیوں، بحری ناکہ بندی اور جوہری مسئلہ سمیت بات چیت کے لئے بنیادی ایجنڈا بدستور برقرار ہے

اسلام آباد (نمائندہ بولان) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان سفارتی رابطوں کی بحالی اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کے لیے تمام امیدیں نیویارک مذاکرات سے وابستہ ہیں، جہاں دونوں جانب سے لچک کا مظاہرہ تنازعہ کے فریقین کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تک امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایرانی قیادت کی جانب سے سفارتی رابطوں کی تصدیق کے باوجود کسی حتمی حل پر اتفاق نہیں ہو سکا۔ ان کے مطابق آبنائے ہرمز کی صورتحال، ایران کے منجمد اثاثے، ایرانی تیل (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

ستمبر میں مہنگائی 1.27 فیصد بڑھ گئی

سالانہ شرح 10.26 فیصد ریکارڈ، ادارہ شماریات نے ماہانہ مہنگائی کی رپورٹ جاری کر دی

اسلام آباد (این این آئی) ادارہ شماریات نے ماہانہ مہنگائی کی رپورٹ جاری کر دی، ایک ماہ کے دوران مہنگائی کی شرح میں 1.27 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ جولائی سے ستمبر کے دوران مہنگائی کی شرح 10.20 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ستمبر 2025 کے مقابلے میں ستمبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 10.26 فیصد رہی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ماہ کے دوران شہروں میں مہنگائی (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

ایران، زاہدان میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام، 6 دہشت گرد ہلاک

تہران (این این آئی) ایران کے شہر زاہدان میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا، ایرانی پاسداران انقلاب فورس کے مطابق خفیہ اطلاعات پر زاہدان میں دہشت (بقیہ 27 صفحہ 7پر)

ملکی زرمبادلہ ذخائر میں 3 کروڑ 90 لاکھ ڈالر کا اضافہ

مجموعی زرمبادلہ ذخائر 26 ارب 77 کروڑ 9 لاکھ ڈالر کی سطح پر پہنچ گئے ہیں، اعداد و شمار

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر میں ایک ہفتے کے دوران 3 کروڑ 90 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق مرکزی بینک کے ذخائر 21 ارب 43 کروڑ 92 لاکھ ڈالر ہو گئے۔ مرکزی بینک کے مطابق کمرشل بینکوں کے زرمبادلہ ذخائر 5 ارب 33 کروڑ 17 لاکھ ڈالر ہو گئے ہیں۔ اعداد و شمار (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

بلاول بھٹو زرداری سے سندھ کے مختلف حکام اور سیاسی رہنماؤں کی ملاقاتیں

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے سندھ کے مختلف حکام اور سیاسی رہنماؤں نے ملاقاتیں کیں۔ بلاول ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے میئر کراچی مرتضیٰ (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

بزرگ شہریوں کی نگہداشت ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ

معاشی مشکلات کے باعث بہت سے خاندان بیک وقت بچوں اور بزرگ والدین کی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ بزرگ شہریوں کی نگہداشت صرف خاندانی ذمہ داری نہیں بلکہ ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے جبکہ انہیں بنیادی سہولیات کے ساتھ عزت، وقار، محبت اور تکریم فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ وہ جمعرات کو یہاں معمر افراد کے عالمی دن کے حوالے سے وزارتِ انسانی حقوق اور یو این ایف پی اے کے زیر اہتما (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر محمد اورنگزیب پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بوستان تھانے کو جلائے یا تباہ کیے جانے کی خبریں بے بنیاد ہیں، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (این این آئی) معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ بوستان پولیس اسٹیشن کو جلائے یا تباہ کیے جانے کی خبریں بے بنیاد ہیں، دہشت گردوں نے تھانے پر حملہ کیا تاہم پولیس اہلکاروں نے بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے حملہ ناکام بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی بروقت اور مؤثر مزاحمت کے باعث تھانہ بوستان کی مرکزی عمارت (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

گورنر راج یا ایمرجنسی سے حالات مزید خراب ہوں گے، بیرسٹر گوہر

قومی اسمبلی سے استعفوں کا فیصلہ نہیں ہوا، مضبوط وفاق کے لیے خود مختار صوبہ بہت ضروری ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

ہم گورنر راج کی مذمت کریں گے، گورنر راج لگا تو ہم ہر آپشن استعمال کریں گے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج سے حالات مزید خراب ہو جائیں گے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم گورنر راج کی مذمت کریں گے، گورنر راج لگا تو ہم ہر آ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شعبہ کامرس کے طلبا و طالبات کا ویمن کمپلینٹ سیل کا دورہ

نفسیات اور انچارج سیدہ قرۃ العین شاہ، کی سیف ہاس کے حوالے سے بریفنگ

طلبا بی ایس کامرس آنرز سیکنڈ ایئر میں زیر تعلیم ہیں اور ویمن ایمپاورمنٹ کے موضوع پر پروجیکٹ کر رہے ہیں

حیدرآباد (بولان بیورو) ۔ صوبائی وزیر ترقی نسواں شاہینہ شیر علی کی ہدایت پر مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے شعبہ تجارت) کامرس (میں زیر تعلیم طلبا و طالبات نے ویمن کمپلینٹ سیل، سیف ہاس ضلع جامشورو کا معلوماتی دورہ کیا، طلبا بی ایس کامرس آنرز سیکنڈ ایئر میں زیر تعلیم ہیں اور ویمن ایمپاورمنٹ کے موضوع پر پروجیکٹ کر رہے ہیں، اس سلسلے میں وہ ریسرچ، معلومات اور ڈیٹا کلیکشن کے لیے سیل کا دورہ کیا، معلوماتی دورے میں شریک طلبا و طالبات، عاقب علی سیال ولد محمد یعقوب، اویس علی ولد دیدار علی، نرجس عبدالرف سومرو، شہباز علی محمد اکرم سولنگی، محمد مزمل حسین ولد نیاز احمد، عائشہ عمر نواز خان، ارشاد ولد محمد ہاشم اور دیگر موجود تھے، وفد نے رپورٹنگ میکنزم، آگاہی پروگرامز، پرو ویمن قوانین، خواتین کے کیسز، قانونی معاونت اور عارضی شیلٹر) سیف ہاس (کے حوالے سے تفصیلی معلومات حاصل کیں، اس موقع پر سیدہ قرۃ العین شاہ انچارج ماہر نفسیات ویمن کمپلینٹ سیل و انچارج سیف ہاس نے طلبا و طالبات کو ریسرچ اور پروجیکٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور محکمہ کے کام، شکایات کے اندراج سے لے کر فالو اپ تک کے شفاف نظام پر روشنی ڈالی، انہوں نے کہا کہ خواتین کو با اختیار بنانے، انہیں اپنے حقوق سے آگاہ کرنے اور معاشرے میں انہیں محفوظ، باوقار اور خودمختار ماحول فراہم کرنے کے لیے موثر اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔خواتین کی تعلیم، معاشی خودمختاری، قانونی آگاہی اور فیصلہ سازی میں موثر شرکت کو یقینی بنائے بغیر حقیقی معنوں میں خواتین کو با اختیار نہیں بنایا جا سکتا، انہوں نے مزید کہا کہ خواتین کو درپیش مسائل کے فوری ازالے کے لیے ویمن کمپلینٹ سیل کا کردار انتہائی اہم ہے ایسے مراکز میں خواتین کی شکایات کو رازداری اور حساسیت کے ساتھ سنا جاتا ہے، انہیں قانونی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے اور متعلقہ اداروں تک شکایت کی بروقت رسائی یقینی بنائی جاتی ہے شکایات کے اندراج سے لے کر ان کے فالو اپ تک ایک موثر اور شفاف نظام موجود ہے۔ اسی طرح سیف ہاس ان خواتین کے لیے اہم تحفظ فراہم کرتا ہے جو گھریلو تشدد، ہراسانی یا دیگر خطرات کے باعث فوری طور پر محفوظ رہائش کی محتاج ہوں۔ سیف ہاس میں محفوظ رہائش کے ساتھ ساتھ بنیادی طبی سہولیات، نفسیاتی معاونت، قانونی مشاورت اور بحالی کے لیے ضروری رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔اس موقع پر خواتین کو با اختیار بنانے کے لیے موثر اقدامات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ لڑکیوں اور خواتین کے لیے معیاری تعلیم اور ہنر مندی کے مواقع میں اضافہ کیا جائے، خواتین کے لیے روزگار، کاروبار اور مالی خودمختاری کے مواقع کی فراہمی، خواتین کو ان کے قانونی اور آئینی حقوق کے بارے میں آگاہی۔ کام کی جگہوں، تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر محفوظ ماحول کو یقینی بنانے، خواتین کے خلاف تشدد اور ہراسانی کی شکایات کے لیے آسان، محفوظ اور قابلِ رسائی شکایتی نظام۔ ویمن کمپلینٹ سیلز کو تربیت یافتہ عملے، مناسب وسائل اور موثر فالو اپ میکانزم سے مضبوط بنانے، سیف ہاسز کی تعداد، سہولیات اور رسائی کو بہتر بنانے، خواتین کے لیے مفت یا کم لاگت کی قانونی معاونت اور مشاورتی سہولیات کی فراہمی کے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو با اختیار بنانا صرف ایک سماجی ضرورت نہیں بلکہ معاشرے کی پائیدار ترقی کے لیے بھی بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی زیر صدارت ری رائٹنگ ریکارڈ آف رائٹس کے حوالے سے اہم اجلاس

ری رائٹنگ ریکارڈ آف رائٹس کے جاری کام کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، سرمد علی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی زیر صدارت ری رائٹنگ ریکارڈ آف رائٹس کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی زیر صدارت ان کے دفتر میں ری رائٹنگ ریکارڈ آف رائٹس کے جاری کام کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور مختارکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کو ری رائٹنگ ریکارڈ آف رائٹس کے جاری کام اور مختلف تحصیلوں میں ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت نے تمام ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ ری رائٹنگ ریکارڈ آف رائٹس کے جاری کام کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور کام کی رفتار مزید تیز کی جائے،

مرکزی مسلم لیگ کا 10 روزہ بسنت کیخلاف عدالت سے رجوع، پرامن مظاہروں کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) مرکزی مسلم لیگ لاہور نے 10 روزہ بسنت فیسٹیول کے خلاف عدالت سے رجوع اور پرامن احتجاجی مظاہروں کا فیصلہ کیا ہے۔ مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری چودھری حمید الحسن گجر کی زیر صدارت تنظیمی اجلاس ہوا جس میں لاہور کے تمام صوبائی حلقوں کے جنرل سیکرٹریز نے شرکت کی۔

سکھر، ضیاء الدین یونیورسٹی سکھر کیمپس میں منعقدہ عالمی یوم فارمسسٹ تقریب کے شرکاء کا فوٹو

اوستہ محمد پولیس کی بڑی کامیاب کارروائی، ڈکیتی کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار

ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ اوستا محمد ندیم بہرانی کی نگرانی میں پولیس ٹیم کی جانب سے قانونی و محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے

اوستا محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی بڑی کامیاب کارروائی، ڈکیتی کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ رقم موبائل سیٹ اور ایک عدد ٹی ٹی پسٹل برآمد تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستا محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈی ایس پی محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں سٹی پولیس تھانہ اوستا محمد کے ایس ایچ او دبنگ پولیس افیسر ندیم بحرانی سی ائی اے انچارج کرم حسین ببر اینٹی نارکوٹیکس سیل کے انچارج محمد اسلم رند ایگل مددگار فورس کے انچارج شاہنواز کھوسہ نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ مشترکہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ روز ہندو تاجروں سے ڈکیتی کی واردات میں ملوث مبینہ ملزم کو گرفتار کر لیا ملزم کے قبضے سے ڈکیتی شدہ رقم موبائل فون سیٹ اور ایک پسٹل برآمدہ کر لیا پولیس کے مطابق ملزم کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے، جبکہ واقعے کے دیگر پہلوؤں اور ممکنہ ساتھی ملزمان سے متعلق بھی تحقیقات جاری ہیں

ڈی آئی جی آپریشنز کی دفتر میں کھلی کچہری، شہریوں کو براہِ راست سنا گیا

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں بوڑھے والد پر سگے بیٹوں اور بہوں کے مبینہ تشدد کی شکایت پر فیصل کامران نے والدین پروٹیکشن ایکٹ کے تحت ایس ایچ او مغلپورہ کو کاروائی کی ہدایت کی۔ اسی طرح لین دین فراڈ کی شکایات پر متعلقہ ایس ایچ اوز کو کارروائی کا حکم دیا۔ فیصل کامران نے وراثتی جائیداد اور جعلی ڈگری کی شکایات پر انکوائریاں مارک کی۔

حب، مرحوم اللہ ڈنہ ھاڑا کی زوجہ اللہ داد ھاڑا کی والدہ محترمہ اور غلام رسول ھاڑا مبارک خان ھاڑا کی چچی کے انتقال پر بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما حاجی اللہ بخش فرید دلاری فرید دلاری و دیگر تعزیت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کی زیر صدارت صارفین کے قوانین کے نفاذ سے متعلق آگاہی سیمینار

سروس فراہم کنندگان کی ذمہ داریوں اور صارفین کے قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے حوالے سے آگاہ کیا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کی زیر صدارت صارفین کے قوانین کے نفاذ سے متعلق آگاہی سیمینار، صارفین کے حقوق کے تحفظ پر زور ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی زیر صدارت 12 جولائی 2024 کے عدالتی حکم کے مطابق صارفین کے قوانین کے مؤثر نفاذ اور عوام میں صارفین کے حقوق سے متعلق آگاہی کے حوالے سے دربار ہال مکلی میں آگاہی سیمینار منعقد ہوا۔ سیمینار میں شرکا کو صارفین کے حقوق، تاجروں اور سروس فراہم کنندگان کی ذمہ داریوں اور صارفین کے قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت نے کہا کہ صارفین کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا بنیادی مقصد عام شہریوں کو ان کے قانونی حقوق سے آگاہ کرنا، انہیں معیاری اشیا اور خدمات کی فراہمی یقینی بنانا اور تاجروں و سروس فراہم کنندگان کو ان کی قانونی ذمہ داریوں کا پابند بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مارکیٹ کمیٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کا دورہ کیا جائے اور دکانداروں کو ریٹ لسٹ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اسے نمایاں جگہ پر آویزاں کرنے کو یقینی بنایا جائے، تاکہ صارفین کو اشیا کی مقررہ قیمتوں سے متعلق مکمل آگاہی حاصل ہو۔ انہوں نے متعلقہ محکموں، بالخصوص اسسٹنٹ کمشنرز اور فوڈ اتھارٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ مارکیٹوں، ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور دکانوں کے باقاعدگی سے دورے کریں اور غیر معیاری اشیا کی فروخت، ناجائز منافع خوری اور اوور چارجنگ کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کی شکایت پر غیر معیاری اشیا فروخت کرنے یا مقررہ نرخ سے زائد وصولی کرنے والوں کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت نے صارفین سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ خریداری کے وقت لازمی طور پر بل حاصل کریں اور کسی بھی غیر معیاری اشیا کی فروخت، مقررہ نرخ سے زائد وصولی یا اوور چارجنگ کی صورت میں متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر کو تحریری شکایت درج کرائیں تاکہ شکایت کی فوری جانچ پڑتال کر کے ذمہ دار دکاندار کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور صارف کی شکایت کا ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صارفین بھی اپنے حقوق سے آگاہ رہیں اور خریداری کے وقت اشیا کا معیار، قیمت اور ریٹ لسٹ ضرور چیک کریں

فیصل آباد، جھمرہ میں سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ مقابلے میں اجرتی قاتل ہلاک

فیصل آباد (این این آئی) جھمرہ کے علاقے میں سی سی ڈی اور ملزمان کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم کی شناخت سفیان کے نام سے ہوئی ہے، جسے مبینہ طور پر اجرتی قاتل بتایا جاتا ہے، سی سی ڈی ٹیم ملزمان کی گرفتاری کیلئے جارہی تھی کہ راستے میں ملزمان سے آمنا سامنا ہوگیا۔ اس دوران دونوں جانب سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں ٹارگٹ کلر سفیان ہلاک ہوگیا، ہلاک ملزم مبینہ طور پر بدنام زمانہ سکھ گینگ کا متحرک رکن تھا اور درجنوں قتل سمیت دیگر سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم کی لاش قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی گئی ہے،

ٹوبہ ٹیک سنگھ، سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) سی سی ڈی ٹوبہ ٹیک سنگھ اور ملزمان کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک ملزم ہلاک اور 2 ساتھی فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق سی سی ڈی ٹیم پر دورانِ گشت ملزمان نے فائرنگ کر دی، فورس کی جانب سے جوابی کارروائی کی گئی، جس کے نتیجے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا

حب، پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے ضلعی رہنما صالح محمد برفت کی اہلیہ، یار محمد برفت، حب پریس کلب کے رابطہ سیکریٹری روزنامہ بولان حب کے رپورٹر لعل محمد برفت اور رئیس نواز علی برفت ایڈووکیٹ کی بھابھی کے انتقال پر حب پریس کلب کے صدر محمد الیاس کمبوہ سینئر یار محمد بروہی شاہ رخ کمبوہ لسبیلہ پریس کلب کے راو اختر حسن رند اور مرتضیٰ شیخ سمیت دیگر تعزیت کر رہے ہیں

سوراب: سکولوں کے اضافی کمروں کی تعمیر کے لیے قائم کمیونٹی کمیٹیوں میں بے ضابطگیوں کا الزام

سول سوسائٹی گدر مختلف کلیوں کے عمائدین کے ہمراہ پرامن احتجاج اور پریس کانفرنس کرے گی

سوراب (نامہ نگار) سول سوسائٹی گدر کے ترجمان نے الزام عائد کیا ہے کہ ضلع سوراب میں محکمہ تعلیم کی جانب سے مختلف پرائمری اور مڈل سکولوں کے لیے منظور شدہ اضافی کمروں کی تعمیر کے سلسلے میں قائم کی گئی کمیونٹی کمیٹیوں میں مبینہ طور پر سنگین بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں۔ ترجمان کے مطابق پالیسی کے تحت کمیونٹی کمیٹی کا چیئرمین متعلقہ کلی یا گاؤں کا مستقل رہائشی اور غیر سرکاری شخص ہونا چاہیے، تاکہ مقامی افراد اپنے سکول کی تعمیر اور دیگر معاملات کی مؤثر نگرانی کر سکیں۔ تاہم، ان کے بقول محکمہ تعلیم سوراب کے بعض ذمہ داران نے مبینہ طور پر آپسی ڈیلنگ اور ملی بھگت کے ذریعے مختلف کلیوں میں باہر کے افراد اور حاضر سروس سرکاری ملازمین کو کمیونٹی کمیٹیوں کا چیئرمین مقرر کیا ہے۔ سول سوسائٹی گدر کے ترجمان نے دعویٰ کیا کہ سرکاری ملازمین کو کمیونٹی کمیٹی کا چیئرمین مقرر کرنا بلوچستان PTSMC رولز 2019 اور کمیونٹی پارٹیسپیشن SOP کی خلاف ورزی ہے، جس سے تعمیراتی فنڈز کے شفاف استعمال اور مقامی کمیونٹی کی نگرانی کا مقصد متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ترجمان نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ڈپٹی کمشنر سوراب معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام کمیونٹی کمیٹیوں اور ان کے چیئرمینوں کی فہرست طلب کر کے تحقیقات کرائیں۔ انہوں نے سیکرٹری تعلیم بلوچستان اور ڈائریکٹر سکولز سے بھی مطالبہ کیا

مودی سرکار میں ادارہ جاتی بحران، چیف الیکشن کمشنر کو نوجوانوں کی مخالفت کا سامنا

نئی دہلی (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے خلاف بے ضابطگیوں کی رپورٹس کے بعد بھارتی الیکشن کمیشن کو شدید عدم اعتماد کا سامنا ہے۔ بھارتی الیکشن کمیشن کا بی جے پی کو فائدہ پہنچانے کے لیے ایس آئی آر کے ذریعے ووٹرز خارج کرنے پر نوجوان ایک بار پھر میدان میں آگئے، برطانوی نشریاتی ادارہ کے مطابق مودی کے کٹھ پتلی چیف الیکشن کمشنر کی ہیرا پھیری نے بھارت میں نام نہاد جمہوریت کے دعوں کا پول کھول دیا، بھارتی جریدہ ہندوستان ٹائمز کے مطابق منی پور کے مسیحی اکثریتی علاقوں میں ایس آئی آر سے ایک لاکھ 58 ہزار 677 ووٹر نام حذف ہونے سے امتیازی فرق سامنے آگیا۔

ٹھٹھہ پولیس کا کامیاب پولیس مقابلہ کرمنل گینگ برسٹ

گرفتار ملزمان کے خلاف ضابطے کے مطابق مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ پولیس کا کامیاب پولیس مقابلہ کرمنل گینگ برسٹ۔ پولیس مقابلے کے دوران بائیک سنیچنگ تھیفٹ سمیت سنگین قسم کی وارداتوں میں ملوث دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، جرائم میں استعمال کی گئیں دو پسٹل، دو موٹر سائیکل، ایک موبائل فون برآمد ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ایس ایچ او تھانہ گھارو سب انسپیکٹر فدا خاصخیلی بمعہ اسٹاف نے دوران گشت تھانہ گھارو کی حدود ھالیجی لنک روڈ شاہین فارم کے قریب پولیس مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں پولیس نے دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت: 1- عامر ولد غلام نبی چانڈیو رہائشی گھارو - 2 عبد الخالق عرف ابو ولد لطف چانڈیو رہائشی گھارو کے طور پر ہوئی ہے۔ ملزمان کے قبضے سے جرائم میں استعمال کی گئی دو پسٹل، دو موٹر سائیکل، ایک موبائل فون برآمد کر لیے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف ضابطے کے مطابق مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے، جبکہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور وارداتوں میں ملوث ہونے کے حوالے سے بھی تفتیش جاری ہیں۔ ملزمان کا کرمنل ریکارڈ حاصل کیا جا رہا ہے۔

ماہر نفسیات سیدہ قرۃ العین شاہ، کی سیف ہاس کے حوالے سے یونیورسٹی میں زیر تعلیم شاگردوں کو بریفنگ دے رہی ہیں۔

سوراب میں چور بے لگام، شہری خوفزدہ کلی سرخ میں رات گئے بڑی ڈکیتی

13 تولہ سونا، 38 لاکھ نقدی اور 15 موبائل فون لوٹ لیے گئے

سوراب (نامہ نگار) کلی سرخ میں گزشتہ رات تقریباً 3 بجے نامعلوم مسلح افراد نے حاجی مولا بخش میروانی کے گھر میں داخل ہو کر اہل خانہ کو مبینہ طور پر یرغمال بنا لیا اور لاکھوں روپے مالیت کا سونا، نقدی، موبائل فونز اور دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔ متاثرہ خاندان کے مطابق ملزمان دیوار پھلانگ کر گھر میں داخل ہوئے اور اسلحے کے زور پر گھر میں موجود تمام افراد سے موبائل فونز چھین لیے۔ ملزمان نے مردوں اور خواتین کو الگ الگ کمروں میں بند کر دیا، جبکہ گھر کی الماریوں کے تالے توڑ کر 13 تولہ سونا، تقریباً 38 لاکھ روپے نقد، ایک پسٹل اور 15 موبائل فونز اپنے قبضے میں لے لیے۔ متاثرہ خاندان کے مطابق لوٹے گئے 13 تولہ سونے کی موجودہ مارکیٹ مالیت تقریباً 57 لاکھ روپے بنتی ہے، تاہم سونے کی حتمی مالیت کا تعین متعلقہ سطح پر کیا جا سکتا ہے۔ دوسری جانب اسی رات کلی سرخ میں گزشتہ دنوں ڈکیتی کا نشانہ بننے والی ایک دکان پر بھی نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کیے جانے کی اطلاع ہے، جس کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سوراب، کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر واقع ساروان ہوٹل میں بھی مسلح افراد کی جانب سے مبینہ واردات کی گئی، جہاں ایک موٹر سائیکل اور ہوٹل میں موجود افراد سے نقد رقم چھیننے کی اطلاعات سامنے آئی تھیں۔ ہوٹل مالک کے مطابق ملزمان مبینہ طور پر تقریباً دو گھنٹے تک ہوٹل میں موجود رہے۔

بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ، پیپلز یوتھ آرگنائزیشن سکھر کے زیر اہتمام کیک کاٹنے کی تقریب

منتخب نمائندگان، پارٹی عہدیداران اور جیالوں کی بڑی تعداد میں شرکت، بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی جدوجہد کو خراج تحسین

سکھر (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے موقع پر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ضلع سکھر کے زیر اہتمام غازی بینکوئٹ ہال، ایئرپورٹ روڈ سکھر میں پروقار کیک کاٹنے کی تقریب منعقد کی گئی، جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے منتخب نمائندگان، ضلعی و سٹی تنظیموں کے عہدیداران، ذیلی تنظیموں کے نمائندگان، لیڈیز ونگ کی کارکنان اور پارٹی کے جیالوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی چیئرمین ضلع کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ اور پاکستان پیپلز پارٹی سٹی سکھر کے صدر و ڈپٹی میئر سکھر ڈاکٹر ارشد مغل تھے، جبکہ تقریب میں سکھر کے تینوں ٹاؤنز کے چیئرمین و وائس چیئرمین، یونین کونسلز کے چیئرمین، پارٹی کے ضلعی و سٹی عہدیداران اور مختلف ذیلی تنظیموں کے رہنماؤں و کارکنان نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران پارٹی کارکنان نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر پارٹی رہنماؤں اور کارکنان نے بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی جدوجہد، جمہوری سیاست کے فروغ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ تقریب میں موجود جیالوں نے پارٹی قیادت کے حق میں نعرے بھی لگائے

اوستہ محمد پولیس کی مؤثر بلاک ریڈ کارروائیاں دو ملزمان گرفتار ٹی ٹی پستول اور شراب برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی مؤثر بلاک ریڈ کارروائیاں دو ملزمان گرفتار ٹی ٹی پسٹل اور شراب برآمد تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد، حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات پر ایس ڈی پی او اوستہ محمد، محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی سی ائی اے انچارج کرم حسین ببر ایگل مددگار فورس کے انچارج شاہنواز کھوسہ نے شہر کے مختلف مقامات پر بھاری پولیس نفری کے ہمراہ دورانِ بلاک ریڈ ملزم محمد یوسف ولد احمد، قوم ببر، ساکن گڑھی خیرو سندھ کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضہ سے بغیر لائسنس پسٹل اور ایمونیشن برآمد ہوا۔ مقدمہ 136/26 بجرم 15-E آرمز ایکٹ کے تحت درج کر لیا گیا

کراچی، غیر رجسٹرڈ ادویات، کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر 4 ملزمان گرفتار

بڑی مقدار میں غیر رجسٹرڈ جعلی ادویات اور کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر مبنی مواد برآمد کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے غیر رجسٹرڈ ادویات اور کاپی رائٹ کی خلاف ورزی کے خلاف کارروائیوں کے دوران 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے غیر قانونی ادویات کی فروخت اور رجسٹرڈ کاپی رائٹ کی خلاف ورزی کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے بڑی مقدار میں غیر رجسٹرڈ مبینہ جعلی ادویات اور کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر مبنی مواد برآمد کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قابل اعتماد اطلاع پر ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی کی ٹیم نیڈریپ کے ہمراہ کلفٹن، ڈیفنس فیز 7 کراچی اور بلاول چورنگی کے قریب واقع فارمیسی میں کارروائیاں کیں، کارروائی کے دوران مختلف بین الاقوامی برانڈز کی غیر رجسٹرڈ اور غیر مجاز ادویات بڑی مقدار میں برآمد کی گئیں۔

ٹھٹھہ، ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضیاالدین یونیورسٹی سکھر کیمپس میں عالمی یومِ فارماسسٹ کی تقریب منعقد

ڈائریکٹر ہیلتھ سکھر ڈویژن ڈاکٹر فرخ امتیاز بھنبھرو نے بطور خصوصی مہمان شرکت کی

سکھر (نمائندہ بولان) ضیاالدین یونیورسٹی سکھر کیمپس میں عالمی یوم فارماسسٹ کے حوالے سے ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس میں ڈائریکٹر ہیلتھ سکھر ڈویژن ڈاکٹر فرخ امتیاز بھنبھرو نے بطور خصوصی مہمان شرکت کی۔ تقریب میں طلبہ، فیکلٹی اور یونیورسٹی انتظامیہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب سے ایڈیشنل رجسٹرار خراسانی، پرنسپل فارمیسی اسکول ڈاکٹر عائشہ، ڈی ایم ایس ڈاکٹر سیمی اور صوبائی ڈرگ انسپکٹر لاڑکانہ صاحب خان میرانی نے خطاب کیا اور صحت کے شعبے میں فارماسسٹ کے اہم کردار، ادویات کے محفوظ استعمال اور مریضوں کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی پر روشنی ڈالی۔ ڈائریکٹر ہیلتھ سکھر ڈویژن ڈاکٹر فرخ امتیاز بھنبھرو نے اپنے خطاب میں فارماسسٹ کے اہم کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی مؤثر دستیابی، مناسب اسٹوریج اور درست استعمال کو یقینی بنانے میں فارماسسٹ کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے بن کارڈز کی باقاعدہ تکمیل، ادویات کے اسٹاک کا درست ریکارڈ، میڈیکل اسٹورز کی سخت چیکنگ و مانیٹرنگ، زائد المعیاد ادویات کی بروقت نشاندہی اور مناسب طریقے سے تلفی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے فارمیسی کے طلبہ کو مستقبل میں دیانت داری، پیشہ ورانہ اخلاقیات، محنت، خلوص اور مریضوں کی خدمت کو اپنی ترجیحات بنانے کی تلقین کی۔ بعدازاں رجسٹرار اور پرنسپل نے ڈائریکٹر ہیلتھ کو نرسنگ اسکول کے نظام اور تعلیمی سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی۔

حب سٹی تھانے کے ایس ایچ او پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال کا الزام

شہریوں کو ہراساں کرنے اور مبینہ طور پر مکان خالی کروانے کا انکشاف

حب (نمائندہ بولان) حب سٹی تھانے کے ایس ایچ او پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال کا الزام شہریوں کو ہراساں کرنے اور مبینہ طور پر مکان خالی کروانے کا انکشاف، سٹی حدود میں چھینا جھپٹی، قتل و غارت گری، منشیات کے اڈوں اور دیگر جرائم پر بھی تشویش، جرائم پیشہ عناصر دندناتے پھر رہے ہیں، حب سٹی تھانے کے ایس ایچ او پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال اور شہریوں کو بلا جواز ہراساں کرنے کے الزامات سامنے آئے ہیں، مقامی رہائشی کے مطابق ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری مبینہ طور پر قانون نافذ کرنے کی بنیادی ذمہ داریوں سے ہٹ کر نجی تنازعات میں مداخلت کرتے ہوئے شہریوں کے مکانات زبردستی خالی کروانے کی کوشش کر رہے ہیں، جس پر متاثرین اور اہل علاقہ میں شدید تشویش پائی جاتی ہے، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ کسی بھی مکان یا جائیداد سے متعلق تنازع کو قانون کے مطابق حل کرنے کے لیے واضح طریقہ کار موجود ہے، جبکہ کسی شہری کو مکان یا جائیداد سے بے دخل کرنے کے لیے متعلقہ قانونی دستاویزات یا مجاز عدالت کا حکم ضروری ہوتا ہے، شہریوں کے مطابق اگر کسی عدالتی حکم یا قانونی جواز کے بغیر مکان خالی کروانے کی کوشش کی جا رہی ہے،

ایچ ای سی نے ریسرچ ایوارڈز 2026-27 کا اعلان کر دیا

بہترین اشاعت کے ایوارڈ کے تحت 10 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائیگا

لاہور (این این آئی) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے ریسرچ ایوارڈز 2026-27 کا اعلان کر دیا، بہترین اشاعت کے ایوارڈ کے تحت 10 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائے گا۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے پاکستان بھر کے محققین، اساتذہ اور اسکالرز سے اپنے باوقار ریسرچ ایوارڈ 202627 کے لیے باضابطہ درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ ان ایوارڈز کا بنیادی مقصد فکری و سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والے محققین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ایچ ای سی حکام کے مطابق ایوارڈز مقابلے کو 3 بنیادی کیٹیگریز: بہترین ریسرچر، بہترین ینگ ریسرچر اور بہترین پبلیکیشن میں تقسیم کیا گیا ہے، کامیابی حاصل کرنے والے محققین کو سرٹیفکیٹس کے ساتھ ساتھ نقد انعامات سے بھی نوازا جائے گا۔

احساسِ بے زبان صحت گاڑی منصوبے کا افتتاح

پروگرام کے تحت 145 موبائل ویٹرنری کلینکس اور 27 موبائل لیبارٹری ٹیسٹنگ یونٹس قائم کیے گئے ہیں، سہیل آفریدی

احساسِ بے زبان صحت گاڑی محض ایک موبائل ویٹرنری سروس نہیں، ایک سوچ، احساس اور عہد ہے، مقصد صرف جانوروں کا علاج نہیں، بیماریوں کی روک تھام اور مویشیوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ بھی ہے، تقریب سے خطاب

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے مویشیوں کی صحت، مویشی پالنے والے کسانوں کی خوشحالی اور دیہی معیشت کے استحکام کے لیے 2.6 ارب روپے کی لاگت سے شروع کیے گئے ''احساسِ بے زبان صحت گاڑی'' منصوبے کا افتتاح کر دیا۔ منصوبے کے حوالے سے بریفنگ میں بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت 145 موبائل ویٹرنری کلینکس اور 27 موبائل لیبارٹری ٹیسٹنگ یونٹس قائم کیے گئے ہیں، جبکہ 202 ویٹرنری ڈاکٹرز اور اسسٹنٹس کی فراہمی بھی منصوبے میں شامل ہے۔ موبائل کلینکس تحصیل کی سطح پر جانوروں کی ویکسینیشن، تشخیص، علاج اور ہنگامی ویٹرنری خدمات فراہم کریں گے، جس سے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں مویشی پالنے والے کسانوں کو بھی جدید ویٹرنری سہولیات تک رسائی حاصل ہوگی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ موبائل ویٹرنری نیٹ ورک کو مرکزی ڈیجیٹل ڈیش بورڈ سے منسلک کیا جائے گا، جس کے ذریعے خدمات کی نگرانی اور انتظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ موبائل ملک کوالٹی ٹیسٹنگ لیبارٹریز دودھ کے معیار کی نگرانی، ملاوٹ اور مضر صحت آلودگیوں کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کریں گی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ ''احساسِ بے زبان صحت گاڑی'' محض ایک موبائل ویٹرنری سروس نہیں بلکہ ایک سوچ، احساس اور عہد ہے۔ کوئی بھی کسان جغرافیائی فاصلے یا علاقے کی وجہ سے معیاری ویٹرنری سہولیات سے محروم نہیں رہے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بے زبان جانوروں کو بیماری، عدم نگہداشت اور طبی سہولیات کی عدم دستیابی کی مشکلات سے بچانا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہمارا مقصد صرف جانوروں کا علاج نہیں بلکہ بیماریوں کی روک تھام اور مویشیوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے لاکھوں خاندانوں کے لیے مویشی آمدن، غذائیت اور مالی استحکام کا اہم ذریعہ ہیں۔ مویشی پالنے والے کسانوں کو جدید، معیاری اور بروقت سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ انہیں جانوروں کے علاج اور نگہداشت کے لیے دور دراز علاقوں کا سفر نہ کرنا پڑے۔ کسان خاندانوں کی آمدن میں بہتری کے لیے لائیو سٹاک کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ موبائل ملک کوالٹی ٹیسٹنگ لیبارٹریز دودھ کے معیار کی نگرانی میں اہم کردار ادا کریں گی اور دودھ میں ملاوٹ اور مضر آلودگیوں کی بروقت نشاندہی میں مؤثر سہولت فراہم کریں گی۔ وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ صحت مند مویشی بہتر پیداوار اور کسان خاندانوں کے لیے زیادہ آمدن کا ذریعہ بنیں گے۔ ہمارا مقصد ایسا خیبر پختونخوا ہے جہاں کسان خوشحال، دیہی معیشت مضبوط، مویشی صحت مند اور عوام کو محفوظ و معیاری خوراک میسر ہو۔

ڈی پی او باجوڑ کا پولیس لائنز باجوڑ میں اسلحہ کوت کا دورہ، سرکاری اسلحہ و ایمونیشن کا معائنہ کیا

باجوڑ (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر باجوڑ خان زیب مہمند نے ایس پی انویسٹی گیشن باجوڑ اجمل خان کے ہمراہ پولیس لائنز باجوڑ میں اسلحہ کوت کا اچانک دورہ کیا اور وہاں موجود سرکاری اسلحہ و ایمونیشن کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ڈی پی او نے اسلحہ و ایمونیشن کے ریکارڈ، حفاظت اور دیکھ بھال کا جائزہ لیا اور اسلحہ کوت پر تعینات پولیس اہلکاروں کو ریکارڈ کی بروقت تکمیل، اسلحہ و ایمونیشن کی حفاظت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔

ریلوے میں بغیر ٹکٹ سفر کی حوصلہ شکنی کے لیے چیکنگ جاری رہے گی، سی سی ایم ڈی آئی ایس ٹی صابر علی خان

مسافروں کو سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ریلوے کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے چیکنگ کا عمل جاری رکھا جائے گا

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) پاکستان ریلوے میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کی حوصلہ شکنی اور ریلوے قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے مختلف ٹرینوں میں ٹکٹ چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں سی سی ایم ڈی آئی ایس ٹی صابر علی خان نے مختلف ٹرینوں میں ٹکٹوں کی چیکنگ کی اور مسافروں کے سفری ٹکٹوں کا جائزہ لیا اس موقع پر سی سی ایم ڈی آئی ایس ٹی صابر علی خان نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلوے کے اعلیٰ حکام کی ہدایات پر ٹرینوں میں ٹکٹ چیکنگ کا عمل مسلسل جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلوے محمد حفیظ اللہ اور چیف کمرشل مینیجر طارق انور سپرا کی ہدایات کے مطابق ٹکٹوں کی چیکنگ اور نگرانی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے سی سی ایم ڈی آئی ایس ٹی صابر علی خان نے کہا کہ ٹرینوں میں سفر کرنے والے تمام مسافروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ سفر سے قبل باقاعدہ ٹکٹ حاصل کریں اور ریلوے قوانین کی پابندی کریں۔ بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی، جبکہ مسافروں کو سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ریلوے کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے چیکنگ کا عمل جاری رکھا جائے گا

یونین کونسل 9 میں بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی پروقار تقریب، کیک کاٹا گیا

یونین کونسل 9 میں بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی پروقار تقریب، کیک کاٹا گیا

کارکنوں، منتخب نمائندوں اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت، درازی عمر، صحت و کامیابی کے لیے دعا

سکھر (نمائندہ بولان) ٹاؤن کمیٹی نثار احمد صدیقی سکھر کی یونین کونسل نمبر 9 میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے موقع پر یونین کونسل آفس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا اہتمام یونین کونسل نمبر 9 کے چیئرمین غلام شبیر چوہان کی جانب سے کیا گیا، جس میں پارٹی کارکنوں، منتخب بلدیاتی نمائندوں، علاقے کے معززین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران چیئرمین یونین کونسل غلام شبیر چوہان اور دیگر شرکا نے بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور انہیں سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر شرکا نے پاکستان پیپلز پارٹی کے حق میں نعرے بھی لگائے اور ایک دوسرے کو کیک کھلا کر خوشی کا اظہار کیا۔ تقریب میں یونین کونسل کے وائس چیئرمین امتیاز ملک، جنرل کونسلر دیدار علی چوہان، غضنفر انصاری ایڈووکیٹ، امیر علی چاچڑ، خادم حسین ملک، عبدالواحد ملک سمیت دیگر معززین، پیپلز پارٹی کے کارکنوں اور شہریوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین غلام شبیر چوہان اور دیگر مقررین نے بلاول بھٹو زرداری کے لیے درازی عمر، صحت و تندرستی اور کامیابی کی دعا کی۔

غیر ملکی لڑکی سے مبینہ زیادتی کیس، تفتیش میں نئے انکشاف

لاہور (این این آئی) لاہور میں مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بننے والی غیر ملکی لڑکی کے کیس میں تفتیش کے دوران نئے انکشافات سامنے آگئے ہیں۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق غیر ملکی لڑکی ڈیانا سے مبینہ زیادتی کے کیس میں گرفتار مسکان نے تفتیش میں نئے انکشافات کیے ہیں اور کہا ہے کہ ڈیانا محسن کے ساتھ کمرے میں گئی تو باقی دوستوں نے 45 ہزار پکڑا دیئے تھے۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق مسکان نے بتایا کہ ڈیانا کمرے سے باہر نکلی تو دونوں جا چکی تھیں

حب، آل حب لسبیلہ کراچی شہداء پولیس فٹ بال ٹورنامنٹ مہمان خاص ڈی ایس پی ٹریفک پولیس گل حسن پندرانی کا ٹیموں کے ہمراہ گروپ فوٹو

سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب عہدیداران نے چارج سنبھال لیا

باہمی مشاورت اور مشترکہ کاوشوں سے سکھر کی کاروباری و صنعتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جائے گا

سکھر (نمائندہ بولان) سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب عہدیداران نے چارج سنبھال لیا سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب صدر محمد یعقوب ملک، سینئر نائب صدر عبدالمجید قریشی، نائب صدر شہزاد شیوانی اور اراکینِ مجلسِ انتظامیہ نے اپنے عہدوں کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر سکھر چیمبر کے سابق صدور محمد دین، انجینئر عبدالفتاح شیخ، عامر علی خان غوری، محمد رضوان الحق ملک اور محمد خالد کاکیزئی سمیت مجلسِ انتظامیہ کے نو منتخب و دیگر اراکین نے شرکت کی اور نئی قیادت کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نو منتخب عہدیداران نے کہا کہ سکھر چیمبر اپنی فعال اور مؤثر کاروباری سرگرمیوں کے باعث نہ صرف سکھر بلکہ پاکستان بھر میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر کی موجودہ ساکھ اور روایات کو مزید مستحکم کرتے ہوئے کاروباری برادری کے مسائل کے حل، صنعت و تجارت کے فروغ اور خطے کی معاشی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔

قمبر میں مسلح ملزمان کی اندھا دھند فائرنگ میں ایک نوجوان عورت اپنے سابقہ شوہر کے ہاتھوں قتل

نوجوان شادی شدہ عورت عائشہ خاتون نے گھریلو معاملات و مسائل پر اپنے شوہر ایاز مغیری سے خلع لینے کیلئے قمبر کی فیملی کورٹ میں درخواست دائر کی تھی

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) قمبر میں مسلح ملزمان کی اندھا دھند فائرنگ میں ایک نوجوان عورت اپنے سابقہ شوہر کے ہاتھوں قتل جبکہ ان کی ماں اور بھائی شدید زخمی گھر میں سخت کہرام برپا۔ تفصیلات کے مطابق قمبر کے گاں محمد علی گرامانی کی رہائشی عورت عائشہ گرامانی گھریلو مسائل پر آج اپنے شوہر سے عدالت کے ذریعے خلع لیکر اپنی والدہ زبیدہ خاتون اور اپنے بھائی اسد اللہ چانڈیو کے ہمراہ موٹر سائیکل پر اپنے گاں واپس جا رہی تھی۔ کہ ان کے سابق شوہر ایاز مغیری نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ان کا تعاقب کر کے قمبر بیر شریف روڈ پر حملہ کر کے موٹر سائیکل سواروں کے اوپر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ جس کے نتیجے میں نوجوان عورت عائشہ خاتون، ان کی عمر رسیدہ والدہ زبیدہ خاتون اور بھائی اسد اللہ گرامانی چانڈیو شدید زخمی ہوگئے۔ جن کو فوری طور پر علاج کیلئے قمبر کی ڈی ایچ کیو اسپتال لایا گیا جہاں حالت تشویشناک ہونے کے باعث ان کو لاڑکانہ اسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر نوجوان عورت عائشہ خاتون زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہوگئی،

کوہاٹ، لیبارٹری ری ایجنٹس کی خریداری میں مبینہ غبن، خرد برد، نیب انکوائری شروع

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی اضلاع سمیت خیبر پختونخوا کے سرکاری ہسپتالوں میں لیبارٹری ری ایجنٹس، کیمیکلز اور دیگر متعلقہ اشیا کی خریداری میں مبینہ بدعنوانی، غبن اور خرد برد کے الزامات کی تحقیقات کے سلسلے میں قومی احتساب بیورو (نیب) نے محکمہ صحت سے متعلقہ ریکارڈ طلب کر لیا ہے۔ محکمہ صحت خیبر پختونخوا کے جاری کردہ مراسلے کے مطابق نیب خیبر پختونخوا کی جانب سے محکمہ صحت کے افسران و اہلکاروں سمیت دیگر افراد کے خلاف مالی سال 24-2021 کے دوران لیبارٹری ری ایجنٹس کی خریداری میں مبینہ بدعنوانی، بدعنوان طریقہ کار، بے ضابطگیوں اور خرد برد سے متعلق انکوائری جاری ہے۔

خان یونس پر اسرائیلی حملے، معروف صحافی محمد عبدالعزیز النجر شہید

خان یونس (این این آئی) جنگ بندی معاہدے کی مسلسل خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے غزہ پر اسرائیلی فوج کے حملے جاری ہیں۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق غزہ کے جنوبی علاقے خان یونس کے علاقے المواسی پر اسرائیلی فوج کی جانب سے بمباری کی گئی۔ اسرائیل کے فضائی حملے میں معروف صحافی محمد عبدالعزیز النجر شہید ہوگئے۔

حب، آل حب لسبیلہ کراچی شہداء پولیس فٹ بال ٹورنامنٹ مہمان خاص ڈی ایس پی ٹریفک پولیس گل حسن پندرانی کو ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر حب روایتی اجرک پہنا کر استقبال کر رہے ہیں

آل حب لسبیلہ کراچی شہدا پولیس فٹ بال ٹورنامنٹ

سنسنی خیز میچ استاد سبزل میموریل کلب حب اور لوہانی اسپورٹس کراچی کے درمیان کھیلا گیا

حب (پ ر) آل حب لسبیلہ کراچی شہدا پولیس فٹ بال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں جام میر غلام قادر فٹ بال اسٹیڈیم حب میں ایک شاندار اور سنسنی خیز میچ استاد سبزل میموریل کلب حب اور لوہانی اسپورٹس کراچی کے درمیان کھیلا گیا، جس میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین کو بھرپور تفریح فراہم کی۔ سخت مقابلے کے بعد استاد سبزل میموریل کلب حب نے لوہانی اسپورٹس کراچی کو صفر کے مقابلے میں ایک گول سے شکست دے کر اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ میچ کے آغاز سے ہی دونوں ٹیموں نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے ایک دوسرے کے گول پوسٹ پر حملے کیے، استاد سبزل میموریل کلب حب کے کھلاڑیوں نے عمدہ پاسنگ، بہترین دفاع اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے کھیل پر اپنی گرفت مضبوط رکھنے کی کوشش کی، جبکہ لوہانی اسپورٹس کراچی کی ٹیم نے بھی بھرپور مزاحمت کرتے ہوئے کئی مرتبہ گول کرنے کے مواقع پیدا کیے، تاہم دونوں جانب کے دفاعی کھلاڑیوں اور گول کیپرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعدد یقینی حملوں کو ناکام بنایا، میچ کے دوران استاد سبزل میموریل کلب حب نے ایک خوبصورت گول اسکور کر کے برتری حاصل کر لی، جو میچ کے اختتام تک برقرار رہی، لوہانی اسپورٹس کراچی نے مقابلہ برابر کرنے کی بھرپور کوشش کی

سندھ میں مزید 2 بچے ریبیز کا شکار، مجموعی اموات 37 ہو گئیں

کراچی (این این آئی) سندھ میں ریبیز کے باعث مزید 2 بچے انتقال کر گئے جس کے بعد صوبے میں ریبیز سے ہونے والی مجموعی اموات کی تعداد 37 ہوگئی۔ ہسپتال حکام کے مطابق انڈس ہسپتال کراچی میں ریبیز کے باعث مزید 2 بچوں کی موت ہوئی، 6 سالہ بچی ابیہہ دختر نعمان ریبیز کا شکار ہو کر ہسپتال پہنچی تھی، جس کا تعلق ایئرپورٹ روڈ لطیف آباد، ضلع حیدرآباد سے تھا۔ حکام کے مطابق 4 سالہ بچہ وقار پسر سلطان بھی ریبیز کا شکار ہونے کے بعد انڈس ہسپتال لایا گیا، بچے کا تعلق گاں راضی خان، ضلع دادو سے تھا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جمعہ 2 اکتوبر 2026، بمطابق 19 ربیع الثانی 1448ھ

پاکستان معاشی بحران سے باہر آچکا، شرح نمو 2.8 فیصد رہے گی: عالمی بینک

پاکستان کا پاور سیکٹر اقتصادی ترقی میں رکاوٹ بنا اور پاور جنریشن میں جدید ٹیکنالوجی کا فقدان رہا، مہنگائی کی شرح کم ہوئی ہے تاہم پاور سیکٹر کا گردشی قرض مسئلہ ہے۔ پاکستان میں ایکسچینج ریٹ میں استحکام آیا ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوئے ہیں

رواں مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ کا تخمینہ 2.8 فیصد، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا تخمینہ 0.6 فیصد ہے، مالی خسارے کا تخمینہ جی ڈی پی کا 7.6 فیصد ہے۔ پاکستان میں لیبرفورس میں خواتین کا تناسب جنوبی ایشیا میں سب سے کم ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ بینک نے کہا ہے کہ پاکستان کا پاور سیکٹر اقتصادی ترقی میں رکاوٹ بنا، تاہم پاکستان معاشی بحران سے باہر آ گیا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر بھی بہتر ہوئے ہیں۔ عالمی بینک نے پاکستان ڈویلپمنٹ اپ ڈیٹ پاور سیکٹر ڈسٹری بیوشن اصلاحات رپورٹ 2024 جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ کا تخمینہ 2.8 فیصد ہے جبکہ رواں مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا تخمینہ 0.6 فیصد ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مالی خسارے کا تخمینہ جی ڈی پی کا 7.6 فیصد ہے۔ پاکستان میں لیبرفورس میں خواتین کا تناسب جنوبی ایشیا میں سب سے کم ہے۔ ورلڈ بینک نے کہا کہ پاکستان کا پاور سیکٹر اقتصادی ترقی میں رکاوٹ بنا اور پاور جنریشن میں جدید ٹیکنالوجی کا فقدان رہا۔ رپورٹ کے مطابق بجلی ترسیل اور تقسیم بھی ناقص منصوبہ بندی کا شکار رہی۔ مشرق وسطی کی صورتحال کے عالمی تجارت اور سرمایہ کاری پر اثرات کے حوالے سے ورلڈ بینک حکام نے کہا کہ بجلی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے نقائص نے بجلی کی قیمت بڑھا دی۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی ایشیائی ریجن میں آپس میں کم تجارت ہو رہی ہے جبکہ زیادہ تجارت ریجن سے باہر ہو رہی ہے، نہیں سمجھتے کہ خام تیل کی قیمتیں زیادہ عرصے تک اوپر جائیں گی۔ ورلڈ بینک حکام نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی بحران سے باہر آیا ہے اور معاشی ترقی 2.5 فیصد رہی جبکہ زرعی شعبے نے بھی ترقی کی ہے۔ مہنگائی کی شرح کم ہوئی ہے تاہم پاور سیکٹر کا گردشی قرض مسئلہ ہے۔ حکام نے کہا کہ پاکستان میں ایکسچینج ریٹ میں استحکام آیا ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوئے ہیں۔

مقامی گھی اور آئل کمپنیاں عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگیں

عالمی منڈی میں پام آئل کی قیمتوں میں بڑے پیمانے پر کمی کے باوجود مقامی کمپنیوں نے لوٹ سیل لگائی رکھی ہے

مکوآنہ (این این آئی) گول کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن کے صدر حاجی اسلم بھلی، نائب صدر محمد جاوید اسلم، جنرل سیکرٹری شیخ محمد فاضل، محمد ابوبکر، ایم سلیم پاشا، میاں صابر، علی مقصود اور دیگر نے عالمی منڈی میں پام آئل کی قیمتوں میں بڑے پیمانے پر کمی کے باوجود مقامی کمپنیوں کی جانب سے گھی اور آئل کی قیمتیں کم نہ کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے فی الفور نوٹس لینے کا مطالبہ کیا

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنے آفس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

پاکستان سے یورپی یونین کو غیر معیاری چاول برآمد کیے جانے کا انکشاف

چاول میں جعلی میٹریل زیادہ شامل، یورپی یونین نے ہمیں 100 سے زائد الرٹس بھیجے ہیں، رکن کمیٹی مرزا اختیار بیگ

پنجاب سے چاول کی ایک کنسائنمنٹ پر یورپی یونین نے وارننگ جاری کی، زرعی ونگز کیساتھ بیٹھ کر بات کرنے سے ہی ایکسپورٹ مسائل حل ہوں گے، خورشید جونیجو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سے یورپی یونین کو غیر معیاری اور جعلی چاول برآمد کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کا اجلاس محمد جاوید حنیف کی زیر صدارت ہوا جس میں یورپی یونین کی جانب سے پاکستانی چاول کی ایکسپورٹ پر اعتراضات کا معاملہ زیر بحث آیا۔ اجلاس میں کمیٹی کے رکن مرزا اختیار بیگ نے انکشاف کیا کہ پاکستان سے یورپی یونین کو غیر معیاری اور جعلی چاول کے برآمد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ یورپی یونین نے چاول کے حوالے سے پاکستان کو الرٹس جاری کی ہیں۔ مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ یورپی یونین نے ہمیں 100 سے زائد الرٹس بھیجے ہیں، یہ الرٹس اس لیے بھیجے گئے کیونکہ جعلی چاول سپلائی کیے جا رہے ہیں، مارکیٹس میں چاول میں جعلی میٹریل زیادہ شامل ہے۔ ہمیں دیکھنا ہوگا یہ چیزیں ہماری ناک کے نیچے سے کیسے گزر جاتی ہیں۔ رکن کمیٹی شرمیلا فاروقی نے کہا کہ یورپی یونین نے 2024 میں پاکستانی چاول پر 72 رکاوٹیں کھڑی کیں، پاکستان کے چاول کی ایکسپورٹ میں کوالٹی کے مسائل آ رہے ہیں، ابھی کہا جا رہا ہے کہ ایک اور نیشنل فوڈ سیفٹی اتھارٹی بنائی جا رہی ہے، بس اتھارٹیز بنتی جا رہی ہیں لیکن مسائل کا حل نہیں نکل رہا۔ سیکرٹری تجارت جواد پال نے کمیٹی میں بتایا کہ یورپی یونین سائیڈ سے کوئی وارننگ ایشو نہیں کی گئی، ایک ایسی چیز جو ہوئی ہی نہیں اس پر اتنا بڑا ایشو بنا دیا جاتا ہے۔ اجلاس میں خورشید جونیجو نے بتایا کہ پنجاب سے چاول کی ایک کنسائنمنٹ پر یورپی یونین نے وارننگ جاری کی ہے، زرعی ونگز کے ساتھ بیٹھ کر بات کرنے سے ہی ایکسپورٹ مسائل حل ہوں گے۔ مرزا اختیار بیگ نے اس موقع پر کہا کہ اس سال چاول کی بھرپور پیداوار ہوئی اور ایکسپورٹ بھی شاندار رہی۔ محکمہ تجارت کے حکام نے اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ صوبوں کے ساتھ مل کر چاول کی کوالٹی کے حوالے سے کام کر رہے ہیں۔ صوبوں کے ساتھ چاول کی کوالٹی کے حوالے سے ہم نے کافی میٹنگز کی ہیں۔ ایک اور رکن کمیٹی نے کہا کہ ابھی بنگلا دیش سے ٹی سی پی کو 50 ہزار ٹن چاول کا آرڈر ملا ہے، چاول کی کوالٹی کے حوالے سے مسائل کو جلد حل کرنا ہوں گے۔ قائمہ کمیٹی نے اگلی میٹنگ میں رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشنز کو بلانے کا فیصلہ کر لیا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ان تمام معاملات پر رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن سے تفصیلی بریفنگ لیں گے۔

سرمایہ کاری کیلئے سعودی حکومت اور بزنس کمیونٹی کی معاونت کریں گے: عبدالعلیم

پاکستان اور سعودی عرب کے مابین بزنس ٹو بزنس سرگرمیوں کے فروغ پر اتفاق، اہم ملاقاتیں

سعودی وزیر اور وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر کا اجلاس، حکومتی سطح پر مختلف اقدامات ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر سرمایہ کاری شیخ خالد بن عبدالعزیز الفالح کی قیادت میں 130 سرمایہ کاروں کے ہمراہ آئے، اعلیٰ سطحی وفد نے پاک سعودی بزنس فورم میں شرکت کی جبکہ ڈپٹی وزیر اعظم، وفاقی وزراء، بزنس کمیونٹی اور مالیاتی اداروں کے سینئر نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بزنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ، نجکاری اور مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے باہمی تعلقات لازوال اور یادگار ہیں اور سعودی حکومت کے تاریخی تعاون کے پاکستان کی معیشت پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے مابین ان رابطوں میں اضافے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بزنس فورم کو بزنس ٹو بزنس سرگرمیوں میں اضافے کے لئے اہم پلیٹ فارم قرار دیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ سرمایہ کاری کی وزارت سعودی بزنس کمیونٹی کو ہر ممکن مدد فراہم کرے گی اور ایک دوسرے کے اعتماد میں اضافہ کرتے ہوئے ہم تیزی کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین گہرے دوستانہ اور مضبوط معاشی تعلقات موجود ہیں جن میں آنے والے دنوں میں نمایاں اضافہ ہوگا اور ہم معاشی ترقی کے نئے دور میں داخل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جغرافیائی اعتبار سے پاکستان سعودی عرب کے لئے جنوبی و وسطی ایشیا سے "گیٹ وے" ثابت ہوسکتا ہے، ہمارے پاس گہرے پانیوں والی بندرگاہیں ہیں اور پاکستان کے راستے ایشیا سے یورپ تک زمینی رابطہ ممکن ہے جبکہ یہ تمام عوامل خطے میں کاروباری حجم کو بڑھانے میں معاونت کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ سی پیک سے بھی پاکستان کو معاشی برتری حاصل ہوئی ہے اور انفراسٹرکچر میں مزید بہتر لاکر تجارتی سرگرمیوں کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اس کانفرنس کے انعقاد کو دونوں ممالک کی بزنس کمیونٹی کے لئے سودمند قرار دیا جس میں مفاہمت کی کئی ایک یادداشتوں پر دستخط ہوں گے اور نئے معاہدوں سے دو طرفہ ترقی ممکن ہوسکے گی۔ عبدالعلیم خان نے سعودی وزیر شیخ خالد بن عبدالعزیز الفالح کی آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی جس سے بالخصوص پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ مزید برآں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اعلیٰ حکام کے ہمراہ سعودی وفد سے اجلاس منعقد کیا جس میں حکومتی سطح پر دوطرفہ سرگرمیوں کو بڑھانے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پر اتفاق کیا گیا۔ سعودی حکام، مالیاتی اداروں اور عالمی مالیاتی تعاون کے ڈائریکٹرز نے بھی اس اجلاس میں شرکت کی۔

وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کی بین الاقوامی طلبا کے ساتھ ملاقات

یو ای ٹی میں مقیم انٹرنیشنل طلبا کے ہاسٹلز کی تزئین و آرائش کا آغاز، ہاسٹلز کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائیگا

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور کے وائس چانسلر، ڈاکٹر شاہد منیر نے بین الاقوامی طلبا کے ساتھ ملاقات کی جس کا مقصد ان طلبا کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا اور ان کے حل کے لیے مناسب اقدامات کرنا تھا۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر، مختلف شعبہ جات کے ڈینز، انٹرنیشنل اسٹوڈنٹس کی کوآرڈینیٹر، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز، سینئر وارڈن، ریزیڈنٹ ٹیوٹرز اور ڈپٹی رجسٹرار بھی موجود تھے۔ ملاقات میں سری لنکا، افغانستان، فلسطین اور کینیا سمیت مختلف ممالک کے طلبا نے انتظامیہ کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر شاہد منیر نے اپنے خطاب میں بین الاقوامی طلبا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ یونیورسٹی کا ایک قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی موجودگی یو ای ٹی کی بین الاقوامی حیثیت کو تقویت دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی مختلف قومیتوں اور ثقافتوں کے درمیان باہمی افہام و تفہیم کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے اور طلبا کو درپیش مسائل کا فوری حل یقینی بنایا جائے گا۔ طلبا نے اپنی تعلیمی، رہائشی اور دیگر بنیادی ضروریات سے متعلق مسائل وائس چانسلر کے سامنے پیش کیے۔ وائس چانسلر نے تمام مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ یونیورسٹی انتظامیہ ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کرے گی۔

نصیر آباد، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

پانچ آئی پی پیز سے معاہدے ختم ہونا خوش آئند ہے: حافظ نعیم الرحمن

پانچ آئی پی پیز معاہدوں کے خاتمے کا فائدہ براہ راست بجلی ٹیرف میں کمی کی صورت میں عوام کو جانا چاہیے'

پشتون تحفظ موومنٹ پر پابندی غیر آئینی ہے، کسی کو یہ بھی حق حاصل نہیں کہ اپنی ریلیوں میں پاکستان مخالف نعرے لگائے' پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پانچ آئی پی پیز معاہدوں کے خاتمہ سے قومی خزانہ کو چار سو گیارہ ارب کا فائدہ ہوگا جو براہ راست بجلی ٹیرف میں کمی کی صورت میں عوام کو جانا چاہیے، جماعت اسلامی کی احتجاجی تحریک نے حکومت کو آئی پی پیز سے بات چیت پر مجبور کیا، پشتون تحفظ موومنٹ پر پابندی غیر آئینی ہے، کے پی پولیس نے ان کے احتجاج پر دھاوا بول کر تین لوگ مار دیے، صوبائی حکومت اس عمل کی ذمہ دار ہے، پرامن احتجاج ہر کسی کا آئینی حق ہے، کسی کو یہ بھی حق حاصل نہیں کہ اپنی ریلیوں میں پاکستان مخالف نعرے لگائے، بیرسٹر سیف کے جے شنکر کو ریلی سے خطاب اور مریم نواز کے بھارت سے ماحولیاتی ڈپلومیسی کے بیانات کی مذمت کرتے ہیں، کشمیر میں ظلم جاری اور ہمارے ہاں چند لوگوں کو بھارت سے دوستی کے مروڑ اٹھ رہے ہیں، یہ وہاں کیوں نہیں چلے جاتے، جماعت اسلامی کی مہنگی بجلی گیس کے خلاف تحریک جاری، کل گجرات میں جلسہ ہوگا، بجلی بلوں کے بائیکاٹ پر عوامی ریفرنڈم کرائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ نائب امرا لیاقت بلوچ، ڈاکٹر اسامہ رضی، سیکرٹری جنرل امیر العظیم، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف اور امیر لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے کسانوں کو مافیا قرار دینے پر شدید تنقید کی اور کہا یہ ان کے ذہن کی عکاسی ہے، یہ اشرافیہ عام لوگوں کو مافیا جب کہ اپنی کلاس کو ریلیف دیتے ہیں۔ ان کی نظر میں شوگر مافیا، جاگیردار مافیا نہیں بلکہ کسان مافیا ہے جو ان کے ظلم و ستم کا شکار ہے، جسے کھادیں، ادویات، بیج آسمان سے باتیں کرتی قیمتوں پر دستیاب ہیں، جو اپنے بچوں کا رزق پورا کرنے کے لیے محنت کرتا ہے

مسابقتی کمیشن نے اوچ پاور کے دونوں پلانٹ خریدنے کی منظوری دے دی

کراچی (این این آئی) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے سیفائر اور مائنڈ برج کو اوچ پاور کے دونوں پلانٹ خریدنے کی منظوری دے دی۔ تفصیلات کے مطابق کمپیٹیشن کمیشن نے سیفائر فائبر لمیٹڈ اور مائنڈ برج (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو اوچ پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دونوں پاور پلانٹ کے سو فیصد حصص مشترکہ طور خریدنے کی منظوری دے دی ہے۔ دونوں کمپنیاں، دونوں پاور پلانٹ میں پچاس پچاس فیصد کی حصہ دار ہوں گی، یہ ٹرانزیکشن خرید و فروخت کے معاہدے کے تحت طے پائی جس کے تحت تینوں کمپنیاں، اوچ پاور ون پرائیویٹ لمیٹڈ، اوچ پاور ٹو پرائیویٹ لمیٹڈ اور انٹرنیشنل اوچ ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے سو فیصد حصص، سیفائر فائبر اور مائنڈ برج پرائیویٹ لمیٹڈ کو منتقل ہو جائیں گے۔

غیر معیاری ایل پی جی فروخت کرنے والی 5 بڑی کمپنیوں پر 5 لاکھ روپے جرمانہ

غیر معیاری سلنڈر بنانے والوں کے خلاف بھی کارروائی کی جائے، عرفان کھوکھر

کراچی (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے غیر معیاری ایل پی جی فروخت کرنے پر 5 بڑی کمپنیوں پر 5، 5 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ اوگرا کو شکایات موصول ہوئیں کہ کچھ مشہور کمپنیاں غیر معیاری ایل پی جی فروخت کر کے ہزاروں لاکھوں لوگوں کی جان خطرے میں ڈال رہی ہیں۔ اوگرا کے قواعد اور ضوابط کی خلاف ورزی پر ایل پی جی مارکیٹنگ کمپنیوں کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کے بعد 5، 5 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا۔ اوگرا نے حال ہی میں ملک کے مختلف ایل پی جی پلانٹس کا معائنہ کیا۔ کچھ ایل پی جی پلانٹس جن میں (تیز گیس پرائیوٹ لمیٹڈ، دریا شاہ انرجی پرائیوٹ لمیٹڈ، سائنرجی ریسورسیز پرائیوٹ لمیٹڈ، جمیسٹو انرجی پرائیوٹ لمیٹڈ، عزیز گیس پرائیوٹ لمیٹڈ) شامل ہیں اوگرا کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پائے گئے۔ ان کی فراہم کردہ گیس مقررہ معیار پر پورا نہیں اترتی۔ رپورٹ کے پیش نظر اوگرا نے فوری طور پر ان تمام متعلقہ کمپنیوں کو نوٹس جاری کیا اور انہیں ہدایت دی کہ وہ تحریری طور پر یا ذاتی طور پر اوگرا کے دفتر میں پیش ہو کر اس خلاف ورزی کی وضاحت دیں۔ کمپنیوں کے جوابات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اوگرا نے ان جوابات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر کے خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں پر پانچ پانچ لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا

پی آئی اے کی نجکاری، 100 فیصد شیئرز کے مطالبے پر معاملہ پھر کھٹائی میں پڑ گیا

نجکاری میں حصہ لینے والی چھ کمپنیوں نے پی آئی اے کے 60 فیصد کے بجائے 100 فیصد شیئرز کا مطالبہ کر دیا۔ رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) قومی ایئر لائن (پی آئی اے) کی نجکاری کا معاملہ ایک بار پھر کھٹائی میں پڑ گیا، نجکاری میں حصہ لینے والی چھ کمپنیوں نے پی آئی اے کے 60 فیصد کے بجائے 100 فیصد شیئرز کا مطالبہ کر دیا جبکہ ملازمین کی مدت تین سال اور پینشن نہ دینے پر بھی تحفظات سامنے آ گئے ہیں پی آئی اے ذرائع کے مطابق نجکاری کمیشن کو ان تحفظات کے بعد مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور انہی مشکلات کے پیش نظر پہلے یکم اکتوبر کو کمپنیوں نے بولی دینی تھی پھر 30 اکتوبر کی تاریخ فائنل کی گئی مگر ابھی تک مزید تحفظات آنے پر نجکاری کا معاملہ کھٹائی میں پڑ چکا ہے حکومت کسی صورت 100 فیصد شیئرز کمپنیوں کو نہیں دے گی، پہلے 60 فیصد کی بات چل رہی تھی اب 75 فیصد کی بات چل رہی ہے اور 75 فیصد پر ہی ان کمپنیوں کو راضی کیا جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق اگر یہ کمپنیاں راضی نہ ہوئیں تو پھر پی آئی اے کی نجکاری کا معاملہ موخر کر دیا جائے گا اب دیکھنا یہ ہے کہ جن کمپنیوں نے جو اعتراضات اور تحفظات اٹھائے ہیں ان کو نجکاری کمیشن دور کرنے میں کامیاب ہوتا ہے یا نہیں۔ دوسری جانب نجکاری کمیشن حکام کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس متعلقہ کمپنیوں کی طرف سے کسی قسم کے نئے تحفظات سامنے نہیں آئے اگر آئیں گے تو اس پر غور و فکر کرنے کے بعد ہی فیصلہ کیا جائے گا

کراچی، ذاتی دشمنی کا شاخسانہ، گاڑیوں کی باڈی بنانے کا کام کرنے والا شخص قتل

کراچی (این این آئی) سچل کے علاقے سہراب گوٹھ علی ٹاؤن میں گاڑیوں کی باڈی بنانے کا کام کرنے والے (باڈی میکر) کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا، پولیس نے مقتول کے قتل کو ذاتی دشمنی کا شاخسانہ قرار دیتے ہوئے مزید تفتیش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سچل تھانے کے علاقے سہراب گوٹھ علی ٹاؤن مکینک مارکیٹ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا جس کی لاش قانونی کارروائی کے لیے چھیپا ایمبولنس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی، مقتول کی شناخت 42 سالہ جعفر ولد سرور کے نام سے کی گئی۔

عمران خان و دیگر رہنماؤں کیخلاف درج مقدمات کی تفتیش کیلئے سپیشل انوسٹی گیشن ٹیمیں تشکیل

سپیشل انوسٹی گیشن ٹیم اپنے اپنے مقدمے کی تفتیش میں پیش رفت سے ہر ہفتے سی پی او راولپنڈی کو رپورٹ کرنے کی پابند ہوگی

راولپنڈی (جی این ایم) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد و راولپنڈی میں ہونے والے پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کے بعد بانی پی ٹی آئی عمران خان و دیگر رہنماؤں کیخلاف درج مقدمات کی تفتیش کیلئے سپیشل انوسٹی گیشن ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں ہیں، سپیشل انوسٹی گیشن ٹیم اپنے اپنے مقدمے کی تفتیش میں پیش رفت سے ہر ہفتے سی پی او راولپنڈی کو رپورٹ کرنے کی پابند ہوگی۔ سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے سپیشل انوسٹی گیشن ٹیموں کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ خصوصی ٹیمیں ایس ایس پی انوسٹی گیشن صبا ستار کی سربراہی میں تشکیل دی گئیں جن میں چھ دیگر ممبران بھی شامل ہونگے۔ ہر ٹیم میں ایس ایس پی انوسٹی گیشن صبا ستار، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ او، مقدمے کا تفتیشی آفیسر اور ایک آئی ٹی ماہر شامل ہے۔ انوسٹی گیشن ٹیمیں بانی پی ٹی آئی کو بھی شامل تفتیش کریں گی۔ بتایا گیا ہے کہ 5 اکتوبر کو پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے کئے گئے احتجاج کے بعد پولیس نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت دیگر پاکستان تحریک انصاف کے دیگر رہنماں کیخلاف انسداد دہشتگری ایکٹ، اعانت جرم، پولیس مزاحمت سمیت دیگر دفعات کے تحت 7 مقدمات درج ہیں جبکہ چند مقدمات میں وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو بھی نامزد کیا گیا

پی ٹی آئی میں سیاسی کارکن نہیں، پٹرول بم پھینکنے والے بلوائی ہیں: ملک محمد احمد خان

حکومت کو مشورہ دیتا ہوں وہ پی ٹی آئی سے کتنی بار ڈسی جائے گی، افراتفری والی جماعت کو بازور بازو روکا جائے

عدلیہ کے احترام کا دعوی کرنے والی جماعت ہائیکورٹ کا احتجاج نہ کرنے کا حکم مانے' اسپیکر پنجاب اسمبلی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا احتجاج بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لئے نہیں بلکہ ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لئے ہے، حکومت کو مشورہ دیتا ہوں کہ وہ پی ٹی آئی سے کتنی بار ڈسی جائے گی، اس افراتفری والی جماعت کو بازور بازو روکیں، عدلیہ کے احترام کا دعوی کرنے والی جماعت ہائیکورٹ کا احتجاج نہ کرنے کا حکم مانے، ایک بار پھر احتجاج کے نام پر پرانی فلم چلائی جا رہی ہے، بدقسمتی سے عدلیہ میں سیاسی ہمدردیاں رکھنے والے لوگ موجود ہیں، پی ٹی آئی میں سیاسی کارکن نہیں پیٹرول بم پھینکنے والے بلوائی موجود ہیں، پی ٹی آئی اپنی سیاست میں پاکستان کے دیگر ممالک سے تعلقات کو اہمیت دینے کو تیار نہیں، بشریٰ بی بی بے شک سیاسی جماعت کی رکن نہیں لیکن بانی تحریک انصاف کے سب سے زیادہ قریب ہیں، اس سے پہلے چین کے صدر کے دورہ اور شنگھائی تعاون تنظیم کے موقع پر بھی ان کا احتجاج محض اتفاق نہیں تھا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ آئین پرامن احتجاج کی اجازت دیتا ہے لیکن پی ٹی آئی کا احتجاج پرتشدد، گھیراؤ جلاؤ اور آگ لگانے پر مبنی ہوتا ہے، ایک صوبہ وفاق پر یلغار کرتا ہے، 2014 کی کہانی اب تک چل رہی ہے، اگر عدم استحکام کے سارے واقعات فرد واحد کے ساتھ جڑے ہوں تو پھر کیسے فیصلہ کریں گے، سیاسی عدم استحکام کا باعث کون ہے یہ سب کو معلوم ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2014 سے دھرنا شروع ہوا اس کے پیچھے کون سے عوامل تھے، آج کہا جا رہا ہے کہ کارکن گھر سے باہر نکلیں جو نہیں نکلے گا وہ جماعت سے باہر ہے، نادرشاہی فرمان جاری کر دیا گیا کہ ملک میں عدم استحکام، انتشار اور جلاؤ گھیراؤ پیدا کرو جو دس سال سے کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو بلوائی املاک کو نذر آتش کریں،

یمن کے ساحلی شہر الحدیدہ قریب سمندر میں ایک بحری جہاز پر حملے کی اطلاعات

جہاز کو نامعلوم میزائل نے نشانہ بنایا جس کی وجہ سے اسے نقصان پہنچا لیکن انسانی جانی نقصان کی اطلاعات نہیں ملیں۔ برٹش میری ٹائم ایجنسی

حدیدہ (جی این ایم) یمن کے ساحلی شہر الحدیدہ قریب سمندر میں ایک بحری جہاز پر حملے کی اطلاعات ہیں برٹش میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز اتھارٹی نے آج بتایا کہ اسے یمن کے شہر حدیدہ سے 70 ناٹیکل میل جنوب مغرب میں ایک واقعے کی رپورٹ موصول ہوئی ہے حکام اس کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ بیان میں کہا کہ ایک جہاز کے کپتان نے اطلاع دی کہ جہاز کو نامعلوم میزائل نے نشانہ بنایا جس کی وجہ سے اسے نقصان پہنچا لیکن انسانی جانی نقصان کی اطلاعات نہیں ملیں میری ٹائم ایجنسی نے واضح کیا کہ عملے کے ارکان میں سے کسی کو بھی نقصان نہیں پہنچا اور جہاز اگلی بندرگاہ کی طرف سفر جاری رکھے ہوئے ہے واضح رہے کہ گذشتہ سال نومبر سے غزہ کی پٹی میں اسرائیلی جنگ شروع ہونے کے تقریبا ایک ماہ بعد یمن کے حوثیوں نے بحیرہ احمر اور بحیرہ عرب میں تجارتی، بحری جہازوں پر میزائلوں اور ڈرونز سے تقریبا 200 حملے کیے ہیں

جمہوریہ کانگو کے بڑھتے ہوئے بحران کا کوئی فوجی حل نہیں: پاکستان

یو این آر ڈبلیو اے کے خاتمے کی اجازت فائر بندی معاہدے کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہوگا

یو این آر ڈبلیو اے کو نشانہ بنا کر اسرائیل فلسطینی عوام کو دی جانے والی انسانی امداد کا ڈھانچہ ختم کرنا چاہتا ہے، اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب کا خطاب

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے خبردار کیا ہے کہ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے فلسطینی پناہ گزین (یو این آر ڈبلیو اے) کے خاتمے کی اجازت دینا فائر بندی معاہدے کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہوگا اور غزہ کی بحالی اور سیاسی منتقلی کے کسی بھی امکان کو سبوتاژ کر دے گا پاکستان نے یو این آر ڈبلیو اے کو لاکھوں فلسطینی مہاجرین کے لیے امید کی کرن قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ فائر بندی کے موثر نفاذ، ضروری انسانی امداد کی فراہمی اور غزہ کی تعمیر نو کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں یو این آر ڈبلیو اے کے حوالے سے ہونے والے اجلاس کے دوران اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے اپنے بیان میں کہا کہ یو این آر ڈبلیو اے کو نشانہ بنا کر اسرائیل نہ صرف فلسطینی عوام کو دی جانے والی انسانی امداد کا ڈھانچہ ختم کرنا چاہتا ہے بلکہ ان کی شناخت اور ان کے جائز حقوق کو بھی مٹانے کے درپے ہے تاکہ انصاف اور امن کے لیے ان کی جدوجہد کو کمزور کیا جا سکے انہوں نے خبردار کیا کہ یو این آر ڈبلیو اے کے وجود اور بقا کو آج شدید خطرہ لاحق ہے خاص طور پر اس اسرائیلی قانون سازی کے نتیجے میں جو 28 اکتوبر 2024 کو اسرائیلی پارلیمان میں منظور کی گئی تھی اور جس پر اگلے 48 گھنٹوں میں عملدرآمد متوقع ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا کہ یو این آر ڈبلیو اے کا وسیع نیٹ ورک جس میں سکول، صحت عامہ کی سہولیات اور انسانی امدادی خدمات شامل ہیں اپنی نوعیت میں بے مثال اور ناگزیر ہے یہ ادارہ لاکھوں افراد کو زندگی بچانے والی مدد، ہزاروں بچوں کی تعلیم کی بحالی، اور لاکھوں فلسطینیوں کے لیے طبی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے پاکستانی مندوب نے کہا کہ یو این آر ڈبلیو اے پر پابندی عائد کرنے کا اسرائیلی قانون بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کے منشور اور 19 جولائی 2024 کو دیے گئے

زرمبادلہ کے ذخائر میں 10 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بتایا ہے کہ گزشتہ ہفتے کے دوران زرمبادلہ ذخائر میں 10 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہو گیا ہے۔ مرکزی بینک کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر 10 کروڑ 60 لاکھ ڈالر اضافے کے بعد 10 ارب 80 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کی سطح پر آ گئے ہیں۔

حکومت ہر وہ غیر قانونی کام کر رہی جو ان کے راستے کی رکاوٹ ہے، علی محمد خان

پارلیمنٹ کی اس سے زیادہ بے توقیری نہیں ہوسکتی قانون سازی کو مسلط کیا جائے، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی علی محمد خان نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کی اس سے زیادہ بے توقیری نہیں ہوسکتی کہ قانون سازی کو مسلط کیا جائے، حکومت ہر وہ غیر قانونی کام کر رہی جو ان کے راستے کی رکاوٹ ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے کہا کہ میں اس بات سے متفق ہوں کہ آئین جتنا مرضی اہم دستاویزات ہو تبدیل ہوسکتی ہے، آئین میں تبدیلی ہوسکتی ہے مگر سوال یہ ہے کہ اس کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیے؟ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کی اس سے زیادہ بے توقیری نہیں ہوسکتی

چیئرمین پی اے سی ایم پی اے اصغر علی ترین سے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

معاشی بہتری کیساتھ گاڑیوں کی فروخت میں 24 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ملکی معیشت میں بہتری کے باعث گاڑیوں کی فروخت میں بھی اضافہ ہونا شروع ہو گیا ہے۔ گذشتہ ماہ (ستمبر 2024) کے دوران پاکستان میں گاڑیوں کی فروخت 24 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

قادیانیوں کا اپنے آپ کو مسلمان یا احمدی کہلانا درست نہیں، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

بحیثیت پاکستانی شہری قادیانیوں کیلئے لازم ہے وہ آئین میں طے شدہ اپنی آئینی حیثیت کو تسلیم کریں، محمد راغب حسین نعیمی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ قادیانیوں کا اپنے آپ کو مسلمان یا احمدی کہلانا درست نہیں، بحیثیت پاکستانی شہری قادیانیوں کیلئے لازم ہے وہ آئین میں طے شدہ اپنی آئینی حیثیت کو تسلیم کریں۔ ایک بیان میں چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر محمد راغب حسین نے کہا کہ عدالت نے اپنے گزشتہ 6 فروری اور 24 جولائی کے فیصلوں کو نہ صرف واپس لیا بلکہ رسول محتشم ختمی المرتبت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت بارے آیات قرآنیہ اور احادیث سے دلائل بھی پیش کیے

پیپلز پارٹی کو پنجاب میں نئی ترقیاتی اسکیموں میں کوٹہ مل گیا

صوبے میں 3212 نئی ترقیاتی سکیموں کیلئے 77 ارب منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے نئی ترقیاتی اسکیموں میں اتحادی پیپلز پارٹی کے اراکین کو کوٹہ دیدیا، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے ممبران اسمبلی کی سفارشات پر 3212 نئی ترقیاتی سکیموں کیلئے فنڈز کی منظوری دیدی گئی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے ممبران اسمبلی کی سفارشات پر نئی ترقیاتی سکیموں کیلئے 77 ارب روپے کا فنڈ زمنظور کیا گیا ہے، ترقیاتی سکیموں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، ڈرینج، سینیٹیشن، سٹریٹ لائٹس کی بحالی شامل ہوگی۔ اسی طرح اضافی کلاس رومز بنانے کی ترقیاتی سکیموں کو بھی منظور کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کی جانب سے 450 ترقیاتی سکیموں کی سفارش کی گئی تھی، وزیر اعلی آفس میں پیپلز پارٹی نے ملتان، راولپنڈی، بہاولپور ڈویژن میں ترقیاتی سکیموں کی سفارش کی تھی۔ وزیر اعلی آفس بہاولپور ڈویژن میں 324 ترقیاتی سکیموں کے لئے 11 ارب 40 کروڑ روپے، ڈیرہ غازیخان ڈویژن میں 278 ترقیاتی سکیموں کیلئے 8 ارب 10 کروڑ روپے، فیصل آباد ڈویژن میں 306 ترقیاتی سکیموں کیلئے 5 ارب 93 کروڑ 60 لاکھ روپے کے فنڈز منظور کرلئے گئے ہیں۔

لاپتہ افراد کی بازیابی کے کیسز کی سماعت، اٹارنی جنرل طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے مسنگ پرسنز کی بازیابی کے کیسز کی سماعت مارچ کے پہلے ہفتے تک ملتوی کر دی، عدالت نے اٹارنی جنرل منصور اعوان کو آئندہ سماعت پر معاونت کیلئے طلب کر لیا۔ دوران سماعت ایمان مزاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ میری عدالت سے استدعا ہے

یکم فروری کے بعد نان فائلرز کیخلاف کارروائیاں شروع ہوں گی، چیئرمین ایف بی آر

گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع نہیں ہوگی، ٹیکس چور کو نہیں چھوڑنا ہے، راشد لنگڑیال کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد لنگڑیال نے خبردار کیا ہے کہ نان فائلرز کے خلاف کارروائیاں یکم فروری کے بعد سے شروع ہوں گی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں راشد لنگڑیال نے کہا کہ انکم ٹیکس گوشوارے کی تعداد 40 لاکھ سے زیادہ ہو چکی، گوشواروں کی تعداد گزشتہ سال سے دگنی ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع نہیں ہوگی، چیئرمین ایف بی آر نے خبردار کیا کہ نان فائلر کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیوں کا آغاز فروری سے ہوگا

سعودی عرب کا ریکوڈک میں سرمایہ کاری کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب نے ریکوڈک منصوبے میں سرمایہ کاری کا فیصلہ کر لیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ماہرین نے بتایا کہ کینیڈین بیرک گولڈ کا ریکوڈک میں 50 فیصد حصہ ہے،

اللہ کا شکر ہے، آئی پی پیز کے حوالے سے ہماری کوششیں کامیاب رہیں، ایس ایم تنویر

وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد 5 آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم ہو رہے ہیں، سربراہ یو بی جی

کراچی (این این آئی) وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد 5 آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم ہو رہے ہیں جس کے لیے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے پلیٹ فارم یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) نے اپنا کردار خوش اسلوبی کے ساتھ ادا کیا۔ یونائیٹڈ بزنس گروپ کے پیٹرن ان چیف ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ میں اللہ تعالی کا شکر گزار ہوں کہ اس نے ہماری عاجزانہ مہم کو کامیاب بنایا اور ہمیں ملک کی تاجر برادری کی خدمت کرنے کا موقع دیا۔ انھوں نے بتایا کہ 107 انڈیپینڈنٹ پاور پروڈیوسر (آئی پی پی) کے ساتھ مسائل کو حل کرانے کی کوششیں بالآخر تکمیل کے قریب ہیں

کراچی ایئرپورٹ سگنل پر خودکش حملے کے مقام سے ملنے والی باقیات کی شناخت

بائیں ہاتھ کی انگلیوں کے فنگر پرنٹس کو نادرا ریکارڈ سے میچ کیا گیا تو شاہ فہد کا نام سامنے آیا، تحقیقاتی حکام

کراچی (این این آئی) ایئرپورٹ سگنل دھماکے کے مقام سے ملنے والی باقیات خودکش حملہ آور شاہ فہد کی نکلیں، بائیں ہاتھ کی 2 انگلیوں سے شناخت ممکن ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی ایئرپورٹ سگنل دھماکے کے مقام سے ملنے والی باقیات کی شناخت ہو گئی، انسانی جسم کی باقیات خودکش حملہ آور شاہ فہد کی نکلیں۔ تحقیقاتی ذرائع نے بتایا کہ خودکش حملہ آور کے بائیں ہاتھ کی 2 انگلیوں سے شناخت ممکن ہوئی، بائیں ہاتھ کی انگلیوں کے فنگر پرنٹس کو نادرا ریکارڈ سے میچ کیا گیا تو شاہ فہد کا نام سامنے آیا۔ دھماکے کے مقام سے ملنے والی باقیات میں خودکش حملہ آور کا دھڑ، 2 انگلیاں اور سر شامل تھا۔ دوسری جانب دہشتگردی حملے کے بعد دھماکے کے مقام کے قریب سیکیورٹی انتظام مزید سخت کر دیئے گئے ہیں اور کرائم سین کے اطراف جدید ترین کیمرے نصف کر دیئے ہیں۔

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ سے رکن صوبائی اسمبلی شاہدہ رؤف عظمیٰ یعقوب شایان عمران و دیگر ملاقات کر رہی ہیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی ہدایت پر ٹھیکیدار علاؤالدین کاکڑ گورنمنٹ گرلز اسکول ہنہ میں سولر پینل سسٹم لگانے کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں

روزنامہ بولان حب بلوچستان — Daily BOLAN HUB Balochistan

موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔ Email:dailybolanhub@gmail.com

عوام کے دکھوں کا مداوا کون کرے گا؟

ویسے تو ہر سیاسی پارٹی عوام کے مسائل حل کرنے کی باتیں کیا کرتی ہے لیکن اس کا اصل مقصد اقتدار کا حصول ہی ہوتا ہے۔ عوام کے مصائب اور دکھوں سے اس کا کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ وہ ایسی باتیں کر کے عوام کی ہمدردیاں بھی حاصل کرتی ہے اور ووٹ بھی۔ لیکن جب وہ برسر اقتدار آجاتی ہے تو وہ یہ سب بھول جاتی ہے۔ ہمارے ملک میں اس وقت تقریبا 175 سے زائد سیاسی پارٹیاں رجسٹرڈ ہیں لیکن اِن میں سے سوائے ایک پارٹی کے کوئی اور ایسی نہیں ہے جو صحیح معنوں میں عوام کی تکالیف کا احساس کرے۔ جسے ووٹ حاصل کرنے سے زیادہ عوام کے مسائل کی فکر ہو۔

ابھی حال ہی میں تین نئی سیاسی پارٹیاں معرض وجود میں آئی ہیں۔ ان میں سے ایک پرویز خٹک کی تحریک انصاف پارلیمنٹیرین، دوسری جہانگیر خان کی استحکام پاکستان پارٹی اور تیسری شاہد خاقان عباسی کی پاکستان عوام پارٹی۔ بات وہی ہے کہ تمام کی تمام پارٹیوں کا مقصد صرف اور صرف مخالف پارٹی کو نیچا دکھانا اور اپنے لیے عوام کی ہمدردیاں سمیٹنا ہوتا ہے۔ ان میں سے کسی ایک نے بھی عوام کے مسائل کے حل کے لیے کوئی ٹھوس اقدامات تجویز نہیں کیے ہیں۔

صرف ایک سیاسی پارٹی ایسی نظر آرہی ہے جسے اپنے اقتدار سے زیادہ غریب عوام کی تکالیف کا احساس ہے اور وہ ہے جماعت اسلامی۔ جماعت اسلامی کوئی نئی سیاسی پارٹی نہیں ہے۔ وہ پاکستان کے بننے سے پہلے سے قائم ہے لیکن وہ ایک بار بھی اقتدار کے حصول سے سرفراز نہیں ہوسکی ہے۔ اس کے باوجود اسے عوام کے مصائب اور دکھوں کا احساس ہے اور وہ مسلسل ان کے مسائل حل کرنے کے لیے کوشاں اور سرگرداں ہے۔ وہ گرچہ اقتدار حاصل نہیں کرپاتی ہے لیکن فلاحی کاموں میں سب سے آگے ہے۔ ہمیں کوئی اور ایسی پارٹی بتادیں جسے عوام نے ہر الیکشن میں ٹھکرا دیا ہو مگر وہ پھر بھی ذاتی طور پر عوام کے مسائل حل کرنے میں مگن ہو۔ لگتا ہے جماعت کو اقتدار کے حصول کی کوئی اتنی بڑی تمنا بھی نہیں ہے کہ اقتدار ملا تو ہی وہ عوام کے لیے کچھ کرپائے گی۔

اسے کراچی والوں نے ایک سے زائد مرتبہ اپنے شہر کی حکمرانی سے نوازا ہے اور ہر بار اس نے اپنی کارکردگی سے یہ ثابت بھی کر کے دکھایا ہے کہ عوام کا فیصلہ کوئی غلط فیصلہ نہیں تھا۔ اس نے جب جب اس شہر کی میئرشپ حاصل کی عوام کے مسائل حل کیے، حالانکہ اتنے بڑے شہر کے مسائل کے حل کے لیے اسے فنڈز بھی درکار تھے اور شہر کے فنڈز کے لیے اسے سندھ حکومت کی منت سماجت بھی کرنا پڑتی تھی لیکن اس نے بہت ہی خوش اسلوبی سے معاملات حل کیے اور تھوڑے سے بجٹ میں بھی اس شہر کے لیے راحت وسکون کا سامان پیدا کیا۔ اس پارٹی کی ایک اور خوبی یہ رہی ہے کہ کرپشن اور مالی بدعنوانی کا کوئی عنصر بھی اس پارٹی کے خمیر میں شامل نہیں رہا ہے۔ عوام اسے دوسری پارٹیوں کے مقابلے میں پسند تو بہت کرتے ہیں لیکن نجانے اسے اس ملک کی حکمرانی کا اہل کیوں نہیں سمجھتے۔

ملکی لیول پر جماعت اسلامی ہمیشہ الیکشن ہار جاتی ہے۔ 1970 کے تاریخی الیکشن میں اس نے اس ملک کے دونوں صوبوں میں تقریبا ہر سیٹ پر اپنے امیدوار کھڑے کیے تھے اور وہ ووٹوں کے اعتبار سے ہر نشست پر دوسرے نمبر پر رہی تھی۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے مشرقی پاکستان میں ایک امیدوار بھی کھڑا نہیں کیا تھا حالانکہ اسے معلوم تھا کہ آبادی اور پارلیمنٹ کی نشستوں کے لحاظ سے مشرقی پاکستان کی نشستیں تقریبا دگنی ہیں لیکن اس نے پھر بھی وہاں کوئی توجہ نہیں دی۔

اقتدار کے حصول کی خواہش رکھنے والے ذہین وفہیم عوامی لیڈر کی ذہانت نجانے اس وقت کہاں چلی گئی تھی جب یہ الیکشن ہورہے تھے۔ مگر جب الیکشن کے نتائج سامنے آئے اور عوامی لیگ کو 156 سیٹوں پر کامیابی حاصل ہوگئی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے حصہ میں صرف 83 آئیں، تو وزیراعظم بن جانے کی خواہش نے ذوالفقار علی بھٹو کو جب اقتدار ہاتھوں سے جاتا نظر آنے لگا تو انھوں نے وہ سب کچھ کیا جو انھیں نہیں کرنا چاہیے تھا اور جس کا نتیجہ اس ملک کے ٹکڑوں کی شکل میں رونما ہوا۔ اس وقت جماعت اسلامی ہی تھی جس نے وہاں ہر نشست پر عوامی لیگ کا بھرپور مقابلہ کیا تھا اور وہ دوسرے نمبر کی سیاسی پارٹی بن کر سامنے آئی تھی۔ اس افسوسناک سانحہ پر بہت کچھ کہا جاچکا ہے اور بہت کچھ کہنا ابھی بھی باقی ہے۔

ہمارا ملک آج جس گرداب میں پھنسا ہوا ہے اس کی ذمے داری ہم صرف سیاستدانوں پر نہیں ڈال سکتے ہیں۔ اس میں بہت سے ظاہری عوامل، فیکٹرز اور پس پردہ محرکات بھی شامل ہیں۔ سیاسی عدم استحکام اس ملک کی معیشت کے لیے زہر ثابت ہوتا رہا ہے اور جس کے پیدا کرنے میں بہت سے ظاہری اور پوشیدہ کرداروں کا ہاتھ رہا ہے۔ ہماری مجبوری ہے کہ ہم اِن کرداروں پر اکثر تنقید تو کرتے ہیں لیکن ان کے سدباب کے لیے کوئی دائمی حل تلاش نہیں کرتے۔ ایک دو سال سکون واطمینان سے گزرتے ہیں تو پھر کوئی نیا شوشہ چھوڑ دیا جاتا اور عدم استحکام پیدا کرتے ہوئے سارا نظام ہی اتھل پتھل کر دیا جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں یہ ملک غیر ملکی قرضوں میں ڈوبا چلا جاتا ہے اور عوام IMF کے ہاتھوں ہوش ربا گرانی اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے جاتے ہیں۔

آج اس وقت ہم جس مہنگائی کا رونا رو رہے ہیں اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے حکومت ایسے سخت فیصلے کررہی ہے جس کی وجہ سے مہنگائی مزید بڑھتی جارہی اور عوام پستے چلے جارہے ہیں۔ حکمرانوں کے پاس سوائے ٹیکسوں کے ریونیو بڑھانے کا کوئی اور ذریعہ نہیں ہے۔ اور اس نے پٹرول اور بجلی کے بلوں کو ہی اس کا سب سے بڑا آپشن بنالیا ہے۔ یہ وہ ذریعہ ہے جس سے فوراً ہی پیسہ حاصل ہوجاتا ہے۔ انکم ٹیکس سے تو سال میں ایک مرتبہ رقم وصول ہوتی ہے

تحریک انصاف کے اندرونی اختلافات

علیمہ خان اس وقت کے پی کے مختلف اضلاع کے دورے پر ہیں جہاں وہ ان ناراض کارکنوں سے مل رہی ہیں جو تحریک انصاف کی کے پی حکومت بالخصوص وزیر اعلی علی امین گنڈا پور سے ناراض ہیں۔ ویسے علیمہ خان اور علی امین گنڈا پور کے اختلافات کوئی نئے نہیں ہیں۔ کئی ماہ پہلے بھی ایک ٹوئٹر اسپیس کی آڈیو آئی تھی جس میں گنڈا پور اور علیمہ خان کے درمیان احتجاج کے ایشو پر سخت بحث ہو رہی تھی۔

علیمہ خان فوری احتجاج شروع کرنے کا کہہ رہی تھیں جب کہ گنڈا پور کا موقف تھا کہ جب تک عمران خان نہیں کہیں گے ہم احتجاج نہیں کریں گے۔ علیمہ خان کا موقف تھا کہ بانی تحریک انصاف اپنی ذات کے لیے احتجاج کرنے کا نہیں کہیں گے بلکہ ہمیں خود احتجاج کرنا ہوگا۔ گنڈا پور کا موقف تھا کہ اب اگر احتجاج کرنا ہوگا تو کفن سر پر باندھ کر نکلنا ہوگا۔ کوئی آسان احتجاج نہیں ہوگا۔ اس لیے جب تک بانی تحریک انصاف نہیں کہیں گے ہم شروع نہیں کریں گے۔ یہ بحث خاصی تند و تیز تھی۔

علیمہ خان نے اس سے پہلے بھی کئی بار ایسے بیان دیے ہیں انھوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی بھی احتجاج کے لیے نہیں نکلے گا تو ہم اکیلے نکلیں گے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اور ان کے گھر والے اکیلے ہی اڈیالہ کے باہر دھرنے پر بیٹھ جائیں گے۔

چاہے ان کے ساتھ کوئی بھی نہ بیٹھے۔ اس لیے ایسا نہیں کہ احتجاجی سیاست کے لیے علیمہ خان پہلی دفعہ بات کر رہی ہیں۔ ان کا شروع سے موقف ہے کہ بانی تحریک انصاف کو جیل سے باہر نکالنے کے لیے تحریک انصاف کو ایک موثر احتجاجی تحریک چلانا ہوگی۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ان سے تحریک انصاف کی لیڈر شپ متفق نہیں ہے۔ وہاں کسی بڑی تحریک کے لیے ابھی کوئی ماحول نہیں ہے۔ وہاں سنبھل کر چلنے کی بات ہے۔ وہاں نو مئی کا خوف ہے اور یہ سوچ مضبوط ہے کہ تحریک انصاف کسی نئے نو مئی جیسے احتجاج کی متحمل نہیں ہوسکتی۔

اب اسلام آباد کے جلسے کے ملتوی ہونے سے ماحول گرم ہوا ہے۔ 21 اگست کو تحریک انصاف نے اسلام آباد میں جلسہ کا اعلان کیا ہوا تھا۔ لیکن اب کہانی سب کے سامنے ہے۔ ویسے تو اعظم سواتی صبح سات بجے بانی تحریک انصاف کو جیل میں ملے اور جلسہ کے ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ لیکن اصل کہانی یہ ہے کہ گنڈا پور نے رات کو جیل میں ٹیلی فون پر عمران خان کو جلسہ ملتوی کرنے پر راضی کیا۔ اور پھر صبح اعظم سواتی ملے۔ اعظم سواتی کے ملنے سے پہلے ہی جلسہ ملتوی ہونے کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ وہ صرف اعلان کرنے کا بہانہ بنانے کے لیے گئے۔

اس کے بعد علیمہ خان کی پھر آڈیو آئی جس میں انھوں نے کہا کہ جلسہ اسٹیبلشمنٹ نے اپنے بندوں کے ذریعے ملتوی کروایا ہے۔ انھوں نے پھر علی امین گنڈا پور پر چڑھائی کی اور کہا کہ یہ سب اسٹیبلشمنٹ سے ملے ہوئے ہیں۔ ان کے یہ ریمارکس تحریک انصاف کی موجودہ قیادت میں کچھ خاص پسند نہیں کیے گئے۔ لیکن چونکہ وہ بانی تحریک انصاف عمران خان کی بہن ہیں اس لیے کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ لیکن تحریک انصاف کے سوشل میڈیا ٹرولز نے گنڈا پور کی بہت دھلائی کی اب تحریک انصاف کی سوشل میڈیا میں یہ عام گفتگو ہے کہ گنڈا پور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔ اور ان کی مرضی سے حکومت کر رہے ہیں۔

اس وقت علیمہ خان پہلی دفعہ پارٹی کارکنوں کے گھر جا رہی ہیں۔ ان کی بات سن رہی ہیں۔ پارٹی کارکن ان کو مل رہا ہے اور ان سے بات کر رہا ہے۔ ویسے تو تحریک انصاف کی قیادت کا موقف ہے کہ علیمہ خان کے پاس تحریک انصاف کا کوئی عہدہ نہیں ہے۔ اس لیے وہ تحریک انصاف کے تنظیمی معاملات میں کوئی دخل اندازی نہیں کر سکتیں۔ لیکن انھوں نے تو براہ راست کارکنوں سے رابطے شروع کر دیے ہیں وہ ان کے گھر جا رہی ہیں۔ اور کارکنوں کے گھر جانے کے لیے انھیں کسی عہدہ کی بھی ضرورت نہیں۔ آپ بغیر کسی عہدہ کے بھی کسی بھی کارکن کے گھر جا سکتے ہیں۔ میڈیا ان کے بیانات کو بہت اہمیت دے رہا ہے۔ میڈیا میں بات کرنے کے لیے بھی انھیں کسی عہدہ کی ضرورت نہیں۔ وہ عمران خان کی بہن ہیں اور یہ میڈیا اور کارکنوں کے لیے کافی ہے۔

اب سوال پیدا ہوگیا ہے کہ کیا علیمہ خان تحریک انصاف کی قیادت کی بھی امیدوار ہیں۔ ایسے میں ان کی اور رؤف حسن کی چیٹ بھی لیک ہوئی ہے۔ بشری بی بی اور علیمہ خان کے اختلافات کی خبریں بھی نئی نہیں ہیں۔ اس حوالے سے ایک آڈیو پہلے بھی آچکی ہے۔ ایسے میں سوال پیدا ہو رہے ہیں کہ کیا بشری بی بی اور علیمہ خان کے درمیان روایتی نند بھاوج کے اختلافات ہیں یا یہ قیادت کے اختلافات ہیں۔ اب تو یہ بات طے ہے کہ بشری بی بی بھی مکمل سیاسی خاتون ہیں اور تمام سیاسی معاملات میں مکمل حصہ لیتی ہیں۔ کیا قیادت کے ایشو پر بشری بی بی اور علیمہ خان کے درمیان چپقلش شروع ہے؟

محترمہ علیمہ خان چاہتی تو پنجاب کے دورے پر بھی نکل سکتی تھیں۔ پنجاب میں تحریک انصاف کی کوئی قیادت بھی موجود نہیں ہے۔ پنجاب کے کارکن کے پی کے کارکن کی نسبت زیادہ لاوارث ہیں۔ میاں اسلم اقبال مفرور ہیں۔ حماد اظہر استعفی دے چکے ہیں۔ لیکن وہ پنجاب کو چھوڑ کر کے پی گئی ہیں۔ شاید کے پی میں گرفتاری کا کوئی خوف نہیں۔ آپ گنڈا پور کی جتنی مرضی مخالفت کرلیں لیکن وہ علیمہ خان کو گرفتار نہیں کر سکتے۔ جب کہ پنجاب میں تو فوری گرفتاری کا ڈر بھی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا بانی تحریک انصاف علیمہ خان کو روک دیں گے۔ انھوں نے پہلے بھی انھیں روکا ہے۔ لیکن یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ بانی تحریک انصاف کو اپنی سیاسی جماعت میں باہمی اختلاف اور لڑائیاں پسند ہیں۔ کیا وہ اپنی بہن کو گنڈا پور کو چیلنج کرنے دیں گے۔ جیسے وہ شاہ محمود اور جہانگیر ترین کی لڑائی انجوائے کرتے تھے۔

پاک فوج متعدد شعبوں میں کویتی افواج کی معاونت کرے گی

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستان - کویت "پروٹوکول معاہدہ 2026" نے پاکستان میں وسیع پیمانے پر جوش وخروش، فخر اور دعاؤں کے جذبات بیدار کیے ہیں، جو مسلح افواج پر عوام کے مضبوط اعتماد کا عکاس ہے۔ یہ معاہدہ پاکستان اور کویت کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور دفاعی تعاون کو مزید مضبوط کرتا ہے، جبکہ پاکستان آرمی کی مدد حاصل کرنے کا کویت کا فیصلہ فوج کی پیشہ ورانہ ساکھ اور جنگی صلاحیتوں کا اعتراف ہے اور ایک قابل اعتماد بین الاقوامی سیکیورٹی پارٹنر کے طور پر پاکستان کے کردار کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ کویت کی جانب سے اپنی فوج کو جدید بنانے کے عمل کے تحت یہ تعاون تربیت، صلاحیتوں میں اضافے، بارڈر مینجمنٹ اور دیگر باہمی اتفاق شدہ شعبوں کا احاطہ کرے گا۔ تربیت میں انفنٹری کے طریقہ کار، آرٹلری، آرمرڈ وارفیئر، ایوی ایشن، اسپیشل آپریشنز، انٹیلی جنس، نگرانی اور دیکھ بھال) استخبارات (شامل ہوں گے، جبکہ صلاحیتوں کی ساخت لاجسٹکس، خریداری، دیکھ بھال، مرمت اور کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کو بہتر بنائے گی۔ پاکستان سرحد پر تسلل اور اسمگلنگ کو روکنے اور کویت کی علاقائی سالمیت کی حفاظت کے لیے نگرانی، گشت کے طریقوں اور انٹیلی جنس شیئرنگ سمیت سرحدی سیکیورٹی کا تجربہ بھی شیئر کرے گا۔ سیکیورٹی ضروریات کے بدلنے کے ساتھ ساتھ اس شراکت داری میں مزید شعبوں کو شامل کیا جا سکتا ہے، جس سے دفاع، استحکام، قدرتی آفات میں امداد، اندرونی بحرانوں کے حل، امن قائم رکھنے اور امن وسیکیورٹی کے عزم میں پاکستان آرمی کے شاندار ریکارڈ سے قومی فخر کو مزید تقویت ملتی ہے۔ یہ معاہدہ اعلی سطحی سیاسی و عسکری روابط، تعاون، باہمی احترام اور اہم دوروں کے سلسلے کے ذریعے طے پایا۔ کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ کی قیادت میں ایک وفد نے، جس میں چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد دراج سعد الشریان بھی شامل تھے، پاکستان کی وزارت دفاع کا دورہ کیا اور جی ایچ کیو جانے سے قبل وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں نے سیاسی اور عسکری اتفاق رائے قائم کیا، تعاون کے اسٹریٹجک مقاصد کو واضح کیا، اس شراکت داری کو دونوں حکومتوں کی خارجہ پالیسی کے اہداف کے ساتھ ہم آہنگ کیا اور کویتی وفد کو پاکستان آرمی کی قیادت سے براہ راست رابطہ قائم کرنے اور اس کی تنظیم، تربیتی طریقوں، آپریشنل صلاحیتوں، سہولیات، ساز وسامان اور تیاریوں سے آگاہی حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔ کویتی وفد کی چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ساتھ ملاقات نے معاہدے کو حتمی شکل دینے اور نافذ کرنے کے لیے اسٹریٹجک سمت اور اعلی سطحی توثیق فراہم کی۔ دونوں عسکری رہنماں نے علاقائی سیکیورٹی، مشترکہ خطرات اور باہمی چیلنجز سے نمٹنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کویت کے لیے اعلی معیار کی مخصوص تربیتی اور صلاحیت ساز امداد کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ کویتی عسکری قیادت نے پاکستان کی مہمان نوازی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور ایک دیرپا، باہمی طور پر فائدہ مند دفاعی شراکت داری کی خواہش پر زور دیا، جس میں دونوں فریقین نے دوطرفہ دفاعی روابط کو مضبوط بنانے اور علاقائی امن و استحکام کو مزید فروغ دینے کا عزم ظاہر کیا۔

طرفین کے درمیان ہونے والی ملاقاتیں ان کے مشترکہ نقطہ نظر اور دوطرفہ تعلقات کو نئی اور بے مثال بلندیوں تک لے جانے کے ان کے اجتماعی عزم کی ایک مضبوط اور واضح توثیق پر منتج ہوئیں۔ دونوں فریقین نے دو برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون کو وسعت دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا، ایک ایسا عزم جو دوستی اور باہمی معاونت کی ایک طویل تاریخ پر مبنی ہے جو ہمیشہ سے پاکستان اور کویت کے تعلقات کی علامت رہی ہے۔ یہ توثیق صرف ایک سفارتی رسم نہیں تھی بلکہ ان گہرے اور دائمی رشتوں کا دلی اظہار تھی جو دونوں اقوام کو ایک ساتھ جوڑتے ہیں، ایسے رشتے جن کی بنیاد مشترکہ ایمان، یکساں ثقافتی اقدار اور علاقائی امن و استحکام کے باہمی مفاد پر قائم ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کو ایک اسٹریٹجک اور باہمی طور پر فائدہ مند دفاعی شراکت داری میں بدلنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا، ایک ایسی تبدیلی جو اب اچھی طرح سے جاری ہے اور جسے پروٹوکول معاہدے کی شقوں کے ذریعے عملی شکل دی جا رہی ہے۔ اس اسٹریٹجک شراکت داری کو ایک طویل المدتی اور پائیدار تعلق کے طور پر دیکھا گیا ہے جو معاہدے کی مخصوص شقوں سے بالاتر ہو کر مشترکہ فوجی مشقوں، فوجی اہلکاروں کے باہمی تبادلے اور علاقائی سیکیورٹی کے امور پر قریبی ہم آہنگی سمیت تعاون کی وسیع سرگرمیوں کا احاطہ کرے گا۔ بین الاقوامی تعلقات کے تناظر میں لفظ "اسٹریٹجک" کا استعمال انتہائی معنی خیز ہے، کیونکہ یہ ایک ایسی شراکت داری کی نشاندہی کرتا ہے جو محض لین دین پر مبنی نہیں ہے بلکہ وسیع تر جیو پولیٹیکل منظرنامے کی مشترکہ تفہیم اور امن وسلامتی کو فروغ دینے کے لیے ایک جیسے عزم پر مبنی ہے۔ اس حقیقت کا اتنا ہی اہم ہونا کہ اس شراکت داری کو "باہمی طور پر فائدہ مند" قرار دیا گیا ہے، اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ دونوں ممالک کو اپنے اس تعاون سے ٹھوس اور پائیدار فوائد حاصل ہوں گے، خواہ وہ بڑھی ہوئی عسکری صلاحیتوں کی شکل میں ہوں، زیادہ اسٹریٹجک اثر ورسوخ کی صورت میں ہوں یا پھر مضبوط معاشی و سفارتی تعلقات کی صورت میں۔ یہ متوازن اور مساوی طرز عمل ایک پائیدار اور مضبوط شراکت داری کی بنیاد ہے جو وقت کی آزمائش اور بدلتے ہوئے جیو پولیٹیکل حالات کے اثرات کا مقابلہ کرسکتی ہے۔

پاکستانی قوم کے لیے یہ انتہائی خوش آئند خبر ہے جو اپنی فوج کو اتنا مضبوط دیکھ کر مسرور ہے کہ وہ اب دوسرے ممالک کی معاونت کر رہی ہے، یہ ایک ایسا احساس ہے جو ملک بھر میں ہونے والی بے شمار گفتگوں اور مبارکباد کے پیغامات میں گونج رہا ہے۔ اس خبر نے پاکستانیوں کے دلوں کو بے پناہ خوشی اور اطمینان سے بھر دیا ہے، کیونکہ یہ ان کے اس دیرینہ عقیدے کی تصدیق کرتی ہے کہ ان کی فوج ایک عالمی سطح کا ادارہ ہے جو بین الاقوامی سطح پر اپنا مقام برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ قوم کی اس خوشی کی جڑیں ان قربانیوں کے لیے گہرے ممنونیت کے احساس میں پیوست ہیں جو پاکستان کے سپاہیوں نے سالہا سال کے دوران دی ہیں، ایسی قربانیاں جنھوں نے ملک کی سلامتی و خوشحالی کو یقینی بنایا اور اسے ایک بہترین عسکری طاقت کے طور پر شہرت دلائی۔ لوگ مختلف طریقوں سے اپنی خوشی اور فخر کا اظہار کر رہے ہیں، پرچم لہرانے اور مٹھائیاں بانٹنے سے لے کر سوشل میڈیا پر حمایت کے پیغامات شیئر کرنے اور فوج کی قیادت کی بصیرت و دوراندیشی کی تعریف کرنے تک۔ اس وسیع تر عوامی حمایت کی موجودگی پاکستانی عوام اور ان کی فوج کے درمیان قائم اس مضبوط رشتے کا ایک زبردست ثبوت ہے، ایک ایسا رشتہ جو باہمی احترام، اعتماد اور قوم کی فلاح و بہبود کے لیے مشترکہ عزم پر مبنی ہے۔ لوگ پاک فوج سے محبت کرتے ہیں اور اس پر فخر محسوس کرتے ہیں اور یہ محبت و فخر محض تجریدی جذبات نہیں ہیں بلکہ عملی طریقوں سے ظاہر ہوتے ہیں، جیسے کہ بھرتی کی مہمات میں پرجوش شمولیت، ملٹری ویلفیئر فنڈز میں دل کھول کر عطیات دینا اور بحران کے اوقات میں ملٹری آپریشنز کی غیر متزلزل حمایت۔ فوج پاکستان کے قومی تانے بانے میں گہرائی سے پیوست ہے اور اس کی کامیابیوں کو پوری قوم کی کامیابیوں کے طور پر منایا جاتا ہے، جبکہ اس کے چیلنجز کا مقابلہ ہمدردی اور یکجہتی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ معاہدے کی خبر سے پیدا ہونے والا قومی فخر اور اتحاد کا یہ زبردست احساس اس مثبت اور متحد کرنے والے کردار کی یاد دہانی ہے جو مسلح افواج پاکستانی معاشرے میں ادا کرتی ہیں اور یہ اس قوم کے لیے طاقت اور ترغیب کا سرچشمہ ہے کیونکہ وہ زیادہ خوشحالی اور بین الاقوامی پذیرائی کے مستقبل کی طرف دیکھ رہی ہے۔ عوام کو پورا اعتماد ہے کہ پاک فوج پروٹوکول معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو اسی لگن اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ پورا کرے گی جو ہمیشہ سے اس کا طرہ امتیاز رہی ہے اور وہ اس شراکت داری کے ان مثبت نتائج کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں جو پاکستان اور کویت دونوں کے لیے سامنے آئیں گے۔

فلسطینیوں کی نسل کشی

سات اکتوبر سے قبل اسرائیل میں زراعت اور تعمیراتی صنعت کو مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ کے ایک لاکھ ساٹھ ہزار فلسطینی کارکنوں اور مزدوروں کی شکل میں سستی لیبر میسر تھی۔ ان کی تنخواہوں سے فلسطینی اتھارٹی کا بیس فیصد بجٹ پورا ہوتا تھا۔ بلکہ دو ہزار بائیس میں تو اسرائیلی معیشت میں کام کرنے والے فلسطینی کارکنوں اور خلیجی ریاستوں میں مقیم ورکرز نے تین ارب ڈالر سے زائد رقم اپنے گھروں کو بھیجی۔ یہ رقم فلسطینی اتھارٹی کے سالانہ بجٹ کے دو تہائی کے برابر تھی۔

فلسطینیوں کی اپنی کوئی کرنسی نہیں۔ ان کا کاروبار اور زرِ مبادلہ کی ترسیل اسرائیلی کرنسی شیکل میں ہوتی ہے۔ گزشتہ برس فلسطینی اتھارٹی اور شہریوں کو بیرونِ ملک سے موصول ہونے والا زرِ مبادلہ جس کی مالیت لگ بھگ چودہ ارب ڈالر بنتی ہے، ترپن بلین شیکل میں تبدیل ہو کر مقبوضہ فلسطین کی حکومت اور شہریوں تک پہنچا۔ فلسطینی بینکوں کا درآمدی و برآمدی کھاتہ بھی شیکل میں ہے اور وہ اسرائیلی بینکوں کے ذریعے ہی بیرونی دنیا سے اقتصادی روابط رکھ سکتے ہیں۔

اس انتظام سے اسرائیل کو دو فائدے ہیں۔ ایک تو اس کی کرنسی مستحکم رہتی ہے اور فلسطینی اتھارٹی یا شہریوں کو بیرونِ اسرائیل سے ڈالر سمیت مختلف کرنسیوں کی شکل میں جو بھی زرِ مبادلہ یا امداد موصول ہوتی ہے اس کے عوض اسرائیل فلسطینیوں کو شیکل دیتا ہے۔ اس کے علاوہ اسرائیل فلسطینی اتھارٹی کی درآمد و برآمد پر کسٹم ڈیوٹی اور دیگر محصولات کہ جن کی سالانہ مالیت لگ بھگ دو سو ملین ڈالر بنتی ہے جمع کرتا ہے اور پھر اوسلو امن سمجھوتے کی ایک شق کے تحت ناروے کے توسط سے فلسطینی اتھارٹی کو بھیجتا ہے۔ گویا فلسطین کی معاشی شہ رگ مکمل طور پر اسرائیل کے ہاتھ میں ہے۔ لیکن جب سے ناروے نے فلسطینی اتھارٹی کو مکمل سفارتی درجہ دیا ہے تب سے اسرائیل نے فلسطینی اتھارٹی کو دی جانے والی رقم کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے۔

سات اکتوبر کے بعد سے اسرائیل نے فلسطینیوں کا معاشی گلا سختی سے دبانا شروع کر دیا۔ غزہ کی دس ماہ سے مکمل فضائی، بحری اور بری ناکہ بندی ہے۔ وہاں گندم کا ایک بھی دانہ، آٹے کا ایک بھی تھیلا اور پانی کا ایک بھی بیرل اسرائیل کی مرضی کے بغیر داخل نہیں ہوسکتا۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ غزہ کی محصور آبادی تک کوئی غذائی یا طبی امداد نہ پہنچ پائے۔ اسرائیلی اسٹیبلشمنٹ کے پالتو گروہ ہر بین الاقوامی امدادی قافلہ جو اسرائیلی چیک

تحریر: عجب خان

پوسٹوں سے گزر کے غزہ میں داخل ہونے کی کوشش کرتا ہے اس کا گھیراؤ کرتے ہیں اور لوٹ بھی لیتے ہیں۔ پولیس اور فوج تماشائی کا کردار ادا کرتی ہے۔

اقوامِ متحدہ کے امدادی ادارے انرا کو اسرائیل نے ایک قانون کے ذریعے دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں ڈال دیا ہے۔ لہٰذا انرا کے زیرِ اہتمام صحت مراکز، اسکول، رہائشی بستیاں اور روزگاری اسکیمیں بھی جائز فوجی ہدف بن گئی ہیں۔ اسرائیل نے تاک تاک کے انرا کے اس فلاحی ڈھانچے کو بہت حد تک ختم یا تباہ کر دیا ہے۔

سات اکتوبر کے بعد سے تمام) ایک لاکھ ساٹھ ہزار (فلسطینی کارکنوں کو کام سے فارغ کر دیا گیا۔ چنانچہ فلسطینیوں میں بے روزگاری کا تناسب راتوں رات پینتیس فیصد تک پہنچ گیا۔ مقبوضہ غربِ اردن کی کاٹیج انڈسٹری کو اسرائیلی شہریوں اور کمپنیوں نے مصنوعات کی تیاری کے جو آرڈرز دے رکھے تھے وہ بھی منسوخ کر دیے گئے۔ فلسطینیوں نے ادھار پر لاکھوں ڈالر کا جو مال اسرائیل میں سپلائی کیا۔ اس کی ادائیگی بھی منجمد کر دی گئی۔ لیبر کی قلت کا خلا پر کرنے کے لیے بھارت اور سری لنکا سے بڑی تعداد میں تعمیراتی و زرعی کارکن درآمد کیے گئے اور کیے جا رہے ہیں۔ جب کہ کوئی فلسطینی مزدور بلا فوجی اجازت نامے کے اسرائیل میں کسی تعمیراتی یا زرعی پروجیکٹ میں چوری چھپے کام کرتا نظر آئے تو اسے فوراً گرفتار کر لیا جاتا ہے۔

بات یہیں پر نہیں رکی۔ مغربی کنارے پر جو کسان آبائی زرعی زمینوں پر صدیوں سے کام کرتے آرہے ہیں۔ ان کے کھیتوں کو دفاعی مقاصد کے نام پر ضبط کرنے کے قانون کی آڑ میں مرحلہ وار چھینا جا رہا ہے۔ ان کے گھروں اور تجارتی مراکز کو غیر قانونی تعمیرات کے قانون کے پردے میں بلڈوزروں سے مسمار کر دیا جاتا ہے۔ سیکڑوں مسلح یہودی آبادکار اسرائیلی فوج کی مکمل حفاظت میں کسانوں کے گھروں پر قبضے کرتے ہیں، زیتون کے باغات نذرِ آتش کر دیتے ہیں اور زرعی زمینوں کے ارد گرد خاردار باڑھیں لگا کے فلسطینی کسانوں کو ان کے اپنے ہی کھیتوں میں جانے سے روکتے ہیں۔

اس ماہ کے شروع میں اسرائیلی وزیرِ خزانہ بزلل سموترخ جو خود بھی ایک غیر قانونی آبادکار ہیں نے اعلان کیا کہ اسرائیل فلسطینی اتھارٹی کے لیے جو درآمدی و برآمدی محصولات جمع کرتا ہے۔ اس میں سے سو ملین شیکل) چھبیس ملین ڈالر (منہا کر کے ان اسرائیلی شہریوں کے ورثا کو بطور معاوضہ دے گا جو سات اکتوبر کو حماس کے اچانک حملے میں مارے گئے۔ انھوں نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہا کہ یہ فیصلہ فلسطینی اتھارٹی پر ایک طرح کا جرمانہ ہے کیونکہ اتھارٹی اسرائیلی قید میں موجود فلسطینی دہشت گردوں کے ورثا کو مالی مدد دے رہی ہے۔) اس وقت لگ بھگ چودہ ہزار فلسطینی نوجوان، معمر افراد، خواتین، زخمی اور بیمار دہشت گرد اسرائیلی جیلوں اور اذیتی کیمپوں میں ہیں (۔

اس کے علاوہ فلسطینی اتھارٹی کو واجب الادا محصولاتی آمدنی میں سے اسرائیل نے مقبوضہ مغربی کنارے کو فراہم کی جانے والی بجلی، پانی اور اسرائیلی اسپتالوں میں علاج کروانے والے فلسطینیوں کے بلز کی مد میں ایک بڑی رقم از خود ضبط کر لی ہے۔

پچھلے ہفتے فلسطینی اتھارٹی اور معیشت کو مکمل طور پر مفلوج کر دینے کے لیے اسرائیلی وزیرِ خزانہ نے اسرائیلی بینکوں کو حکم دیا کہ وہ فلسطینیوں سے شیکل کرنسی بطور کیش قبول نہ کریں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ فلسطینی اتھارٹی اب فلسطینی بینکوں کے ذریعے اپنے ملازمین کو نہ تنخواہیں دے سکتی ہے اور نہ ہی فلسطینی شہری ساختہ اسرائیلی یا غیر ملکی اشیا کی خرید و فروخت کر سکتے ہیں۔

امریکا سمیت اسرائیل کے حلیف مغربی ممالک نے اسرائیلی بینکوں کو کیش قبول کرنے سے منع کرنے کی پابندی فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر فلسطینی اتھارٹی اس اقدام کے سبب ہونے والی معاشی تباہی سے گرتی ہے تو پھر مقبوضہ علاقوں میں انتہا پسندی اور بڑھے گی [illegible]

کیا ہے وحشت کا سبب آخر کار

بے چینی کافی بڑھ گئی۔ پی ٹی آئی جس قسم کی سیاست کرتی ہے، کچھ تو اس کے آثار ہیں اور کچھ اس گروہ کے اندر کی کشمکش ہے جسے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے پارٹی پر قبضے کی جنگ قرار دیا ہے۔ پارٹی پر قبضے کی جنگ تو اس گروہ میں روز اول سے ہی جاری ہے۔ کچھ حالیہ واقعات کے بعد اس کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ایک معاملہ اور بھی ہے۔ جس نے اس گروہ کے اعصاب ہلا کر رکھ دیے ہیں۔ یہ معاملہ ہے فیض حمید کی گرفتاری کا۔

پی ٹی آئی اور خاص طور پر عمران خان کی تازہ بے چینی کا تعلق اسی سے ہے۔ اس واقعے کے بعد اس گروہ نے پہلی بار محسوس کیا ہے کہ موجودہ صورت حال سے متصل قبل انھیں سسٹم کے اندر سے جو مدد میسر تھی، اب اس کے سوتے خشک ہوگئے ہیں۔ اس نئی صورت حال میں اسے نئے اور سخت چیلنجوں کا سامنا ہوگا۔ ان چیلنجوں کے ذکر سے قبل ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ فیض حمید کی گرفتاری سے پہلے کی صورت حال اور پی ٹی آئی اور اس کے ہم دردوں کی طرف سے دیے گئے تاثر پر ایک نگاہ ڈال لی جائے۔

ان چند ہفتوں کے دوران میں ہم نے بہت سی باتیں سنیں جیسے بہت کچھ ہونے والا ہے۔ کہا جاتا تھا کہ یہ جو ان

تحریر: فاروق عادل

دنوں تھوڑی خاموشی ہے، یہ طوفان سے پہلے کی ہے۔ یہ لوگ کس طوفان کے آثار دیکھتے تھے؟ ایک تو شاید یہ تھا جو عمران خان کی زبان سے سننے کو ملا۔ انھوں نے کہا تھا کہ حکومت کے پاس دو مہینے ہیں، میرے پاس بہت وقت ہے۔ اچھا یہ تو عمران خان نے کہا لیکن ان کے ساتھ ہمدردی رکھنے والوں نے اِس سے بھی بڑھ کر کہا جیسے دعوی کیا گیا کہ میاں محمد شہباز شریف ہاتھ کھڑے کر چکے ہیں اور وہ ایک بار صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کر کے انھیں استعفی بھی پیش کر چکے ہیں۔ باقی باتیں بھی اسی قسم کی تھیں جن میں آنے والے دنوں میں موجودہ حکومت کے جان بر نہ ہونے جیسی پیشین گوئیاں کی گئیں۔ گویا سارا ملبہ ایک طرف گرتا ہی دکھائی دیتا تھا لیکن ہوا اس کے بالکل برعکس یعنی فیض حمید پکڑ لیے گئے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس گرفتاری کا پیغام کیا ہے؟

پرانے زمانے کی کہانیوں کے دیو کی جان طوطے میں ہوا کرتی تھی۔ اس کہانی کا طوطا ایک صورت حال میں ہے۔ یہ صورت حال ایک کشمکش کے نتیجے میں پیدا ہوئی ہے۔ اس کشمکش کے پیچھے کہاں کہاں تک پھیلے ہوئے تھے یا پھیلے ہوئے ہیں؟ یہ کہانی طویل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ 9 مئی کے واقعات اس کا نتیجہ تھے تو غلط نہ ہوگا۔ اگر کہا جائے کہ یہ جو ہمارے سیاسی میدان اور اقتصاد کے شعبے میں رہ رہ کر زلزلے کے جھٹکے آتے ہیں، ان کا تعلق بھی اسی سے ہے تو اس میں بھی کوئی غلط بات نہ ہوگی۔ بنیادی بات یہ ہے کہ ہمارے نظام میں نئی اور پرانی سوچ کے درمیان ایک کشمکش جاری ہے۔ اس وقت ہم اسی کشمکش کے مختلف مناظر دیکھ رہے ہیں۔

یہ کشمکش کیا ہے؟ یہ کشمکش ہے 2022 سے پہلے اور بعد والے پاکستان کے مختلف کرداروں کی۔ لیجیے بات تحریک عدم اعتماد تک آپہنچی۔

بنگلہ دیش اور تحریک انصاف کی خواہشات

شیخ مجیب کی بیٹی اور بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد بنگلہ دیش چھوڑ کر بھارت فرار ہوگئی ہیں۔ وہ بلا شبہ مضبوط وزیر اعظم تھیں۔ جنھوں نے اپنے تمام سیاسی حریفوں کو سیاست سے آوٹ کر دیا تھا۔ جنوری میں بنگلہ دیش میں ہونے والے انتخابات کو عالمی سطح پر بھی کوئی خاص قبولیت نہیں ملی تھی۔ لیکن انھوں نے سب سیاسی جماعتوں کو الیکشن سے باہر رکھ کر خود ہی انتخاب لڑ کر خود ہی جیت گئی تھیں۔ وہ بلاشبہ بنگلہ دیش میں ایک سول آمریت قائم کر چکی تھیں۔

شیخ حسینہ واجد کے خلاف عوامی احتجاج کی قیادت کسی سیاسی جماعت اور کسی سیاسی لیڈر نہیں کی۔ کوئی بھی سیاسی لیڈر یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس نے شیخ حسینہ واجد کو نکالا ہے۔ یہ احتجاج وہاں کے نوجوانوں نے شروع کیا اور آخر تک وہ ہی اس احتجاج کی قیادت کرتے رہے۔ بنگلہ دیش کے نوجوان وہاں پر شیخ حسینہ واجد کی سیاسی جماعت کو سرکاری نوکریوں میں حاصل کوٹہ کے خلاف احتجاج کر رہے تھے۔

بنگلہ دیش کے قیام کے بعد وہاں ایک قانون بنایا گیا کہ جنھوں نے بنگلہ دیش کی آزادی میں کردار ادا کیا ہے، ان کو اور ان کے بچوں کو نوکریوں میں تیس فیصد کوٹہ حاصل ہوگا۔ صاف ظاہر ہے کہ شیخ مجیب کی سیاسی جماعت کے لیٹر پر آپ خود کو اس تیس فیصد کوٹہ کا اہل بنا لیتے تھے۔ بنگلہ دیش کا نوجوان اس کوٹے کے خلاف تھا۔ اور وہ میرٹ پر نوکریوں کی تقسیم کے حق میں تحریک چلا رہا تھا۔ وہ کوٹہ سسٹم کے خاتمے کے لیے تحریک چلا رہا تھا۔ وہ کسی خاص سیاسی جماعت اور سیاسی لیڈر کے لیے یہ تحریک نہیں چلا رہا تھا۔ وہ اپنے مستقبل اور میرٹ کے لیے یہ تحریک چلا رہا تھا۔

پاکستان میں ہمارے تحریک انصاف کے دوست آجکل کسی بھی ملک میں عوامی احتجاج کے نتیجے میں اگر حکومت بدل جائے۔ کوئی حکمران اقتدار کھودے تو یہ فوری طور پر کہنا شروع کر دیتے ہیں کہ اب پاکستان میں بھی ایسا ہی ہوگا۔ پہلے سری لنکا میں عوامی احتجاج اور عوام کے مارچ کے نتیجے میں حکومت بھاگ گئی تو ہمارے تحریک انصاف کے دوستوں نے رٹ لگادی کہ پاکستان بھی سری لنکا بن جائے گا۔ روز آوازیں آنا شروع ہوگئیں کہ بس آج نہیں کل پاکستان بھی سری لنکا بن جائے گا۔ یہاں بھی لوگ اسی طرح مارچ کریں گے اور حکمرانوں کو ملک چھوڑ کر بھاگنا پڑے گا۔ کوئی سمجھنے کے لیے تیار نہیں تھا۔ کہ سری لنکا میں کیا عوامل تھے۔ بس شور شروع کر دیا کہ پاکستان بھی سری لنکا بن جائے گا۔

سری لنکا میں بھی لوگ کسی سیاسی جماعت اور کسی سیاسی لیڈر کی کال پر نہیں نکلے تھے۔ وہاں پٹرول ختم ہوگیا تھا۔ لوگ اپنی گاڑیاں موٹر سائیکل چلانے سے قاصر تھے۔ ملک میں بجلی نہیں تھی۔ ڈیفالٹ کی وجہ سے اسپتالوں میں دوائیاں ختم ہوگئی تھیں۔ روزگار ختم ہوگیا تھا۔ ایسے میں جب زندگی گزارنی مشکل ہوگئی تھی تو لوگ نکلے اور انھوں نے ایوان صدر کا قبضہ کیا۔ پاکستان میں تو ایسی کوئی صورتحال نہیں تھی۔ لیکن تحریک انصاف کے دوستوں کی خواہش تھی کہ پاکستان بھی سری لنکا بن جائے۔ اس لیے روز سری لنکا کی مثالیں دی جاتی تھیں کہ پاکستان بھی سری لنکا بن جائے گا۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔

اب کچھ ماہ سے ہمارے تحریک انصاف کے دوستوں کا شیخ مجیب آئیڈیل ہوگیا تھا۔ شیخ مجیب کی وڈیوز لگائی جاتی تھیں۔ انھیں ہیرو بنا کر پیش کیا جاتا تھا۔ لیکن آج ہمارے وہ دوست اور وہ سیاسی جماعت بنگلہ دیش میں شیخ مجیب کا حال دیکھ لیں۔ لوگ کس طرح شیخ مجیب کے ساتھ نفرت کا اظہار کر رہے ہیں۔ آپ سمجھیں یہ نفرت کسی ایک سیاسی جماعت کی نہیں ہے۔ یہ عوام کی نفرت ہے۔ بنگلہ دیش کی عوام اور بنگلہ دیش کا نوجوان شیخ مجیب سے نفرت کر رہا ہے۔ وہاں آج بھی پاکستان کے حق میں نعرے لگ رہے ہیں۔ وہاں آج بھی پاکستان کے لیے محبت نظر آرہی ہے۔

کل تک شیخ مجیب کو ہیرو کہنے والے تحریک انصاف کے دوست اب بنگلہ دیشی عوام کے احتجاج اور شیخ حسینہ واجد کے فرار پر یہ بیانیہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ دیکھیں عوامی احتجاج کے سامنے کوئی نہیں کھڑا ہوسکتا۔ لیکن افسوس ہمارے یہ دوست نہ کل سری لنکا میں عوامی احتجاج کے عوامل کو سمجھ سکے اور نہ ہی یہ آج بنگلہ دیش میں عوامی احتجاج کے عوامل کو سمجھ سکے ہیں۔ بنگلہ دیش میں اس احتجاج کے بعد ملک کا نظام فوج نے سنبھال لیا۔ اور عوام نے فوج کو خوش آمدید کہا ہے۔ پھر ہمارے تحریک انصاف کے دوست یہ بھی لوگوں کو بتائیں کہ ایسے عوامی احتجاج کے بعد فوج ملک کا کنٹرول سنبھال لیتی ہے۔ بات میرے عزیز ہم وطنو سے شروع ہوتی ہے اور وہیں پر ختم ہوجاتی ہے۔ لوگ بھی فوج کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

اگر خدانخواستہ ہمارے تحریک انصاف کے دوستوں کی خواہش کے مطابق حالات بنگلہ دیش جیسے ہو گئے تو پھر بھی فوج ہی ملک کا کنٹرول سنبھالے گی۔ انھیں کیا ملے گا۔ بلکہ جو حاصل ہے وہ بھی چلا جائے گا۔ بنگلہ دیش میں فوج نے کنٹرول سنبھالتے ہی شیخ حسینہ واجد کے سیاسی مخالفین کو ریلیف دے دیا ہے۔ جماعت اسلامی بنگلہ دیش کے دفاتر کھول دیے گئے ہیں۔ خالدہ ضیا کو رہا کر دیا گیا۔ لیکن کیا تحریک انصاف کے دوست یہ سمجھ رہے ہیں کہ پاکستان میں جب فوج ملک کا کنٹرول سنبھالے گی تو انھیں بھی ریلیف مل جائے گا۔ ایسا نہیں ہے۔ بلکہ نو مئی کے واقعات کا ٹرائل شروع ہوگا اور جلد فیصلے ہوں گے۔

بنگلہ دیش ہو یا سری لنکا عوامی احتجاج کے لیے وہاں نہ تو حکومت سے اجازت مانگی گئی اور نہ ہی احتجاج کے لیے عدالتوں کے دروازے کھٹکھٹائے گئے۔ عوامی احتجاج کسی اجازت کا محتاج نہیں ہوتا۔ عوامی احتجاج کے نتائج ایک دن میں نہیں آتے۔ بنگلہ دیش میں تین ماہ لگ گئے ہیں۔ سیکڑوں ہلاکتیں ہوئی ہیں۔ آخری دن بھی 135 ہلاکتیں ہوئی ہیں۔ گیارہ ہزار سے زائد لوگ گرفتار ہیں۔ ہزاروں زخمی ہیں۔ لیکن احتجاج رکا نہیں۔ تحریک انصاف کے دوست تو ایک نو مئی کر کے ہی توبہ کر گئے۔ دوسرے دن ایک بندہ بھی نہیں نکلا۔ بلکہ اس کے بعد آج تک نکلنے سے ڈرتے ہیں۔ ایسے تو عوامی احتجاج کامیاب نہیں ہوتے۔

تحریک انصاف کے دوستوں کو یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ بیرون ملک مقیم بنگلہ دیشیوں اور سری لنکن نے وہاں آنے والی تبدیلیوں میں کوئی کردار ادا نہیں کیا ہے۔ اس لیے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ ملک سے باہر بیٹھے لوگ ملک کے اندر تبدیلی میں کوئی کردار ادا نہیں کر سکتے۔ سری لنکا اور بنگلہ دیش کے لیے بیرون ملک کوئی تحریک نہیں چلی۔ جو بھی ہوا ملک کے اندر ہوا ہے۔ جب کہ تحریک انصاف کے دوستوں کا زیادہ انحصار بیرون ملک مقیم لوگوں پر ہے۔

ایسا لگتا ہے کہ وہ تحریک انصاف کی قیادت کر رہے ہیں۔ ان کی پالیسی چلتی ہے جو مقامی حالات سے مطابقت نہیں رکھتی ہے۔ پھر مقبولیت کا دعوی تو ہے لیکن سڑکوں پر نہیں ہے۔ سڑکیں گرم نہیں کی جا سکتی ہیں۔ تحریک انصاف ایک لمبی عوامی تحریک نہ کل چلا سکتی تھی اور نہ ہی آج چلانے کی پوزیشن میں ہے۔ اس لیے وہ دوسرے ممالک میں عوامی احتجاج دیکھ کر خیالی پلاؤ تو پکا سکتے ہیں۔

عوامی مسائل

جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ ہمارے دھرنے نے عوام کو مسائل کے حل کے لیے امید دی ہے۔ اسی لیے حکومت کو چاہیے کہ وہ عوام کی آئینی جمہوری سیاسی پرامن مزاحمت کی قدر کرتے ہوئے عوام کو ریلیف دے۔ ملک کے عوام بجلی اور پٹرول کی ناجائز قیمتوں کا خاتمہ چاہتے ہیں، اس لیے حکومت تاخیری حربے استعمال نہ کرے اور اس سلسلے میں عوام کو فوری ریلیف دے۔ میاں نواز شریف نے بھی کہا ہے کہ مہنگے بجلی بل عوام کے لیے ناقابل برداشت ہیں اور عوام کو ریلیف دینا ہمارا امتحان ہے۔

پی ٹی آئی ملک میں تباہی، مہنگائی اور مہنگے بل لائی لیکن عوام ہم سے ریلیف کی توقع کرتے ہیں اور حکومت کا امتحان ہے کہ مشکل ترین حالات میں عوام کو ریلیف کیسے دینا ہے۔ مسلم لیگ)ن(نے ہی ہمیشہ مشکلات سے راستہ نکالا ہے۔ ہم نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا ہے اب حکومت کو عوام کو بھی ڈیفالٹ سے بچانا ہے اس لیے مہنگائی اور مہنگے بجلی بلوں سے عوام کو نجات دلانے کی کوشش ہونی چاہیے۔

ایک طرف ملک کی حقیقی جمہوری جماعت جماعت اسلامی ہے جس نے عوام کو مہنگائی اور مہنگے بجلی بلوں کے خلاف راولپنڈی میں کئی روز احتجاجی دھرنا دیا اور حکومتی وفد سے مذاکرات کے بعد مشروط طور پر ختم کیا کہ اگر حکومت نے مقررہ مدت میں معاہدے پر عمل نہ کیا تو جماعت اسلامی دوبارہ دھرنا دے گی۔

دھرنے کے خاتمے پر ایم کیو ایم کے سربراہ ڈاکٹر خالد مقبول نے جو وفاقی وزیر ہیں طنز کرتے ہوئے کہا کہ بجلی سستی کرانے کے لیے دیا گیا دھرنا بجلی مزید مہنگی کرا کر ختم کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے حکومتی بیان نہیں پڑھا کہ بجلی مزید مہنگی نہیں کی گئی اور حکومت جماعت اسلامی سے معاہدے کے مطابق کوشش کرے گی کہ عوام کو مہنگائی اور مہنگی بجلی بلوں میں ریلیف دے۔

8 فروری کے عام انتخابات کو ابھی چند ماہ ہی گزرے ہیں جماعت اسلامی کا نئے انتخابات کا کوئی مطالبہ ہے نہ جلد انتخابات کا امکان کہ جماعت اس دھرنے کی بنیاد پر عوام سے ووٹ مانگے کہ جماعت اسلامی ملک کی واحد سیاسی

تحریر: حاجی اشتیاق آرائیں

جماعت ہے کہ اس نے عوام کے سب سے اہم مسائل مہنگائی اور مہنگی بجلی بلوں پر جدوجہد کر کے اور دھرنا دے کر حکومت کو احساس دلایا ہے جس پر نواز شریف نے بھی کہا ہے کہ مہنگے بجلی بل عوام کے لیے ناقابل برداشت ہوگئے ہیں۔ اس لیے مسلم لیگ)ن(کی حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے موجودہ مشکلات میں کوئی راستہ نکالے۔

پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم)ن(لیگی حکومت کی اتحادی ہیں ان سے تو توقع کی ہی نہیں جاسکتی کہ وہ ان اہم مسائل پر احتجاج کریں یا دھرنا دیں۔ یہ دونوں صرف دکھاوے کی بیان بازی کر سکتے ہیں اور وہ یہ کر رہے ہیں جس پر حکومت بھی مطمئن ہے، اسے اس برننگ ایشو پر خطرہ جماعت اسلامی سے تھا کہ اس کا احتجاج ملک میں نہ پھیل جائے اور عوام حکومت کے خلاف سڑکوں پر آ کر حکومت کو پریشان کر دیں۔ ویسے بھی جماعت اسلامی کا دھرنا حکومت کے خاتمے کا نہیں تھا بلکہ عوام کو درپیش اہم مسائل مہنگائی اور مہنگی بجلی کے خلاف تھا اور جماعت اسلامی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے کہ جس نے عوام کے لیے آواز اٹھائی اور سیاست نہیں کی اور کسی اور جماعت خصوصا پی ٹی آئی کے کسی رہنما کو بھی یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ راولپنڈی کے دھرنے میں جا کر جماعت کے مطالبات کی حمایت ہی کر دیتے حالانکہ ان کے بانی نے کہا بھی تھا کہ مگر یہ مسائل تحریک انصاف کے لیے اہم نہیں تھے کیونکہ ان کا تو سب سے اہم مسئلہ اپنے بانی کی رہائی ہے، ملک کے عوام کو درپیش کمر توڑ مہنگائی اور بجلی و گیس کے مہنگے بل۔

اس سلسلے میں عوام کی پریشانیاں اور ملک میں ہونے والی خودکشیاں اور قتل کی وارداتیں کوئی بڑی بات نہیں کیونکہ ایسا کرانے میں پی ٹی آئی کی حکومت بھی عوام دشمن فیصلوں میں شریک تھی۔

پی ٹی آئی کی حکومت کو ختم ہوئے سوا دو سال ہو چکے ہیں مگر حکومت اور نواز شریف موجودہ مہنگائی کا اب تک پی ٹی آئی کو ہی ذمے دار قرار دے رہے ہیں اور صدر)ن(لیگ کو اپنی پارٹی کی حکومت میں کی جانے والی ہوش ربا مہنگائی اور مہنگی بجلی کا خیال آیا ہے جب کہ انھیں تو حکومت سے باز پرس کرنی چاہیے تھی کہ وہ عوامی خواہشات کے برعکس فیصلے کیوں کر رہی ہے؟ کیا وہ مسلسل مہنگائی بڑھانے کے لیے وزیر اعظم بنے تھے؟ ملک سخت مالی بحران میں ہے مگر حکومت کو کوئی احساس نہیں اور ایوان صدر اور وزیر اعظم ہاس کے اخراجات کم کرنے کے بجائے حالیہ بجٹ میں مزید رقم بڑھالی گئی ہے اور حکومت کو عوام کو درپیش مسائل کی فکر ہے نہ عوام کی مشکلات کا احساس۔

مسلم لیگ)ن(اور پیپلز پارٹی نہ صرف بڑی پارٹیاں ہیں بلکہ اقتدار میں ہیں جن کی ذمے داری عوام کے مسائل کو اہمیت دے کر عوام کو مشکلات سے نجات دلانا ہے مگر عوامی مسائل دونوں کے لیے اہم ہیں نہ دونوں کی ترجیح عوام کو درپیش مہنگائی ہے بلکہ دونوں ہی عوام کی مشکلات کے ذمے دار ہیں۔ جماعت اسلامی نے عوام کو درپیش اہم مسائل پر موثر آواز اٹھائی اور حکومت کی توجہ مبذول کرائی باقی کسی بھی جماعت کو عوام کی کوئی فکر نہیں۔ ان کا احتجاج عوام کو درپیش مسائل پر نہیں بلکہ حصول اقتدار، الیکشن میں نشستیں نہ ملنے، مینڈیٹ کی مبینہ چوری اور احترام اور برداشت کو فروغ کے لیے ہے۔ تحریک تحفظ آئین کے رہنماں نے یہ مطالبہ نہیں کیا کہ مہنگائی اور بجلی کے نرخ کم کیے جائیں بلکہ ان کا مطالبہ ہے کہ سیاسی جماعتیں عوامی مفاد کے چارٹر پر دستخط کریں تاکہ انھیں اقتدار مل سکے۔

ملک کے آئین میں عوام کو سہولیات دینے کا ذکر ضرور ہے مگر یہ نہیں لکھا کہ حکومت اور سیاسی جماعتیں عوام کے اہم مسائل پر یکسو ہو کر بیٹھیں اور عوامی مسائل حل کرائیں۔ ہر ایک کو اقتدار اور اپنی سیاست کی فکر ہے عوام کے مسائل کی نہیں اور نہ ہی عوامی مسائل کا حل کسی پارٹی کی ترجیح ہے۔

ڈیجیٹل میڈیا

ڈیجیٹل میڈیا پوری دنیا میں استعمال ہو رہا ہے۔ سوشل میڈیا ٹولز استعمال کرنے والوں کی تعداد میں بڑی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا نے مین اسٹریم الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کو بہت سے معاملات میں پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ مختلف قسم کے نظریات، غیر نظریاتی، مذہبی، غیر مذہبی، فرقہ پرست، انتہا پسند، نسلی ولسانی تشدد پسند، جرائم پیشہ گینگز ڈیجیٹل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے عوام کے ذہنوں میں اپنی مرضی کے خیالات انڈیلنے میں مصروف ہیں۔ ڈیجیٹل میڈیا کے اس پہلو یا رخ کو دنیا میں محسوس کیا جا رہا ہے۔

بالخصوص نوجوان طبقہ جن کی عمریں 15 سے 35 برس ہیں، یہ طبقہ ڈیجیٹل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز کا خصوصی ہدف ہے۔ اس کے علاوہ ڈیجیٹل میڈیا نے روایتی سیاست، حکومتی نظام سمیت بہت سے فکری مغالطوں کو بھی چیلنج کیا ہے، روایتی سوچ اور سیاست میں ایک خطرہ کی علامت کے طور پر بھی سامنے آیا ہے۔

ڈیجیٹل میڈیا میں سب کچھ اچھا نہیں اس کو مثبت اور منفی دونوں بنیادوں پر مختلف افراد انفرادی یا اجتماعی طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ بالخصوص اسے ایک بڑے سیاسی ہتھیار کے طور پر بھی ریاست یا سیاست مخالف بنیادوں پر بھی چلایا جا رہا ہے۔ پراپیگنڈا ہو یا جعلی خبر ہو یا ہم اس میں تضحیک کے پہلوؤں کو بھی دیکھیں یا اس کی مدد سے ہیجانی کیفیت کو پیدا کرنے کا عمل ہو اس سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن کیا ہم ڈیجیٹل میڈیا کے منفی استعمال کو بنیاد بنا کر اس کے مثبت پہلو کو نظر انداز کر سکتے ہیں۔

اس نئے میڈیا یا معلومات کے ذرائع کے مثبت استعمال کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے ایسی انتظامی پالیسیوں یا قانون سازی کی ضرورت ہے جس سے اس کا منفی استعمال روکا جائے جب کہ مثبت استعمال کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ جو لوگ بھی ڈیجیٹل میڈیا کو مکمل بند کرنا چاہتے ہیں یا اس حکمت عملی کو موثر سمجھ کر اسے ہی درست سمجھتے ہیں، وہ غلطی پر ہیں۔ کیونکہ جب بھی ہم کسی بھی عمل کے سخت ردعمل یا سخت گیر پالیسی جس کی بنیاد طاقت پر ہو استعمال کرتے ہیں تو وہ کارگر ثابت نہیں ہوتی۔ بلکہ اس طرز کی پالیسی سے منفی رجحانات جنم دینے کا سبب بنتی ہے۔

ڈیجیٹل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ ہیجانی میڈیا ہے یا ہم اسے فتنہ وفساد یا شر سے تعبیر

تحریر: نشاط خان

کریں، کسی حد تک درست ہوسکتا ہے لیکن اس حوالے سے یکطرفہ پالیسی مناسب حکمت عملی نہیں۔ یہ سوچ اس عمل کو ظاہر کرتی ہے کہ ہم مشکلات یا چیلنجز یا خطرات سے نمٹنے کے لیے جدید انداز میں سوچنے کے لیے تیار نہیں۔ ہم ڈیجیٹل میڈیا کو بہت ہی محدود سوچ یعنی محض مخالفانہ ریاستی اور سیاسی بیانیہ کی بنیاد پر دیکھ رہے ہیں جو منفی نتائج کو جنم دینے کا سبب بن رہا ہے۔

حالانکہ ڈیجیٹل میڈیا تعلیم اور معیشت کے باہمی تعلق کو بھی نمایاں کرتا ہے۔ گلوبل دنیا سے ہمارے ملک، افراد اور بالخصوص نوجوانوں کو جوڑنے اور ان کے لیے نئے علمی و معاشی امکانات ومواقعوں کو بھی پیدا کرتا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا اور انٹرنیٹ آج کی گلوبل ورلڈ کی ترقی کے لیے منفی پہلو رکھتا تو مثبت پہلو بھی رکھتا ہے۔ لہٰذا اس کے منفی پہلوؤں سے نمٹنے کے لیے ایسی قانون سازی کو سامنے لایا جانا چاہیے جو ہمیں ڈیجیٹل دنیا سے دور نہ کرے۔ جو مسائل ریاست یا حکومت کی سطح پر آرہے ہیں اس کا علاج اس انداز میں تلاش کیا جانا چاہیے کہ ہم لوگوں کی ڈیجیٹل میڈیا تک رسائی سمیت ان کے لیے نئے امکانات اور مواقع پیدا کرسکیں۔ کیونکہ جو اس وقت حکومت کی حکمت عملی ہے، وہ بہت سے سوالات کو جنم دے رہی ہے۔ پاکستان میں پہلے ہی مسائل کا انبار ہے، متبادل آوازوں کی تعداد کم ہے، کوئی بھی تنقید کو قبول کے لیے تیار نہیں ہے۔ یہ طرز عمل ہمارے سیاسی و جمہوری عمل کو کمزور کرنے کی وجہ بھی بن رہا ہے۔ ممکن ہے کہ بہت سے لوگ اپنی بات کا اظہار کرتے ہوئے ریڈ لائن کراس کرتے ہوں یا وہ اپنے خیال میں تنقید اور تضحیک کے پہلوؤں کو سمجھنے سے قاصر ہوں یا وہ ایک پہلے سے طے شدہ مخصوص سیاسی عزائم کی بنیاد پر مخالفانہ مہم کا حصہ ہوں تب بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کا علاج تعلیم و تربیت سے ہی جڑا ہے۔ حکومت کو لوگوں کا یہ حق تسلیم کرنا ہوگا کہ وہ اگر حکومت کی کسی پالیسی کو بنیاد بنا کر تنقید کرتے ہیں تو یہ ان کا سیاسی و جمہوری حق ہے اور اسی طرح جمہوری حق کو اگر لوگ بھی ذمے داری کے ساتھ استعمال کریں تو بہتر جمہوری معاشرے کی طرف بڑھا جاسکتا ہے۔

یہ پہلو بھی ذہن نشین رکھنا ہوگا کہ صرف حکومت کو فیک نیوز یا مخالفانہ مہم کا سامنا نہیں بلکہ معاشرے کے مختلف کمزور اور محروم طبقوں کو بھی فیک نیوز اور مخالفانہ مہم کا سامنا ہے۔ اس وجہ سے معاشرے میں ردعمل، غصہ، تعصب اور نفرت کی کیفیت پیدا ہو رہی ہے۔ مسائل کثیر جہتی ہیں اور ان مسائل کا حل بھی کثیر جہتی ہے۔ ملک کی سیاسی قیادت کو بھی آگے بڑھنا ہوگا، دوطرفہ بات چیت، مکالمہ اور مل بیٹھنے سے باہمی تعاون اور مشترکہ حکمت عملی سے سیاسی ہم آہنگی پیدا ہوگی۔

ہمیں اگر ڈیجیٹل میڈیا سے جڑے چیلنجز کا مقابلہ کرنا ہے تو سب سے پہلے جمہوریت پسند پاپولر قیادت کو مثبت سیاست کرنا ہوگی۔ روایتی فریم ورک سے باہر نکل کر نئی سوچ اور مختلف عملی وفکری ماہرین سے مکالمہ اور باہر کی دنیا کے تجربات سے سیکھنا ہوگا کہ انھوں نے داخلی محاذ پر ان مشکلات کا کیا حل نکالا اور کیسے مقابلہ کیا کہ ان کی مشکلات کم ہوئی ہیں۔ ہمیں اگر ڈیجیٹل میڈیا کا مقابلہ کرنا ہے اور خاص طور پر جعلی خبروں، پروپیگنڈا، جھوٹ اور ریاست مخالف عناصر سے متعلق ڈیجیٹل چیلنجز سے نمٹنا ہے تو ہمیں درج ذیل اقدامات کو اپنی ریاستی وحکومتی پالیسیوں کا حصہ بنانا ہوگا۔

ان میں ڈیجیٹل تعلیم وتربیت اور بالخصوص لڑکیوں کی تعلیم کو بنیادی اہمیت دینی ہوگی اور پرائمری سے ہائر ایجوکیشن سمیت غیر رسمی تعلیم جن میں مدارس اور میڈیا سمیت خاندان کی تعلیم کو بنیاد بنا کر آگے بڑھنا ہوگا۔ تعلیمی نصاب میں اس عمل کو بطور مضمون پڑھانا ہوگا، ان میں شہریوں کو آن لائن معلومات کا علم، تنقیدی جائزہ لینے، تعصبات کی نشاندہی کرنے اور جعلی خبروں کو پہنچانے یا اس کے ادراک کی تعلیم عام کرنی ہوگی۔

پاکستان کو درپیش مسائل

ملک کے بدقسمت عوام نے تبدیلی سرکار کا مزہ بھی چکھ لیا اور آج تک جس کی تلخی نہیں گئی۔ اس وقت سب سے بڑا بحران بجلی کا ہے۔ بجلی ناپید ہے اور بجلی کا بل جب آتا ہے تو صارف بلبلا اٹھتا ہے۔ کرنٹ کا ایسا جھٹکا لگتا ہے کہ انسان کی چیخیں نکل جاتی ہیں۔ یہ تک ہوا ہے کہ صارف اس بل

تحریر: کامران پنواڑی

کے جھٹکے کی تاب نہ لا کر روز روز کی تکلیف برداشت کرنے کے نتیجے میں ملک عدم سدھار گیا۔

پنجاب کی حکومت نے حال ہی میں عوام کی تسلی کی خاطر بجلی کے بلوں میں دو ماہ کے لیے رعایت دینے کا اعلان کر کے پنجاب کے صارفین کو رعایت دینے کی کوشش کی ہے لیکن سوال یہ ہے کہ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ سندھ سمیت کسی اور صوبائی حکومت کو تو اتنی بھی توفیق نہیں ہوئی۔ بجلی کا سنگین مسئلہ عارضی مسئلہ نہیں ہے اور اس کا مستقل حل تلاش کرنا قطعی لازم ہے۔ مرے پر سو درے کے مترادف بجلی کی قیمتیں سال بھر میں 14 مرتبہ بڑھائی جاچکی ہیں اور ان کا اختتام نظر نہیں آرہا۔ عوام بے بس ہیں اور ان کی حالت چکی کے دو پاٹوں کے بیچ و بیچ پس جانے والے دانوں جیسی ہے۔ ایک پاٹ مہنگائی کا ہے اور دوسرا پاٹ بجلی کے نرخوں میں بے لگام اور مسلسل اضافے کا ہے۔

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

بجلی کا نظام انتہائی ناقص ہے، جس کا اندازہ اس بات سے کیا جاسکتا ہے کہ ہر سال 500 ارب مالیت کی بجلی چوری ہوجاتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ چوری جنات کرتے ہیں یا کوئی اور۔ اس سوال کا جواب متعلقہ محکمہ کے کرتا دھرتا ہی دے سکتے ہیں۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ کنڈا سسٹم عام ہے۔ چوری کی جانے والی بجلی کا بھگتان بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کرنے والے صارفین کو ہی بھگتنا پڑتا ہے۔ بجلی چوروں اور بجلی کے محکمہ کے کارندوں کے درمیان ساز باز کوئی نئی بات نہیں ہے۔

بجلی کے بحران کا ایک اور سبب یہ ہے کہ بجلی کی تاریں فرسودہ ہوچکی ہیں اور انھیں تبدیل کرنے کی کسی کو بھی فکر نہیں ہے۔ بلومبرگ کی ایک رپورٹ کے مطابق 2021 سے لے کر بجلی کے نرخوں میں اب تک 155 فیصد اضافہ کیا جاچکا ہے اور معلوم نہیں کہ یہ ظلم وستم کب ختم ہوگا۔ مہنگی بجلی نے معیشت کا کچومر نکال دیا ہے اور افراط زر دوسرے ایشیائی ممالک کے مقابلے میں اپنی انتہا کو چھو رہی ہے۔ آئی ایم ایف سے قرضوں پر قرضے مانگ مانگ کر حکمرانوں نے عوام پر پہاڑ جیسا بوجھ لادیا ہے۔

یہ انکشاف ملک وقوم کے لیے ایک ہلاکت خیز اطلاع ہے کہ انٹرنیشنل پاور سپلائی کمپنیوں (آئی پی پیز (کو 15 ارب مالیت کی مفت بجلی عنایت کی جارہی ہے جو کہ مہنگائی سے پریشان صارفین کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔

وطن عزیز پاکستان کی حالت روز بروز بد سے بدتر ہورہی ہے اور یہ اندیشہ برقرار ہے کہ خدانخواستہ وہ منحوس گھڑی آجائے کہ ملک دیوالیہ ہوجائے۔ اس صورتحال کی ذمے دار کوئی ایک حکومت نہیں بلکہ ماضی سے لے کر آج تک کی تمام حکومتیں ہیں۔

ایک بحران ٹلتا ہے تو دوسرا بحران ملک وقوم کو آ کر دبوچ لیتا ہے۔ حکمران ملک کی باگ ڈور سنبھالتے ہی قوم کو سبز باغ دکھاتے ہیں اور اس کے بعد سب کچھ بھول جاتے ہیں۔ قوم کو جھوٹی تسلیاں دے کر عیش وعشرت میں پڑ کر حکمرانی میں مصروف ہوجاتے ہیں۔ عوام سے جو بھی وعدے کیے جاتے ہیں، وہ نقش بر آب کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہوتے۔

قیادت خواہ کسی بھی نام کی ہو وطیرہ اور مقصد اس کا ایک ہی ہوتا ہے کہ قوم کو الو بنا کر اپنا الو سیدھا کیا جائے۔ عوام برسوں سے اس مسیحا کا انتظار کر رہے ہیں جو آ کر ان کے دکھوں کا مداوا کرے۔ حالت یہ ہے کہ بقول غالب۔

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

دہشت گردی اور بدامنی

25 اگست کی شام سے بلوچستان میں دہشت گردوں نے بدترین دہشت گردی کی وارداتیں انجام دیں۔ اس کھلی دہشت گردی کو کسی بھی طور پر برداشت نہیں کیا جاسکتا جس میں معصوم اور بے گناہ لوگوں کو زبان، قبیلے، علاقے اور قوم کے نام سے شہید کیا گیا۔ نہتے لوگوں کو ان کی شناخت کی بنیاد پر شہید کرنے کی نہ ہمارا مذہب اجازت دیتا ہے اور نہ ہی ہمارے معاشرے کی روایات میں اس چیز کو قبول کیا جا سکتا ہے۔ یہ وحشت اور درندگی ہے جس کو کسی بھی طور جسٹیفائی نہیں کیا جاسکتا۔

دہشت گردی اور بدامنی کے خلاف سب کو ایک آواز بن کر متحد ہونا ہوگا۔ دہشت گردی کو دشمن ممالک کی مکمل معاونت حاصل ہے بیرونی دشمن آقاوں کے ایجنٹوں نے انتہائی گھناؤنا کھیل کھیلا ہے اور بے گناہ و معصوم لوگوں کا قتل عام کیا ہے۔ ان بے گناہوں کی شہادتیں رائیگاں نہیں جائینگی۔ ملک کے اندر سیکورٹی اداروں اور افواج پاکستان کے خلاف بھی دہشت گرد حملے کیے گئے۔ افواج پاکستان اور سیکورٹی اداروں نے دہشت گردوں کو ان کے انجام سے دوچار کیا اور ان کاروائیوں میں سیکورٹی فورسز کے جوانوں نے شہادتیں بھی پائیں۔ آفیسرز اور جوانوں نے اس پیڈ دہشت گردی کے خلاف نہایت بہادری سے جنگ لڑی ہے اور اپنے ملک و عوام کا تحفظ کیا ہے۔ پوری قوم اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہو کر

تحریر: ہمدان عبداللہ

دہشت گردی کو شکست دینے میں کردار ادا کرے۔ شرپسند عناصر، دہشت گرد اور ان کے سہولت کار کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

ملک میں بدامنی کی لہر نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ دشمن اور دہشت گردوں کے خلاف سخت سے سخت اقدامات اٹھائے جائیں ان کے سہولت کاروں کو بھی عبرتناک انجام سے دوچار کیا جائے اور جو ممالک اس دہشت گردی اور ان کے ٹریننگ کیمپس چلارہے ہیں ان ممالک کو ان کی زبان میں سخت جواب دینے کی ضرورت ہے۔

بلوچستان اور کے پی کے میں منظم دہشت گردی کی وارداتوں کے پیچھے بھارت اور دیگر دوست نما دشمن ملکوں [illegible]

سہولت کاروں کا قلع قمع کرنا ضروری ہے۔ ایسے کیسے ہو سکتا ہے کہ جس ملک اور قوم اور اس کے سیکورٹی اداروں و افواج پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف 80 ہزار سے زائد قربانیاں اور شہادتیں پیش کیں ہوں اور وہ ان کو ضائع ہونے دیں؟ دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے افواج پاکستان اور سیکورٹی ادارے پرعزم ہیں۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین

حکومت کو چاہیے کہ اس کھلی دہشت گردی کے خلاف سخت سے سخت اقدامات اٹھائے اور ان دہشت گردوں کی معاونت کرنے والے ان کے ہینڈلرز کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرے۔

دہشت گردوں کا کوئی دین مذہب نہیں ہوتا وہ فسادی اور خوارج ہوتے ہیں ان کا قلع قمع کرنا ضروری ہے۔

اپنے ملک اور اپنے اداروں کی قدر کریں اور دشمنوں کی سازشوں ان کے مکروہ عزائم؟ ان کے ایجنٹوں کے خلاف سینہ سپر ہوجائیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

وفاقی تعلیمی بورڈ کا انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے سالانہ نتائج کا اعلان

وفاقی وزیر مملکت تعلیم وجیہہ قمر کی تقریب میں شرکت، نمایاں پوزیشن حاصل کرنیوالے طلبا و طالبات کو مبارکباد دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا۔ وفاقی وزیر مملکت برائے تعلیم وجیہہ قمر نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کو مبارکباد پیش کی۔ وفاقی تعلیمی بورڈ کی جانب سے اعلان کردہ نتائج کے مطابق پری میڈیکل گروپ میں علی طارق نے 1071 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی، وردہ سرفراز نے 1070 نمبر کے ساتھ دوسری جب کہ عروہ ملک اور مناہل مرتضیٰ نے تیسری پوزیشن مشترکہ طور پر حاصل کی۔ پری انجینئرنگ گروپ میں پہلی پوزیشن مزمل ساجد نے 1063 نمبر کے ساتھ حاصل کی، محمد سمیع نے 1059 نمبر لے کر دوسری اور عائشہ نعیم نے 1054 نمبر کے ساتھ تیسری پوزیشن اپنے نام کی۔ گیارہویں جماعت کے امتحان میں 97 ہزار 928 طلبا و طالبات شریک ہوئے جن میں سے 60 ہزار 794 کامیاب قرار پائے۔ بارہویں جماعت میں 96 ہزار 521 امیدوار شریک ہوئے، جن میں سے 79 ہزار 881 نے کامیابی حاصل کی۔ انٹرمیڈیٹ کا مجموعی نتیجہ 83.19 فیصد رہا، طلبا کی کامیابی کا تناسب 75.85 فیصد جب کہ طالبات کی کامیابی کا تناسب 88.91 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ پری میڈیکل گروپ میں کامیابی کا تناسب 94.04 فیصد جب کہ پری انجینئرنگ گروپ میں 88.89 فیصد رہا۔

ہم پاکستان کی معیشت کو ترقی دینے کیلئے پرعزم ہیں، ایس ایم تنویر

پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے، اس کی برآمدات کو پہلے مرحلے میں کم از کم 100 بلین امریکی ڈالر تک بڑھایا جاسکتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر نے کہا کہ کاروباری برادری حکومت کا ساتھ دینے کے لیے پرعزم ہے اور ہم پاکستان کی معیشت کو ترقی دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ وہ فیصل آباد وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیراہتمام پاکستان کی 78ویں یوم آزادی کی تقریبات اور پاکستان کی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکا سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں ایف پی سی سی آئی کی مرکزی قیادت نے بھی شرکت کی۔ مسٹر ایس ایم تنویر نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی حکومت کی ہر طرح سے حمایت کرے گا اور پاکستان کی معیشت کی ترقی کے لیے اپنے اقدامات کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے خاص طور پر حالیہ پاک بھارت تنازعہ میں پاکستان کی مسلح افواج کے کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے، اس کی برآمدات کو پہلے مرحلے میں کم از کم 100 بلین امریکی ڈالر تک بڑھایا جاسکتا ہے جس میں مزید اضافے کی صلاحیت ہے۔ انہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے پر مزید زور دیا اور خاص طور پر محترمہ روبینہ امجد، بانی صدر فیصل آباد وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو اس سلسلے میں انتہائی تعمیری کردار ادا کرنے پر سراہا۔

پشین۔ ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری، حتمی نتائج کا اعلان کر دیا

10 مختلف نتائج کا اعلان کیا گیا، سیکرٹری پبلک سروس کمیشن نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے قانون و پارلیمانی امور، سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن، ہاؤسنگ اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، پنجاب اسمال انڈسٹریز کارپوریشن اور پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ سمیت مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری اور حتمی نتائج کا اعلان کر دیا۔ ان محکموں میں کل 10 مختلف نتائج کا اعلان کیا گیا۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ترجمان کے مطابق: قانون و پارلیمانی امور ڈیپارٹمنٹ میں ریسرچ آفیسر کی ایک آسامی کے لیے تحریری امتحان کا نتیجہ جاری کیا گیا جس میں ایک امیدوار انٹرویو کے لیے کامیاب قرار پایا۔ آبپاشی محکمہ میں ضلع سرگودھا کے لیے ضلعدار کی 11 آسامیوں پر 55 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب قرار پائے جبکہ ساہیوال ڈویژن کے لیے ضلعدار کی 17 آسامیوں پر 82 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے۔ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ پروفیسر کمیونٹی میڈیسن کی ایک آسامی پر ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا۔ اسی محکمہ میں اسسٹنٹ پروفیسر ڈرماٹولوجی اور اسسٹنٹ پروفیسر پلاسٹک سرجری کی ایک، ایک آسامیوں پر بھی امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا۔ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واسا) میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر انجینئرنگ / سب ڈویژنل آفیسر (سول) کی آسامیوں کے لیے تین امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا

پانی کے قدرتی راستوں پر غیر قانونی اور بے ہنگم تعمیرات کے خطرناک نتائج سے بچنا ممکن نہیں، سیکرٹری سیرا

ہم نے 2005ء کے قیامت خیز زلزلہ 2011ء بعد ازاں 2022ء میں آنیوالے تباہ کن سیلابوں سے کوئی سبق نہیں سیکھا، خالد محمود مرزا

مظفر آباد (این این آئی) سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے کہا ہے کہ پانی کے قدرتی راستوں پر غیر قانونی اور بے ہنگم تعمیرات کے خطرناک نتائج سے بچنا ممکن نہیں، یہ افسوسناک امر ہے کہ ہم نے 2005ء کے قیامت خیز زلزلہ 2011ء بعد ازاں 2022ء میں آنے والے تباہ کن سیلابوں سے حقیقی معنوں میں کوئی سبق نہیں سیکھا۔ آٹھ اکتوبر 2005ء کے تباہ کن زلزلہ میں آزاد کشمیر کے سات اضلاع میں 46574 قیمتی انسانی جانوں کی جدائی کا دکھ برداشت کرنے کے علاوہ، اربوں روپے مالیت کی تعمیر کی گئی نجی و سرکاری املاک آن واحد میں ملبے کا ڈھیر بن گئیں، رواں مالی سال شعبہ تعلیم کے ایسے منصوبے جن پر 80 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے ان کیلئے حکومت پاکستان کی طرف سے ایک ارب روپے فراہم کئے جا رہے ہیں جن سے ان منصوبوں کی تکمیل کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے سول سروسز اکیڈمی لالہ موسیٰ میں زیر تربیت لوکل گورنمنٹ پنجاب کے افسران کو زلزلہ متاثرہ علاقوں میں جاری تعمیر نو پروگرام کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کیا۔ زلزلہ متاثرہ علاقوں میں جاری تعمیر نو پروگرام کے بارے میں مزید تفصیلات بتاتے ہوئے ایڈیشنل سیکرٹری سیرا عابد غنی میر نے کہا کہ حکومت پاکستان نے زلزلہ متاثرین کی بحالی اور تعمیر نو کے لیے وفاقی سطح پر ایرا اور آزاد کشمیر میں سیرا اور خیبر پختونخواہ میں پیرا کے نام سے ادارے قائم کر کے تعمیر نو پروگرام کے تحت آزاد کشمیر میں تعلیم، صحت، گورننس سمیت دیگر شعبوں میں 7608 منصوبہ جات مرتب کر کے تعمیر نو کا آغاز کیا، جن میں سے 5878 منصوبے مکمل کر کے سیرا نے متعلقہ محکموں کے سپرد کر دیئے 919 منصوبوں پر کام جاری فنڈز نہ ملنے کے باعث ان منصوبوں پر تعمیراتی کام تعطل کا شکار ہے جبکہ 811 منصوبوں پر فنڈز کی قلت کے باعث کام شروع ہی نہیں کیا جاسکا، زلزلہ کی قدرتی آفت کو 20 سال گزر چکے ہیں ابھی تک آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرہ علاقوں میں دو لاکھ بچے اور بچیاں انتہائی گرم و سرد موسم میں کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کر رہے ہیں، زلزلہ متاثرہ علاقوں میں مرتب کیے گئے ان منصوبوں کے لیے 44.125 بلین روپے درکار ہیں 2010ء کے بعد وفاقی حکومت کی جانب سے منصوبوں کی تکمیل کے لیے فنڈز کی قلت کے باعث ابھی تک 1710 منصوبے مکمل کرنا باقی ہیں، سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے کہا کہ قدرتی آفات کو روکنے کے لیے بہتر منصوبہ بندی، محفوظ تعمیرات اور بروقت حفاظتی اقدامات کے ذریعے نقصانات کو نمایاں طور پر کم کیا جاسکتا ہے۔

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے اہلخانہ سے ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کلیدی کردار کے سبب مسئلہ کشمیر کو پہلی بار جرأت سے اٹھایا گیا، چوہدری طارق فاروق

اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت و وقار میں اضافہ کرسکتے ہیں، سیکرٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر

ٹیکساس (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری چوہدری طارق فاروق نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کلیدی کردار کے سبب مسئلہ کشمیر کو پہلی بار جرأت سے اٹھایا گیا ہے، اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت و وقار میں اضافہ کرسکتے ہیں۔ امریکا کی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈیلس میں پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کیلئے ایک شاندار اور یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ممتاز تاجر، سیاسی و سماجی رہنما اور وزیراعظم آزاد کشمیر کے سابق کوآرڈینیٹر ملک عابد حسین نے اپنی رہائش گاہ پر پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری اور حکومت آزاد کشمیر کے سابق سینئر وزیر چوہدری طارق فاروق کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا۔ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری طارق فاروق نے میزبان ملک عابد حسین کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اوورسیز کمیونٹی میں اس طرح کی تقریبات اتحاد اور یگانگت کو فروغ دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے ہمیشہ وطن عزیز کو مضبوط بنانے میں پیش پیش رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت اور وقار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر پر بھی بات کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیوں نے ہمیشہ حق کے معرکے میں سرفخر سے بلند کیے ہیں، حالیہ بھارت سے جنگ میں فیلڈ مارشل عاصم منیر اور پاک افواج کا کردار اور وزیر اعظم شہباز شریف کی کاوشیں قابل فخر ہیں، اس جنگ میں فتح نے پوری قوم کا سر دنیا بھر میں فخر سے بلند کیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری نے کہا کہ پہلی بار عالمی سطح پر جس جرأت اور مضبوط موقف کے ساتھ مسئلہ کشمیر کو بھی اٹھایا گیا، اس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کردار کلیدی رہا۔

88 ملین پرانے، غیر موثر پنکھوں کو توانائی بچانے والے ماڈلز سے تبدیل کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی

دیہاتوں، شہروں میں 8 کروڑ 80 لاکھ پنکھے تبدیل کئے جائیں، مجموعی طور پر ساڑھے 3 ارب سے زائد کی لاگت کا تخمینہ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں 88 ملین پرانے اور غیر موثر پنکھوں کو توانائی بچانے والے ماڈلز سے تبدیل کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی جس پر مجموعی طور پر ساڑھے 3 ارب سے زائد کی لاگت کا تخمینہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق مطابق نیشنل انرجی ایفیشنسی اینڈ کنزرویشن اتھارٹی کے مطابق اس پروگرام میں 5 کروڑ دیہی اور 3 کروڑ 80 لاکھ شہری گھروں کے پنکھے شامل ہیں جنہیں آئندہ 10 برس میں مرحلہ وار تبدیل کیا جائے گا۔ حکومت نے پنکھا تبدیلی پروگرام منظور کرتے ہوئے وزارت خزانہ کے ذریعے 2 ارب روپے کی ٹیکنیکل سپلائی گرانٹ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس اقدام سے بجلی کی طلب میں 5 ہزار میگاواٹ تک کمی آئے گی، جو گرمیوں میں قومی پاور گرڈ پر پڑنے والے شدید دباؤ کو کم کرنے میں مددگار ہوگی۔ فنانسنگ ماڈل کے تحت صارفین قسطوں پر توانائی بچانے والے پنکھے خرید سکیں گے

ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کی گورنر لیزا کک کو عہدے سے برطرف کردیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کی گورنر لیزا کک کو مبینہ رہن (مارگیج) فراڈ کے الزامات کی بنیاد پر عہدے سے برطرف کردیا۔ چینی میڈیا کے مطابق اس فیصلے کا اعلان صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ٹروتھ سوشل پر جاری کیے گئے ایک خط کے ذریعے کیا۔ ٹرمپ نے اپنے خط میں لکھا

بھارت پر امریکی ٹیرف، آئی ٹی انڈسٹری بھرپور استفادہ کرنے کی حکمت عملی بنائے، علی عمران آصف

لاہور (این این آئی) سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی عمران آصف نے کہا ہے کہ عالمی تجارتی پالیسیوں میں تبدیلی اور امریکہ کی جانب سے بھارت سے سروسز کی فراہمی پر ممکنہ ٹیرف کے نفاذ سے کاروبار ابھرتی ہوئی مارکیٹس کی طرف منتقل ہوسکتا ہے اس لئے پاکستان کو اس سے بھرپور استفادہ کرنے کیلئے جنگی بنیادوں پر حکمت عملی بنانی چاہیے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی پالیسیوں میں تبدیلی پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری پر مثبت اثر ڈالے گی، اگست کے آغاز میں امریکی انتظامیہ نے پاکستانی مصنوعات پر 19 فیصد ٹیرف عائد کیا تھا، دوسری جانب بھارت پر 50 فیصد تک اضافی ٹیرف لگائے گئے ہیں، پہلے سے 25 فیصد ٹیرف نافذ ہو چکا ہے جبکہ باقی 25 فیصد 27 اگست سے نافذ ہوگا۔ حکومت آئی ٹی سے وابستہ کمپنیوں کی مکمل سرپرستی کرے، آئی ٹی اور سروسز کی ایکسپورٹ میں مزید آسانی پیدا کی جائے، حکومت اپنے وسائل کا رخ آئی ٹی انڈسٹری کی طرف موڑے اور آئندہ چند سالوں میں پاکستان آئی ٹی کی ایکسپورٹ سے اربوں ڈالر کما سکتا ہے۔ علی عمران آصف نے کہا کہ آئی ٹی اور سروسز کی ایکسپورٹ کے لئے اسٹیٹ بینک کو اپنی شرائط میں مزید نرمی کرنی چاہیے،

کنٹرول لائن کے پونچھ سیکٹر میں بھارتی فوج کی بڑے پیمانے پر نقل و حرکت

بھارت پاکستان کیخلاف ایک اور مہم جوئی کی تیاری کر رہا ہے، مقامی لوگ شدید خوف و ہراس کا شکار

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے ضلع بارہمولہ میں کنٹرول لائن کے پونچھ سیکٹر میں ہتھیاروں اور گولہ بارود سے لیس بھارتی فوجیوں کی بڑے پیمانے پر نقل و حرکت کی وجہ سے اوڑی اور دیگر ملحقہ علاقوں کے لوگوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ کشمیریوں کو خدشہ ہے کہ بھارت پاکستان کے خلاف ایک اور مہم جوئی کی تیاری کر رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کنٹرول لائن سے متصل اوڑی۔ گلمرگ پٹی میں بھارتی فوج گزشتہ دس دنوں سے بڑے پیمانے پر نقل و حرکت جاری رکھے ہوئے ہے۔ متاثرہ علاقوں سے کئی خاندان پہلے ہی انخلاء کر چکے ہیں۔ ان علاقوں کے لوگ شدید خوف اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں اور لوگوں باہر نکلنے کی بجائے گھروں میں ہی رہنے کو ترجیح دیتے ہیں

ریاست تباہی کے دہانے پر سیاسی نظام ناکام ہو چکا ہے، محمد طاہر کھوکھر

آج ریاست افراتفری بدانتظامی معاشی تباہ حالی اور سیاسی دیوالیہ پن کی دلدل میں دھنستی جارہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر اور سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ ریاست کو دانستہ طور پر ایک ایسی نہج پر لا کھڑا کیا گیا ہے جہاں سے واپسی کا راستہ صرف شعور نیا سیاسی وژن اور باصلاحیت قیادت ہی فراہم کرسکتی ہے آج ریاست افراتفری بدانتظامی معاشی تباہ حالی اور سیاسی دیوالیہ پن کی دلدل میں دھنستی جا رہی ہے اور اس کی بنیادی وجہ روایتی سیاسی جماعتوں کی ناکامی مفاد پرستی اور عوام دشمن پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ طاہر کھوکھر نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کا انتظامی و معاشی ڈھانچہ مفلوج ہو چکا ہے ریاست کے اندر ریاست کا تصور اب ایک حقیقت بنتا جا رہا ہے قانون کی عملداری ختم ہو چکی ہے طاقتور طبقے قانون سے بالاتر ہو چکے ہیں جبکہ عام شہری انصاف کے لیے در در کی ٹھوکریں کھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں حکومتیں بدلتی رہیں چہرے بدلتے رہے لیکن عوام کے حالات نہیں بدلے عوام کو سبز باغ دکھائے گئے جھوٹے وعدے کیے گئے مگر عملی طور پر کچھ بھی نہ کیا گیا مہنگائی کا جن بے قابو ہے نوجوان بے روزگار ہیں تعلیم اور صحت جیسے بنیادی شعبے شدید بحران کا شکار ہیں لیکن حکمران طبقہ اب بھی خواب خرگوش کے مزے لے رہا ہے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ موجودہ سیاسی جماعتیں صرف الیکشن جیتنے اور اقتدار حاصل کرنے کی مشینیں بن چکی ہیں ان جماعتوں کے منشور کھوکھلے نعرے بن چکے ہیں جن کا زمینی حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اب ان جماعتوں سے مایوس ہو چکے ہیں کیونکہ یہ عوام کو ریلیف دینے معیاری زندگی فراہم کرنے اور ریاست کو ایک منظم نظام کے تحت چلانے میں مکمل ناکام ہو چکی ہیں جب عوام کا اعتماد اپنی قیادت سے ختم ہو جائے جب نظام انصاف مفلوج ہو جائے جب قانون صرف کمزور پر لاگو ہو اور جب ریاست کا کوئی سمت نہ ہو تو وہ ملک بحرانوں کا شکار ہو جاتا ہے جیسا کہ آج ہو رہا ہے۔ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں ریاست کو ایک نئی سیاسی جماعت ایک نئی قیادت اور ایک واضح وژن کی ضرورت ہے پاسبان وطن پاکستان صرف ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک عوامی تحریک ہے

غزہ کے حق میں دنیا کا سب سے بڑا احتجاج، آسٹریلیا میں لاکھوں افراد سڑکوں پر نکل آئے

سڈنی (اے ایف پی) غزہ کے حق میں دنیا کا سب سے بڑا احتجاج کیا گیا، غزہ میں اسرائیلی جارحیت اور مظالم کے خلاف آسٹریلیا بھر میں لاکھوں افراد سڑکوں پر نکل آئے۔ سڈنی، میلبرن، پرتھ، ایڈیلیڈ، کینبرا، ہوبارٹ اور برسبین سمیت 40 سے زائد شہروں میں بڑے مظاہرے کئے گئے جن میں 3 لاکھ سے زیادہ افراد شریک ہوئے۔ مظاہرین نے فلسطینی عوام کے حق میں نعرے لگائے اور مطالبہ کیا کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ میں جاری نسل کشی اور جبری قحط کو روکا جائے، عوام نے آسٹریلوی حکومت پر زور دیا

سندھ بھر میں بارشوں کے بعد ملیریا کے کیسز میں اضافہ

کراچی (اے ایف پی) سندھ بھر میں بارشوں کے بعد ملیریا کے کیسز میں اضافہ ہونے لگا۔ محکمہ صحت کے ترجمان کے مطابق جنوری سے 25 اگست تک سندھ بھر میں ملیریا کے 1 لاکھ 16 ہزار 828 کیس سامنے آئے، کراچی سے ملیریا کے 1200 کیس رپورٹ ہوئے۔ ترجمان کے مطابق کراچی میں سب سے زیادہ ضلع ملیر سے ملیریا کے 432 کیس رپورٹ ہوئے

قیام امن نوشہرہ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، احمد شاہ

نوشہرہ (این این آئی) ضلعی پولیس سربراہ احمد شاہ نے کہا ہے کہ قیام امن نوشہرہ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، افسران، جوانان عوامی خدمت سے لبریز اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں، جرائم کی بیخ کنی میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ تفصیلات کے مطابق اپنی پیشہ ورانہ خدمات کو بروئے کار لا کر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کمر بستہ پولیس افسران و جوانان کی حوصلہ افزائی کیلئے نیو ڈی ای او کمپلیکس کے کانفرنس ہال میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

روس، ایندھن کی برآمد پر پابندی میں توسیع کا اعلان

ماسکو (این این آئی) روسی حکومت نے ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی صورتحال کے پیش نظر پٹرول کی برآمد پر عائد موجودہ پابندی میں توسیع کا فیصلہ کر لیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ فیصلہ نائب وزیر اعظم الیگزینڈر نوواک کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس کے بعد سامنے آیا۔ حکومتی بیان کے مطابق فی الحال پٹرول کی برآمد پر تمام مارکیٹ شرکا کے لیے پابندی نافذ ہے جس میں اب توسیع کی جا رہی ہے۔



بونیر، الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کار متاثرین کے لئے امدادی سامان لے کر جارہے ہیں

محکمہ اوقاف نے وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائز کر لیا، 14 ہزار پراپرٹیز کی آٹومیشن کر لی گئی، طاہر رضا بخاری

محکمہ اوقاف کے کرایہ داری یونٹس کے رینٹ کی ادائیگی ''آٹو جنریٹڈ رینٹ ووچرز'' کے ذریعہ ہوگی، سیکرٹری اوقاف

لاہور (این این آئی) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں وقف اراضیات کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اوقاف نے صوبہ بھر کی وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائز کر لیا، 14 ہزار پراپرٹی کی آٹومیشن کر لی گئی۔ اوقاف کے کرایہ داری یونٹس کے رینٹ کی ادائیگی ''آٹو جنریٹڈ رینٹ ووچرز'' کے ذریعہ ہوگی۔ عدالتی کیسز کی بروقت پیروی کے لیے موبائل ایپ بھی متعارف کروادی گئی ہے۔ 360 ویو کیمروں سے وقف املاک کی جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے ذریعے نگرانی ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بھر کی وقف پراپرٹیز کے آئن لائن نمبرز جاری کر کے، اُن پر آویزاں کر دیے گئے ہیں۔ جاری شدہ نمبرز سے وقف زمین کا مکمل ریکارڈ چیک کیا جاسکے گا۔ جی پی ایس اور جی آئی ایس کی مدد سے وقف زمینوں کی مکمل مانیٹرنگ ہوگی۔ جیو میپنگ ٹیکنالوجی سے اراضی ریکارڈ محفوظ اور مستعد بنا دیا گیا ہے۔ سیکرٹری اوقاف نے کہا کہ جدید نظام سے غیر قانونی قبضوں کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی۔ گورننس کو بہتر اور وقف اثاثہ جات کو محفوظ و مفید بنانا بنیادی ترجیح ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور خالد محمود سندھو، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف محمد شاکر، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹرز اوقاف عظیم حیات، آصف اعجاز، چوہدری طاہر احمد، ایاز حبیب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر قاضی عبدالرزاق و دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ مزید یہ کہ ایوان اوقاف لاہور میں پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ماڈل کو فالو کرتے ہوئے مالیتی 125 ملین کا ایک جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بھی تیار کیا جا رہا ہے،

ٹریفک پولیس پنجاب کے ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ

ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیمولیٹرز نصب کرنے کا عمل شروع

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت پنجاب ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجی کی راہ پر گامزن ہے، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کی قیادت میں ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیمولیٹرز نصب کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ پہلے مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان ساہیوال اوکاڑہ اور گجرات میں سیمولیٹرز نصب کیے گئے ہیں، دوسرے مرحلے میں صوبے کے تمام شہروں کے ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں سیمولیٹرز نصب کئے جائیں گے۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا کہ جدید سیمولیٹرز کی تنصیب روایتی ٹریننگ سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی عملی کوشش ہے، جدید سیمولیٹرز نصب کرنے کا مقصد محفوظ اور معیاری تربیت فراہم کرنا ہے، دوسرے مرحلے میں زیر تربیت شہریوں کو شاہرات پر عملی ٹریننگ کروائی جاتی ہے۔ شاہرات پر عملی تربیت سے سٹوڈنٹس کو پر اعتماد ڈرائیور بنایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق ٹریفک پولیس کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جا رہا ہے، جدید سیمولیٹرز کے استعمال سے ٹریفک قوانین کی پاسداری اور روڈ سیفٹی بارے عوامی آگاہی بہتر ہو گی، خواتین سیمولیٹرز پر محفوظ ماحول میں باآسانی ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرسکتی ہیں،

کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ لاڑکانہ میں 600 بستروں پر مشتمل نئے ہسپتال کے قیام بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیراڈائز گروپ آف کمپنیز کی عظیم خوشبوؤں کی دنیا میں شاندار انٹری

امید ہے انشاءاللہ یہ پرفیوم بہت کم وقت میں پوری دنیا کے اندر اپنا منفرد مقام حاصل کرلے گی، ملک محمد اسحاق

دبئی (این این آئی) پیراڈائز گروپ آف کمپنیز کی عظیم خوشبوؤں کی دنیا میں شاندار انٹری، کوئین آف پیراڈائز کے نام سے لگژری پرفیوم لانچ کر دی سی ای او پیراڈائز گروپ آف کمپنیز ملک محمد اسحاق کو دنیا بھر سے مبارکبادیں دینے والوں کا تانتا بندھ گیا، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سی ای او پیراڈائز گروپ آف کمپنیز ملک محمد اسحاق نے کہا کہ میں اس لمحے کا برسوں سے خواب دیکھ رہا تھا اور بالآخر وہ وقت آن پہنچا جب آج ہم نے خوشبوؤں کی دنیا میں اپنا بہترین لگژری پرفیوم کوئین آف پیراڈائز لانچ کیا مجھے پوری امید ہے ان شاء اللہ یہ پرفیوم بہت کم وقت میں پوری دنیا کے اندر اپنا منفرد مقام حاصل کرلے گی ملک محمد اسحاق کے مطابق یہ پرفیوم ہر فرد اور ہر محفل کے لیے موزوں ہے پرفیوم کی خوشبو سے نہ صرف تروتازگی کا احساس ہوتا ہے بلکہ شخصیت کی خوبصورتی اور کشش میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ پرفیوم لگانے سے انسان کی اپنی خوداعتمادی میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور اچھی خوشبو سے لوگ بھی متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ معطر ہوائیں اور عطر بیز فضائیں روحِ انسانی کے لیے غذا کا کام کرتی ہیں اور روحِ قوی کے لیے سرمایہ حیات ہیں۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ تعلیم کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

انڈونیشیا، بلند آواز میں لاؤڈ اسپیکر سے کھڑکیاں ٹوٹ گئیں

شدید عوامی ردعمل کے بعد مشرقی جاوا کی حکومت نے لاؤڈ اسپیکر پر پابندی عائد کردی

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے جزیرہ جاوا میں شادیوں اور تقریبات میں استعمال ہونے والے دیوہیکل لاؤڈ اسپیکر ٹاورز عوامی پریشانی اور سماجی تنازع کا باعث بن گئے، ان کے شور سے نا صرف گھروں کی کھڑکیاں اور دیواریں ٹوٹنے کی شکایات سامنے آئی ہیں بلکہ مقامی حکام اور مذہبی اداروں نے بھی اس پر سخت اقدامات کیے ہیں۔ مشرقی جاوا کے علاقے نگانترو گاؤں کے رہائشی احمد سلیات نے بتایا کہ دوپہر 1 بجے سے رات 3 بجے تک زوردار آواز میں میوزک بجتا رہتا ہے، لوگ شراب پیتے ہیں اور شور مچاتے ہیں، یہ واقعی بہت پریشان کن ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیوز میں دیواروں میں دراڑیں، چھت کی ٹائلیں گرنے اور دکانوں کو نقصان پہنچنے کے مناظر دیکھے جاسکتے ہیں، اس شور کو مقامی زبان میں ساؤنڈ ہورگ کہا جاتا ہے، جس کا مطلب ہے لرزش یا جھٹکا۔ شدید عوامی ردعمل کے بعد مشرقی جاوا کی حکومت نے نئے قوانین جاری کیے ہیں: جس کے تحت آواز کی سطح 120 ڈیسی بیل تک محدود ہوگی، جلوس یا احتجاج میں استعمال ہونے والے موبائل اسپیکرز کی حد 85 ڈیسی بیل رکھی گئی ہے۔ اسکولوں، اسپتالوں اور عبادت گاہوں کے قریب اسپیکرز بجانے پر پابندی عائد ہے۔ مشرقی جاوا کی گورنر خوفیہ اندراپرواں سانے کہا

ٹرمپ نے امریکی وزارتِ دفاع کا نام بدلنے کا ارادہ ظاہر کردیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے امریکی وزارتِ دفاع کا نام بدل کر ڈیپارٹمنٹ آف وار رکھنے کا ارادہ ظاہر کردیا۔ صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ دفاع سننے میں اچھا نہیں لگتا، ہم کس چیز کا دفاع کر رہے ہیں اور دفاع ہی کیوں کر رہے ہیں؟ ٹرمپ نے کہا کہ ماضی میں اس محکمے کا نام محکمہ جنگ ہوا کرتا ہے، یہ سننے میں بھی اچھا لگتا تھا اس دوران ہم نے جنگ عظیم اول جیتی، جنگ عظیم دوم جیتی اور بہت سی جنگیں جیتیں۔

یاکوہاما، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو یاکوہاما میں بریفنگ دی جارہی ہے

بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمت رواں سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

فلور ملز کا 7 ہزار 200 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری فائن آٹا اب 9 ہزار 150 روپے میں مل رہا ہے

کوئٹہ (جی این ایم) چمن سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمت رواں سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ بلوچستان میں پچھلے 10 روز کے دوران 7 ہزار روپے تک دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت میں 2 ہزار روپے اضافے کے ساتھ ایک بوری 9 ہزار روپے کی ہوگئی۔ چمن میں ڈیلرز ایسوسی ایشن کے مطابق پنجاب ملز آٹے کی 6 ہزار 900 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت 2 ہزار روپے اضافہ کے ساتھ اب 8 ہزار 900 روپے ہوگئی۔ اسی طرح مقامی فلور ملز کا 7 ہزار 200 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری فائن آٹا اب 9 ہزار 150 روپے میں مل رہا ہے۔ ڈیلرز کا کہنا ہے کہ سندھ پنجاب میں طوفانی بارشیں، گندم کی قیمت میں اضافے سمیت کئی وجوہات کو جواز بنا کر مل مالکان خود ساختہ اضافہ کر رہے ہیں۔ فلور ایسوسی کا کہنا ہے کہ اوسط قیمت میں اضافے کا رجحان صرف چمن تک محدود نہیں بلکہ صوبے بھر میں ہے۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 2 لاکھ 40 ہزار کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 45 ہزار 400 کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 39 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 39 ہزار 400 کیوسک، خیر آباد پل آمد 2 لاکھ 28 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 28 ہزار 800 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد رہا

عالمی برادری سے مظلوم کشمیریوں کیلئے آواز بلند کرنے کی اپیل

کشمیر کے حق پر مبنی جدوجہد آزادی کی حمایت کرنا خود انسانیت کے دفاع کے مترادف ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں سول سوسائٹی گروپوں اور انسانی حقوق کے علمبرداروں نے عالمی انصاف پسند ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ مودی کی بھارتی حکومت کے وحشیانہ مظالم کا نشانہ بننے والے مظلوم کشمیری عوام کیلئے آواز بلند کریں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سول سوسائٹی گروپوں اور انسانی حقوق کے کارکنوں نے کہا کہ دنیا بھر کے آزادی پسند لوگوں کو بھارت کی طرف سے مقبوضہ جموں وکشمیر کی آبادی کے تناسب کو بگاڑنے اور کشمیریوں کے بنیادی حقوق کی منظم خلاف ورزیوں پر اپنی آواز بلند کرنی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مظلوم کشمیریوں کی حمایت میں اٹھنے والی ہر آواز سے اقوام متحدہ کے تسلیم شدہ حق خودارادیت کے لیے کشمیری عوام کی پرامن جدوجہد کو تقویت ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے حق پر مبنی جدوجہد آزادی کی حمایت کرنا خود انسانیت کے دفاع کے مترادف ہے۔ انہوں نے خاص طور پر امت مسلمہ پر زور دیا کہ وہ اپنی خاموشی ترک کرتے ہوئے مظلوم کشمیریوں کے دفاع کیلئے آگے آئے۔

فیصل آباد میں نئے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نئے ایئرپورٹ کیلئے ڈیزائن، ماسٹر پلان کا خیر مقدم

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قائم مقام صدر قیصر شمس گچھانے پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کی طرف سے فیصل آباد میں نئے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نئے ایئرپورٹ کیلئے ڈیزائن، ماسٹر پلان اور قابل عمل ہونے کی سٹڈی کرانے کیلئے پیشکشیں طلب کرنے کا خیر مقدم کیا ہے۔

میر واعظ عمر فاروق کا کشمیری نظربندوں کی رہائی کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور

اگر ہم واقعی تمام کشمیریوں کی رہائی چاہتے ہیں تو ہم سب کو مشترکہ کوششیں کرنی ہوں گی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق نے جموں وکشمیر اور بھارت کی مختلف جیلوں میں قید ہزاروں کشمیری نظربندوں کی فوری رہائی کے لیے مشترکہ کوششوں پر زور دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق میر واعظ عمر فاروق نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ غیر قانونی طور پر نظربند ہزاروں کشمیری نظربندوں کی حالت زار کو اجاگر کرنا اور ان کی رہائی کیلئے ہر ممکن کوشش کرنا تمام کشمیریوں کی اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم واقعی تمام کشمیریوں کی رہائی چاہتے ہیں تو ہم سب کو مشترکہ کوششیں کرنی ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس انسانی مسئلہ پر بھی سیاست کرنا انتہائی شرمناک ہے۔ میر واعظ نے تمام سیاسی اور سماجی گروپوں اور سول سوسائٹی کے اراکین سے اپیل کی کہ وہ مل کر کشمیری نظربندوں کی رہائی کے لیے جدوجہد کریں۔ ادھر میر واعظ کشمیر عمر فاروق نے ماہ ربیع الاول کے مقدس مہینے کی آمد پر امت مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے اسی ماہ متبرک میں انسانیت کے آخری نجات دہندہ پیغمبر رحمت حضرت محمد ﷺ کی ولادت اور بعثت ہوئی ہے

صاف پانی پروگرام فیز ون میں 49 ارب کی لاگت سے پانی کی 9 سکیمیں منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے تیسرے گورننگ باڈی کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے صاف پانی پروگرام فیز ون میں 49 ارب کی لاگت سے پانی کی 9 سکیمیں منظور کر لی گئیں۔ پروگرام کی تکمیل سے پنجاب کی 27 ملین سے زائد کی آبادی مستفید ہوسکے گی

پولیس ٹیموں کو ممکنہ بارشوں، سیلابی صورتحال میں ریسکیو آپریشنز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت

دریاؤں کے کنارے آباد دیہاتوں، آبادیوں میں پولیس کی امدادی ٹیموں کی پیٹرولنگ باقاعدگی سے جاری رکھی جائے، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (اے ایف پی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش، ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر پنجاب پولیس ہائی الرٹ ہے۔ ترجمان کے مطابق آئی جی پنجاب کی پولیس ٹیموں کو ممکنہ بارشوں، سیلابی صورتحال میں ریسکیو آپریشنز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت، دریاؤں ندی نالوں، دیہاتوں کے ارگرد آبادی اور مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لئے جاری آمد سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس سیلابی ریلے کی آمد کے پیش نظر آبادی کا بروقت انخلا یقینی بنانے میں متعلقہ اداروں کو بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے، آئی جی پنجاب کا قصور اوکاڑہ، پاکپتن، وہاڑی، بہاولنگر، لودھراں، مظفر گڑھ، ملتان اور دیگر علاقوں میں پولیس کو ہمہ وقت مستعد رہنے کا حکم، آئی جی پنجاب نے کہا

لاہور، وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں نوزائیدہ بچوں کے علاج کے لئے نئے بلاک کا افتتاح کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کی سرگودھا آمد، ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

عوام کو معیاری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، خواجہ عمران نذیر

سرگودھا (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے سرگودھا آمد پر ٹی ایچ کیو ہسپتال کو چیک کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور ضروری احکامات جاری کئے۔ ذرائع کے مطابق صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے سرگودھا آمد پر ٹی ایچ کیو ہسپتال چک 90 جنوبی کو چیک کرتے ہوئے ہسپتال میں صحت عامہ کی سہولیات کا جائزہ لیا اور مریضوں سے ملاقات کر کے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات بارے معلومات حاصل کیں۔ اور ضروری احکامات جاری کرتے ہوئے مختلف شعبہ جات کا معائنہ، صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کا حکم دیا۔ صوبائی وزیر نے جینیٹرز اور انفیکشن کنٹرول پروگرام کے سٹاف کی تنخواہوں کے بارے بریفنگ میں کمپنی کو ملازمین کی ماہانہ تنخواہیں باقاعدگی سے ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سائرہ صفدر، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد شہزاد اور اسسٹنٹ کمشنر شیریں گل موجود تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ہسپتالوں میں صفائی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا، خواجہ عمران نذیر نے کہا

تہران، وفاقی وزیر قومی تحفظ خوراک رانا تنویر حسین ایرانی حکام کے ساتھ اعلیٰ سطحی تجارتی تعاون کے اجلاس میں شریک ہیں

لاہور، اسلام آباد موٹروے کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان

کلاس ون کی ٹرانسپورٹ سے 1330، کلاس 6 کی ٹرانسپورٹ سے 7460 روپے وصول کئے جائینگے

لاہور (این این آئی) نیشنل ہائی ویز اتھارٹی نے لاہور، اسلام آباد موٹروے (ایم ٹو) کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان کر دیا، اضافے کا فوری اطلاق کر دیا گیا جو 25 اگست 2026 تک نافذ العمل رہیں گے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق یہ اضافہ ہر سال ہونے والے 10 فیصد اضافے کا حصہ ہے جو 23 اپریل 2014 کو فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کی ذیلی کمپنی موٹروے آپریشنز اینڈ ری ہیبلیٹیشن انجینئرنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ طے پانے والے کنسیشن ایگریمنٹ کے تحت کیا جاتا ہے، یہ معاہدہ بی او ٹی بنیاد پر ہے اور اس میں دوسرے آپریشنل سال سے ہر سال شرح میں اضافہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کار، جیپ اور ٹیکسی کلاس 1 کے لیے ٹول ٹیکس 1330 روپے مقرر کیا گیا ہے، کار، جیپ اور ٹیکسی کے لیے فی کلومیٹر 3.72 روپے بنتے ہیں جبکہ ویگن کلاس 2 کے لیے ٹول ٹیکس 2240 روپے 6.24 روپے فی کلومیٹر وصول کیا جائے گا، کلاس 3 میں بسوں سے 3130 روپے 8.73 روپے فی کلومیٹر لیے جائیں گے، کلاس 4 میں 2 ایکسل ٹرکس سے 4460 روپے 12.45 روپے فی کلو میٹر کے حساب سے، کلاس 5 میں 3 ایکسل ٹرک سے 5800 روپے 16.20 روپے فی کلو میٹر کے تناسب سے

ویتنام میں طوفان کاجیکی کی تباہ کاریاں، 3 افراد ہلاک، 10 زخمی

ہنوئی (این این آئی) ویتنام کے شمالی اور وسطی علاقوں میں طوفان کاجیکی کے باعث شدید بارشوں، تیز ہواؤں اور سیلاب نے تباہی مچادی، جس کے نتیجے میں کم از کم 3 افراد ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے۔ چینی میڈیا کے مطابق ویتنام کی وزارتِ زراعت و ماحولیات کے مطابق، طوفان سے 6 ہزار 800 سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا، جب کہ 28 ہزار 800 ہیکٹر سے زائد دھان کے کھیت اور 2,200 ہیکٹر دیگر فصلیں زیر آب آ گئیں۔

بھارت نے پانی چھوڑ دیا، متعدد دیہات زیر آب، فصلیں تباہ، لوگ نقل مکانی پر مجبور ہو گئے، جاوید قصوری

ملک میں معاشی عدم استحکام اور بے یقینی کی صورتحال بڑھتی چلی جارہی ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا کہ آبی جارحیت کا بھوت مودی سرکار پر سوار، سندھ طاس معاہدے کی منسوخی کے بعد بھارت نے ستلج میں پانی چھوڑ دیا، جس سے متعدد بند ٹوٹ گئے اور کئی بستیاں زیر آب آئیں اور ان بستیوں کے ہزاروں لوگ بے گھر ہو گئے، ستلج سے متاثرہ اضلاع میں قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر اور وہاڑی شامل ہیں جو کہ اس وقت شدید متاثر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ لوگ اپنے مال مویشیوں کے ساتھ محفوظ مقامات کی طرف نقل مکانی کرنے پر مجبور ہیں۔ کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، خاص طور پر دھان، تل اور چارہ جات کی فصلیں مکمل طور پر تباہ ہو گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پانی چھوڑے جانے سے قصور، پاکپتن، بہاولنگر میں سیلابی صورت حال کا سامنا ہے۔ بارشوں سے مجموعی طور پر 699 افراد جاں بحق، 1080 زخمی، 7175 گھروں کو نقصان، 5552 مویشی ہلاک ہو چکے ہیں، مون سون کا آٹھواں سپیل نے خیبر پختونخواہ میں تباہی مچادی ہے۔ شدید بارشوں سے دریا بھپر گئے ہیں۔ لوگ بے یارو مددگار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سیاسی و معاشی استحکام کی ضرورت ہے

رواں سال جوئے میں ملوث 2511 ملزمان گرفتار، 644 مقدمات درج

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس جوئے کے اڈوں، آن لائن گیمبلنگ میں ملوث عناصر کی سرکوبی کیلئے سرگرم ہے اور رواں سال جوئے کے خلاف کارروائیوں میں 2511 ملزمان گرفتار، 644 مقدمات درج کیے گئے۔ گرفتار ملزمان سے 1 کروڑ 20 لاکھ روپے سے زائد داؤ پر لگی رقم برآمد کی گئی۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے جوئے میں ملوث عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائی کا حکم دے دیا۔ نوجوانوں کو جوئے کی ترغیب دینے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر کڑی نظر رکھنے کا حکم بھی دیا گیا

سانگلہ ہل، پنجابی کے معروف شاعر ارشد منظور مرحوم کی رسم چہلم کی محفل ادبی رنگ اختیار کرگئی

نامور شعرا کرام افضل ندیم افضل، اے ایچ عاطف، حیدر رضا حیدر نے منظوم خراج تحسین پیش کیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پنجابی شاعر ارشد منظور مرحوم کی رسم چہلم مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی، جس میں علما کرام کے علاوہ لاہور اور فیصل آباد سے شعرا کرام، ادیبوں، صحافیوں، سیاسی رہنماؤں اور ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور مرحوم شاعر ارشد منظور کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور رسم چہلم ادا کی گئی، رسم چہلم کے بعد یہ محفل ادبی رنگ اختیار کر گئی، ختم شریف کے فوری بعد پنجابی شاعر افضل ندیم افضل نے نقابت کے فرائض ادا کرتے ہوئے دوسرے شہروں سے آئے ہوئے اور مقامی شعرا کی نشست کا آغاز کر دیا، جس میں شعرا نے مرحوم شاعر ارشد منظور کو منظوم خراج عقیدت پیش کیا

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SPORTS سپورٹس

ناقص کارکردگی سینئرز کو آرام دینے کا فیصلہ

بابر اعظم، شاہین آفریدی، نسیم شاہ اور حارث رؤف دورۂ نیوزی لینڈ میں قومی ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے، ذرائع

لاہور(این این آئی) چیمپئنز ٹرافی میں ناقص کارکردگی کے باعث دورہ نیوزی لینڈ میں سینئرز کھلاڑیوں کو آرام دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بابر اعظم، شاہین آفریدی، نسیم شاہ اور حارث رؤف دورہ نیوزی لینڈ میں قومی ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے۔ نیوزی لینڈ میں کپتانی سے متعلق فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان وائٹ بال سیریز 16 مارچ سے شیڈول ہے۔ نیوزی لینڈ میں پاکستان ٹیم نے 5 ٹی ٹوئنٹی اور تین ون ڈے میچز کھیلنے ہیں، سیریز 16 مارچ سے 5 اپریل تک کھیلی جائے گی۔ یاد رہے کہ پاکستان کو چیمپئنز ٹرافی کے پہلے میچ میں نیوزی لینڈ نے 60 رنز سے شکست دی جبکہ دوسرے میچ میں بھارت نے پاکستان کو 6 وکٹوں سے شکست دی تھی، تیسرا میچ بارش کے باعث منسوخ ہو گیا تھا۔

کراچی، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے دوران انگلینڈ کے بلے باز جو روٹ کا جنوبی افریقہ کے خلاف آؤٹ ہونے کا منظر

ثقلین مشتاق کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ بنائے جانے کا فیصلہ

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ملاقات میں کوچنگ کی پیشکش قبول کرلی، ذرائع

اسلام آباد (راشد محمود) سابق قومی کرکٹ ثقلین مشتاق کو پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ بنائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق عاقب جاوید کو فارغ کیے جانے کے بعد پاکستان کرکٹ ٹیم کی کوچنگ کے لیے ثقلین مشتاق مضبوط امیدوار ہیں، ثقلین مشتاق نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ملاقات میں کوچنگ کی پیشکش قبول کرلی، ثقلین مشتاق دورہ نیوزی لینڈ میں اپنی خدمات انجام دیں گے۔ یاد رہے کہ ثقلین مشتاق اس سے قبل بھی پاکستان کرکٹ ٹیم میں کوچنگ کے فرائض انجام دے چکے ہیں، سابق قومی کرکٹ اور بولر ثقلین مشتاق کو چیمپئنز ٹرافی سے قبل بھی کوچنگ کی آفر ہوئی تھی تاہم انہوں نے شاداب خان کی وجہ سے آفر قبول نہیں کی تھی۔

معمر ترین ٹیسٹ کرکٹر رون ڈریپر 98 سال کی عمر میں چل بسے

1950 میں آسٹریلیا کے خلاف جنوبی افریقا کی جانب سے 2 ٹیسٹ میچز کھیلے تھے

گیکبرہا(این این آئی) دنیا کے سب سے معمر سابق ٹیسٹ کرکٹر رون ڈریپر 98 سال اور 63 دن کی عمر میں جنوبی افریقا میں انتقال کر گئے۔ رون ڈریپر کا انتقال منگل کے روز گیکبرہا کے ایک ریٹائرمنٹ ہوم میں ہوا، ان کے اہل خانہ نے آج ان کے انتقال کی تصدیق کی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق رون ڈریپر ایک ٹاپ آرڈر بلے باز اور جز وقتی وکٹ کیپر تھے، انہوں نے 1950 میں آسٹریلیا کے خلاف جنوبی افریقا کی جانب سے 2 ٹیسٹ میچز کھیلے تھے۔ ان کے انتقال کے بعد آسٹریلیا کے نیل ہاروی اب 96 سال کی عمر کے ساتھ سب سے معمر ٹیسٹ کرکٹر بن گئے ہیں جو بقید حیات ہیں۔ رون ڈریپر 24 دسمبر 1926 کو پیدا ہوئے اور انہوں نے اپنی فرسٹ کلاس کرکٹ میں ایسٹرن پروونس کی جانب سے اورنج فری اسٹیٹ کے خلاف اپنے 19 ویں یوم پیدائش پر سنچری اسکور کی۔ 1949 میں آسٹریلیا کے خلاف ایسٹرن پروونس کی نمائندگی کرتے ہوئے 86 رنز بنانے پر انہیں آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے آخری دو ٹیسٹ میچوں کے لیے منتخب کیا گیا تاہم 3 اننگز میں وہ صرف 25 رنز ہی بنا سکے۔

آسٹریلیا، برسبین رور اور میلبورن وکٹری کی ٹیموں کے مابین فٹ بال میچ جاری ہے

پی ایس ایل 10 کا آغاز 11 اپریل سے اسلام آباد یونائیٹڈ اور لاہور قلندرز کے درمیان میچ سے ہوگا

لاہور(این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 10 کا آغاز 11 اپریل سے راولپنڈی میں دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ اور دو بار کی چیمپئن لاہور قلندرز کے درمیان افتتاحی میچ سے ہوگا۔ ترجمان پی سی بی کے مطابق 6 ٹیموں کے مابین 11 اپریل سے 18 مئی تک 34 میچز کھیلے جائیں گے جس میں لاہور کا قذافی سٹیڈیم 13 میچوں کی میزبانی کرے گا جن میں دو ایلیمینیٹرز اور فائنل شامل ہیں۔ آئندہ ایڈیشن میں ایک نمائشی میچ بھی ہوگا جو 8 اپریل کو پشاور میں کھیلا جائے گا۔ میچ کی دونوں ٹیمیں مناسب وقت پر کنفرم کر دی جائیں گی۔ راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم 13 مئی کو کوالیفائر 1 سمیت 11 میچوں کی میزبانی کرے گا۔ کراچی کا نیشنل بینک سٹیڈیم اور ملتان کرکٹ سٹیڈیم پانچ پانچ میچوں کی میزبانی کریں گے۔ ایونٹ میں تین ڈبل ہیڈرز بھی ہوں گے جس میں دو میچ ویک اینڈ (ہفتہ) اور ایک قومی تعطیل (یوم مئی) پر ہوگا۔ کراچی کنگز جو لیگ کے پانچویں ایڈیشن کی فاتح ہے 12 اپریل کو گزشتہ ایڈیشن کی رنر اپ ملتان سلطانز کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کراچی میں کرے گی۔ ملتان سلطانز جو چھٹے ایڈیشن کی فاتح ٹیم ہے اس کا مقابلہ 22 اپریل کو لاہور قلندرز سے ہوگا ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں یہ پی ایس ایل 10 کا پہلا میچ ہوگا۔ لاہور کا نو تعمیر شدہ قذافی سٹیڈیم 24 اپریل کو ایچ بی ایل پی ایس ایل دسویں ایڈیشن کو خوش آمدید کہے گا جس میں ساتویں اور آٹھویں ایڈیشن کی فاتح ٹیم لاہور قلندرز ہوم گراؤنڈ پر پشاور زلمی کا مقابلہ کرے گی۔ پشاور زلمی اپنے پانچ میچ راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے گی جبکہ چوتھے ایڈیشن کی فاتح ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز قذافی سٹیڈیم میں پانچ میچ کھیلے گی۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ ہمیں ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے تاریخی 10 ویں ایڈیشن کے شیڈول کا باضابطہ اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی ہے۔ پچھلی دہائی کے دوران ایچ بی ایل پی ایس ایل ایک عالمی سطح پر تسلیم شدہ ٹورنامنٹ بن گیا ہے۔

پریذیڈنٹ ٹرافی فائنل، پی سی بی کا منفرد فیصلہ

فرسٹ کلاس کرکٹ میں کھیل شام کے وقت شروع ہوگا اور رات گئے تک جاری رہے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پریذیڈنٹ ٹرافی فائنل کے حوالے سے منفرد فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کے فیصلے کے تحت 5 روزہ فائنل کے تمام سیشنز مصنوعی روشنی میں ہوں گے، فرسٹ کلاس کرکٹ میں پہلی مرتبہ کھیل شام کے وقت شروع ہوگا اور رات گئے تک جاری رہے گا۔ ذرائع کے مطابق پریذیڈنٹ ٹرافی کا فائنل 4 مارچ سے سٹیٹ بینک اور پی ٹی وی کے درمیان راولپنڈی میں شروع ہوگا، فائنل میچ کا کھیل شام ساڑھے 7 بجے شروع ہوگا اور رات اڑھائی بجے تک جاری رہے گا۔ ذرائع کے مطابق پہلا سیشن ساڑھے 7 سے ساڑھے 9، دوسرا سیشن 10 سے 12 اور تیسرا ساڑھے 12 سے اڑھائی بجے تک ہوگا، پریذیڈنٹ ٹرافی کے فائنل میں گلابی رنگ کی گیند استعمال کی جائے گی، اس سے قبل فرسٹ کلاس اور ٹیسٹ میچز میں ڈے اینڈ نائٹ مقابلہ ہو چکا ہے۔

آسٹریلیا، این بی ایل سیمی فائنل میں پرتھ وائلڈ کیٹس اور میلبورن یونائیٹڈ کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

جوز بٹلر نے کپتانی چھوڑ دی، ناصر حسین نے نیا نام جاری کردیا

ہیری بروک انگلینڈ کے اگلے کپتان کے طور پر میری پسند ہوں گے، ناصر حسین

لندن (این این آئی) ناصر حسین نے جوز بٹلر کی جگہ انگلینڈ کی کپتانی کیلئے مثالی امیدوار نامزد کر دیا۔ 9 مارچ تک جاری رہنے والی آئی سی سی مینز چیمپئنز ٹرافی 2025 میں افغانستان سے شکست کے بعد ایونٹ سے باہر ہونے پر جوز بٹلر نے کپتانی چھوڑ دی ہے۔ ناصر حسین نے نئے کپتان کے حوالے سے کہا کہ ہیری بروک انگلینڈ کے اگلے محدود اوورز کے کپتان کے طور پر میری پسند ہوں گے اب واضح طور پر جوز بٹلر سے آگے بڑھنے کا وقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سچ یہ ہے کہ جہاں تک مستقبل کے لیڈروں کا تعلق ہے تو ہمارے پاس آپشنز نہیں اور یہ محدود اس لیے ہیں کہ 50 اوورز کی ڈومیسٹک کرکٹ نہیں کھیلی جا رہی ہے۔ ناصر حسین نے انگلینڈ کے وائٹ بال کپتان کے طور پر ہیری بروک کی تقرری سے منسلک 'مسائل' پر بھی روشنی ڈالی، ان کا کہنا تھا کہ بروک کی تقرری میں مسائل ہوں گے یعنی ایسے اہم سال میں جس میں بھارت کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز شامل ہو اور ایشز کے ساتھ ختم ہو تو کیا آپ کو مشکلات سے دوچار ٹیم کی قیادت سے وابستہ تمام بوجھ ایک نوجوان پر ڈالنا چاہیے؟۔

ٹیم میں 5 سے 6 تبدیلیاں شاہد آفریدی نے وسیم اکرم کو آڑے ہاتھوں لے لیا

لاہور(این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم کے ٹیم میں تبدیلیوں کے بیان پر انہیں آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم سمیت کئی سابق کرکٹرز نے پاکستانی ٹیم کے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے پہلے راؤنڈ سے باہر ہونے پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ تھا کہ 5 سے 6 سینیئر پلیئرز کو نکال دینا چاہیے، انکی موجودگی کے باوجود قومی ٹیم کئی بڑے ایونٹس جیتنے میں کامیاب نہیں ہوسکی۔ تاہم قومی ٹیم کے سابق کپتان اور آل راؤنڈر شاہد آفریدی نے نجی ٹی وی چینل پر گفتگو کرتے ہوئے وسیم اکرم کے بیان پر ریمارکس دیتے ہوئے سوال کیا کہ مجھے وسیم بھائی بتائیں 6-7(5-6) کھلاڑیوں کو ٹیم سے ڈراپ کرنے کے بعد ایسے کرکٹرز ہیں جو انکی جگہ لے سکیں؟۔ انہوں نے کہا کہ بڑے ناموں کو نکالنا بھی تنقید کا باعث بن سکتا ہے اور ایسا کرنے کے باوجود نتائج نہیں آئے تو پھر کیا ہوگا؟۔

چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی رواں ماہ اے سی سی کی صدارت سنبھالیں گے

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی رواں ماہ ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کی صدارت سنبھالیں گے۔ ذرائع کے مطابق ایشین کرکٹ کونسل کا اجلاس آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل کے بعد دبئی میں شیڈول کیا جا رہا ہے۔ اس وقت ایشین کرکٹ کونسل کی سربراہی عبوری طور پر سری لنکا کرکٹ بورڈ کے صدر شمی سلوا کے پاس ہے، اے سی سی کے جنرل کونسل اجلاس میں اب صدارت پی سی بی کو مل جائے گی اور محسن نقوی اب یہ ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں رواں برس بھارت کی میزبانی میں ہونیوالے ایشیا کپ کے مقامات کا بھی فیصلہ ہوگا، یہ ایونٹ دبئی اور سری لنکا میں کرانے کی تجویز ہے۔

ویسٹ ہیم یونائیٹڈ نے لیسٹر سٹی کو شکست دے دی

ٹامس سوسک اور جینک ویسٹرگارڈ نے ایک، ایک گول کر کے فتح میں کردار ادا کیا

لندن (این این آئی) ویسٹ ہیم یونائیٹڈ نے انگلش پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں لیسٹر سٹی کو 0-2 گول سے ہرا دیا۔ یہ ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی انگلش پریمیئر لیگ میں نویں کامیابی ہے۔ ٹامس سوسک اور جینک ویسٹرگارڈ نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ لندن سٹیڈیم، لندن میں کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیم نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے حریف لیسٹر سٹی کی ٹیم کو 0-2 گول سے ہرا دیا، ٹامس سوسک اور جینک ویسٹرگارڈ نے بالترتیب میچ کے 21 اور 43 ویں منٹ میں ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کو فتح سے ہمکنار کروایا۔ یہ ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی انگلش پریمیئر لیگ میں نویں کامیابی ہے اور اس فتح کے بعد ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیم 33 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر 15 ویں نمبر پر ہے۔

''ہم کیوں نہیں چیئرمین بھی غیر ملکی رکھ سکتے ہیں''

پاکستان کی ٹیم مایوس کن کارکردگی پر محمد حفیظ نے آسان حل بتا دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق کپتان محمد حفیظ نے چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہونے پر قومی ٹیم کے لیے ایک حیران کن حل پیش کر دیا اور کہا کہ ہم کیوں نہیں چیئرمین بھی غیر ملکی رکھ سکتے ہیں۔ پاکستان نے 2017 میں سرفراز احمد کی قیادت میں چیمپئنز ٹرافی کا ٹائٹل جیتا لیکن 2025 کے ایونٹ میں پاکستان کو نیوزی لینڈ اور بھارت سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ پاکستان کا گروپ مرحلے کا آخری میچ جمعرات کو بنگلہ دیش کے خلاف شیڈول تھا لیکن راولپنڈی میں مسلسل بارش کی وجہ سے میچ نہ ہوسکا اور گرین شرٹس کو تین میچوں میں صرف ایک پوائنٹ سے اکتفا کرنا پڑا۔ آٹھ ٹیموں کے ٹورنامنٹ میں قومی ٹیم کی ناقص کارکردگی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے محمد حفیظ نے غیر ملکی کوچز کی مثال پیش کی۔ محمد حفیظ نے ٹی وی شو میں کہا کہ ہم نے انتظامیہ، کھلاڑیوں کے بارے میں بات کی ہے جس کا ایک چھوٹا کلپ ٹوئٹر پر اپ لوڈ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اکثر اس بارے میں بات کرتے ہیں کہ ہمیں غیر ملکی کوچز کی کیا ضرورت ہے لیکن ہمارے خیال میں وہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

میلبورن، رگبی میچ میں پورٹ ایڈی لیڈ اور ایس ٹی کیلڈا کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SHOWBIZ شوبز

کرپٹو کرنسی اسکینڈل پر تمنا بھاٹیہ نے خاموشی توڑ دی

کرپٹو کرنسی سکینڈل میں میرے ملوث ہونے کی افواہیں غلط ہے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) ساؤتھ انڈین اور بالی ووڈ کی معروف اداکارہ تمنا بھاٹیہ نے کرپٹو کرنسی سکینڈل سے متعلق زیر گردش خبروں پر خاموشی توڑ دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق تمنا بھاٹیہ کا نام 4.2 کروڑ بھارتی روپے کے کرپٹو کرنسی فراڈ میں سامنے آرہا تھا۔ مختلف ذرائع کی جانب سے یہ خبریں سامنے آرہی تھی کہ اداکارہ تمنا بھاٹیہ اور کاجل اگروال سے 2 عشاریہ 4 کروڑ بھارتی روپے کے کرپٹو کرنسی فراڈ کے سلسلے میں تفتیش کی جائے گی تاہم اب تمنا بھاٹیہ نے ان گردش کرنے والی خبروں پر لب کشائی کی ہے۔ اداکارہ نے زیر گردش خبروں کو افواہ قرار دیتے ہوئے انہیں مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے جاری کیے گئے بیان میں کہا کہ میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ کرپٹو کرنسی سکینڈل میں میرے ملوث ہونے کی افواہیں پھیلائی جارہی ہیں، جو کہ غلط ہے، میں غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث نہیں، میری درخواست ہے کہ بے بنیاد اور ایسی جعلی، گمراہ کن خبریں اور افواہیں نہ پھیلائیں۔ تمنا بھاٹیہ نے بتایا کہ میری ٹیم ضروری قانونی کارروائی کیلئے صورت حال کا جائزہ لے رہی ہے۔

بالی وڈ گلوکارہ شریا گھوشال کا ایکس اکاؤنٹ ہیک ہوگیا

اکاؤنٹ ہیک ہونے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر پوسٹ کے ذریعے اطلاع

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ کی پلے بیک گلوکارہ شریا گھوشال کا سوشل اکاؤنٹ ایکس ہیک ہوگیا۔ شریا گھوشال اپنے ایکس اکاؤنٹ کے ہیک ہونے کی وجہ سے پریشان ہوگئیں اور انہوں نے اکاؤنٹ ہیک ہونے کے حوالے سے سوشل میڈیا ایپ انسٹاگرام پر پوسٹ کے ذریعے اطلاع دی۔ گلوکارہ نے اپنے دوستوں اور مداحوں کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ گزشتہ ماہ فروری کی 13 تاریخ سے میرا ایکس اکاؤنٹ ہیک ہے، میں نے اپنی صلاحیت کے مطابق ایکس کی ٹیم سے رابطہ کرنے کی پوری کوشش کی ہے لیکن مجھے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ گلوکارہ نے کہا کہ اکاؤنٹ لاگ ان نہ کرنے کی وجہ سے میں اپنے اکاؤنٹ کو ڈیلیٹ بھی نہیں کر سکتی۔ شریا گھوشال نے سب سے درخواست کی کہ اکاؤنٹ سے کسی بھی قسم کے آنے والے میسج پر یقین نہ کیا جائے اور لنک کھولنے سے پرہیز کیا جائے یہ فراڈ ہوسکتا ہے۔

کنگنا رناوت نے جاوید اختر کو منالیا، 5 سال بعد صلح ہوگئی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ انڈسٹری کا سنسنی خیز مقدمہ پانچ سال بعد بالآخر اپنے منطقی انجام کو پہنچ گیا۔ کنگنا رناوت بھارتی فلم انڈسٹری میں اقربا پروری یعنی معروف اداکاروں اور شوبز سے وابستہ افراد کی اولادوں کو بطور ہیرو، ہیروئن لانچ کرنے کی ناقد رہی ہیں۔ اس اقربا پروری اور اپنے بچوں کو نوازنے کی روایت کے خلاف آواز اٹھانے کے دوران کنگنا کئی بار حد سے تجاوز بھی کرگئیں۔ اس مقدمے کا آغاز نومبر 2020 میں ہوا تھا جب معروف قلم کار جاوید اختر نے بے باک اداکارہ کنگنا رناوت پر ہتک عزت کا دعویٰ کیا تھا۔ کنگنا رناوت نے بھی اپنے روایتی انداز کو اپناتے ہوئے صلح صفائی کرنے یا معافی مانگنے کے بجائے مقدمہ کا سامنا کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس مقدمے میں ایک وقت ایسا بھی آیا تھا جب مدعی جاوید اختر نے عدالت سے کنگنا رناوت کے وارنٹ گرفتاری کی استدعا بھی کی تھی۔ کنگنا رناوت جو اب اداکارہ کے ساتھ ساتھ ایک سیاست دان اور قانون ساز اسمبلی کی رکن بھی ہیں نے ایک حیران کن اعلان کیا ہے۔ سوشل میڈیا شیئر کی گئی پوسٹ میں کنگنا نے لکھا کہ جاوید اختر صاحب کے ساتھ گزشتہ 5 برس سے جاری قانونی جنگ ختم ہوگئی۔ اداکارہ نے بتایا کہ جاوید جی اور میں نے ثالثی کے ذریعے اپنا قانونی معاملہ عدالت سے باہر طے کرلیا ہے۔ کنگنا رناوت نے کہا کہ جاوید اختر نے نہ صرف معاف کیا بلکہ میری اگلی فلم کے گانے بھی لکھنے کی حامی بھری ہے۔

کبری خان اور گوہر رشید کی شادی کے یادگار لمحات کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

کراچی (این این آئی) کبری خان اور گوہر رشید کی شادی کے خوبصورت اور یادگار لمحات کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی۔ سٹار جوڑی کبری خان اور گوہر رشید کی شادی کی تقریبات انٹرنیٹ پر سب کی توجہ کا مرکز بنی رہی ہیں اور ویڈیوز اور تصاویر شیئر کرنے کا سلسلہ ابھی بھی جاری ہے۔ شادی کی تقریبات میں دولہا دلہن اور دوستوں کی خوشی دیدنی تھی جس نے ان لمحات کو مزید خاص بنادیا ہے۔

بیٹی سمارا کے نانی نیتو کپور کو دھکا دینے کی افواہوں پر ردھیما نے خاموشی توڑ دی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ انڈسٹری کے نامور کپور خاندان کی صاحبزادی ردھیما کپور نے بیٹی سمارا کے نانی نیتو کپور کو دھکا دینے سے متعلق زیر گردش افواہوں پر خاموشی توڑ دی۔ ایک انٹرویو میں ردھیما نے کہا کہ یہ خیال اور تبصرے بے بنیاد ہیں، ایسا کچھ نہیں ہوا تھا کہ سمارا نے نیتو کپور کو دھکا دیا ہو۔ انہوں نے کہا کہ سمارا ناسمجھ بچی ہے جو صرف پوز دینے کی کوشش کر رہی تھی، وہ تقریب میں موجود فوٹوگرافروں کو پوز دینے کے لیے بہت پرجوش تھی۔ ردھیما کپور نے کہا کہ فوٹوگرافرز انہیں تصویر بنوانے کیلئے جڑ کر کھڑے ہونے کیلئے کہہ رہے تھے جبکہ سمارا اپنا علیحدہ پوز دینا چاہتی تھی، اس نے اپنی نانی کو دھکا نہیں دیا۔

سعدیہ امام کا اپنے شوہر کو دوسری شادی کی اجازت دینے کا انکشاف

پہلی بیوی کو ہی سنبھالنے میں مصروف، دوسری شادی کی ضرورت محسوس نہیں کی، شوہر

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ سعدیہ امام نے اپنی شادی کی ایک دہائی بعد انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے ابتدا میں ہی اپنے شوہر کو دوسری شادی کی اجازت دے دی تھی کیونکہ وہ خود جرمنی منتقل نہیں ہونا چاہتی تھیں۔ ایک انٹرویو میں سعدیہ امام اور ان کے شوہر عدنان حیدر نے بتایا کہ ان کی شادی پسند کی نہیں بلکہ خاندانی رضامندی سے طے پائی تھی۔ دونوں نے اس بات کا ذکر کیا کہ وہ ایک دوسرے سے واقف نہیں تھے اور پہلی بار رشتہ طے ہونے کے وقت ہی ایک دوسرے کو دیکھا تھا۔ عدنان حیدر نے وضاحت کی کہ چونکہ وہ جرمنی میں کاروبار کرتے ہیں، اس لیے انہیں سعدیہ امام کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں تھیں اور انہوں نے اپنے خاندان کو رشتہ تلاش کرنے کا کہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ جرمنی میں ان کا ریسٹورانٹ اور گیسٹ ہاؤسز کا کاروبار ہے اور ان کی خواہش تھی کہ ان کی شادی شیعہ مسلک سے تعلق رکھنے والی خاتون سے ہو۔ عدنان حیدر نے کہا کہ شادی کے وقت سعدیہ امام کی والدہ کا انتقال ہو چکا تھا اور کچھ عرصے بعد ان کے والد بھی وفات پا گئے تھے، جس کی وجہ سے سعدیہ امام کو جرمنی میں رہنا مشکل محسوس ہوا، اس دوران عدنان حیدر کے پاس دوسری شادی کا اختیار موجود تھا، لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ سعدیہ امام نے بتایا کہ شادی سے پہلے ان کا نکاح کا کوئی ارادہ نہیں تھا لیکن ان کے والدین نے حج پر جانے کی شرط شادی رکھی تھی، جس کی وجہ سے انہوں نے رضامندی ظاہر کی تاکہ ان کے والدین حج کی سعادت حاصل کرسکیں۔ اداکارہ نے کہا کہ وہ اپنے شوہر کو نہیں جانتی تھیں اور ان کی شادی مکمل طور پر اریجنڈ تھی، شادی کے وقت عدنان حیدر نے منقبت پڑھی تھی اور سعدیہ امام نے ان کی آواز سن کر انہیں قبول کرلیا۔ ایک سوال کے جواب میں سعدیہ امام نے کہا کہ ان کے سسرال والوں کی خواہش تھی کہ ان کے ہاں جلد اولاد ہو، لیکن ان دونوں کا اس بارے میں کوئی ارادہ نہیں تھا، شادی کے ایک سال بعد وہ جرمنی گئیں اور پھر حمل ٹھہرنے کے بعد ان کی طبیعت خراب رہنے لگی اور ان کا وزن بڑھ گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ جرمنی میں قیام کے دوران انہیں ڈپریشن کا سامنا رہا اور اس بنا پر وہ زیادہ عرصہ وہاں نہیں رہ سکیں۔ اس وجہ سے انہوں نے اپنے شوہر کو دوسری شادی کی اجازت دے دی تھی لیکن عدنان حیدر نے مسکراتے ہوئے کہا کہ وہ پہلی بیوی کو ہی سنبھالنے میں مصروف ہیں، اس لیے دوسری شادی کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

ماہرہ اور ہمایوں سعید کی فلم ''لوگرو'' عیدالاضحیٰ کے موقع پر ریلیز

بن روئے اسٹارز نے فلم کی عکسبندی پاکستان کے مختلف مقامات اور برطانیہ میں کی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز کی صف اول کی اداکارہ ماہرہ خان نے ہمایوں سعید کے ساتھ اپنی نئی فلم لوگرو کا پوسٹر شیئر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی شوبز کی صف اول کی اداکارہ ماہرہ خان نے ہمایوں سعید کے ساتھ اپنی نئی فلم لوگرو کا پوسٹر شیئر کر دیا ہے۔ ماہرہ خان اور شوبز انڈسٹری کے سپر اسٹار ہمایوں سعید کی جوڑی کو ایک ساتھ بیحد پسند کیا جاتا ہے۔ بن روئے ڈرامے اور اس کے فلمی حصے کے بعد اس جوڑی نے مداحوں کے دلوں میں گھر کرلیا اور آج بھی مداح انہیں ایک ساتھ دیکھنے کیلئے بیقرار ہیں۔ تاہم اب ان مداحوں کا انتظار ختم ہوا کیونکہ جلد یہ خوبصورت جوڑی ایک ساتھ بڑی اسکرین پر جلوہ گر ہوگی۔ ماہرہ خان نے فلم کا پوسٹر جاری کرتے ہوئے اس کی ریلیز کی تاریخ کا بھی اعلان کیا ہے۔ رومانوی کہانی پر مبنی فلم ''لوگرو'' رواں سال عیدالاضحیٰ کے موقع پر ریلیز کی جائے گی۔ اس فلم کی ہدایتکار معروف فلمساز ندیم بیگ نے کی ہے۔ بن روئے اسٹارز نے اپنی اس فلم کی عکسبندی پاکستان کے مختلف مقامات سمیت برطانیہ میں کی ہے۔ تاہم اس فلم کی اسٹوری کیا ہے یہ اس کا ٹریلر سامنے آنے کے بعد ہی معلوم ہوسکے گا۔

آسکر کی 97 ویں تقریب 3 مارچ کو منعقد ہوگی

لاس اینجلس (این این آئی) فلمی دنیا کے سب سے بڑے ایوارڈز، آسکر کی 97 ویں تقریب 3 مارچ 2025 کو منعقد ہوگی۔ اکیڈمی ایوارڈز کے منتظمین نے اس تقریب کی نشریات کے حوالے سے اہم اعلان کیا ہے۔ اس بار آسکر ایوارڈز کی تقریب جیو ہاٹ اسٹار پر لائیو نشر کی جائے گی، جو پاکستانی شائقین کیلئے صبح 6 بجے دستیاب ہوگی۔ اس کے علاوہ، آسکر کی 97 ویں تقریب کو اسٹار موویز اور اسٹار موویز سلیکٹ پر بھی 3 مارچ 2025 کو صبح 6 بجے نشر کیا جائے گا۔ مداح اس ایونٹ کو دوبارہ اسٹار موویز اور اسٹار موویز سلیکٹ پر اسی دن صبح 9 بجے دیکھ سکیں گے۔ اس سال کے آسکر ایوارڈز میں کئی مشہور ہستیاں شامل ہوں گی، جن میں اسٹرلنگ کے براون، جوئے الوین، ولیم دوفے، آنا دے آرمس، گولڈی ہان، اور اوپرا ونفرے جیسے نام شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، ہیلی بیری، پینیلوپ کروز، ایلے فیننگ، ووپی گولڈ برگ، اسکارلیٹ جوہانسن اور دیگر معروف شخصیات تقریب کی میزبانی کریں گی۔ رابرٹ ڈاونی جونیئر، ایما اسٹون، کلین مرفی اور دیوا این جوی رندالف ایوارڈز پیش کریں گے۔ آسکر ایوارڈز کی اس تقریب کا انتظار دنیا بھر کے شائقین کے لیے بے حد دلچسپی کا باعث ہے۔

فلم کیپٹن امریکا، بریو نیو ورلڈ کی سکریننگ کے دوران سینماء کی چھت گرگئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست واشنگٹن میں فلم کیپٹن امریکہ، بریو نیو ورلڈ کی سکریننگ کے دوران سینماء کی چھت گرگئی۔ ویناچی فائر ڈیپارٹمنٹ نے بتایا واقعہ تقریباً شام 8 بجے پیش آیا، اس وقت سینما کے اندر صرف 2 افراد موجود تھے لیکن خوش قسمتی سے کوئی زخمی نہیں ہوا۔ حکام نے بتایا کہ چھت گرنے کے اس واقعے کی تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ویناچی فائر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ فلم سکرین پر چل رہی ہے اور سینما ہال کے سامنے والے حصے پر چھت کے ٹکڑے اور لکڑی کے تختے بکھرے ہوئے ہیں۔ ویڈیو میں لمبے لکڑی کے تختے چھت کے شگاف سے باہر نکلے ہوئے بھی نظر آرہے ہیں۔

ہماری زندگی کا سب سے بڑا تحفہ، کیارا اور سدھارتھ خوشی سے نہال

ممبئی (این این آئی) شادی کے بندھن میں بندھنے والے کیارا اور سدھارتھ نے اپنی زندگی کی سب سے بڑی خوشی سے مداحوں کو آگاہ کر دیا۔ بھارتی فلم انڈسٹری کے اسٹارز اب ماں اور باپ بننے والے ہیں جس کا اعلان انھوں نے انسٹاگرام پوسٹ میں کیا۔ کیارا اور سدھارتھ نے بچے کے جوتوں کی تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ ہماری زندگی کا سب سے بڑا تحفہ جلد آرہا ہے۔ اس پوسٹ پر جوڑے کو چاہنے والے مداحوں کی جانب سے مبارک بادوں، نیک تمناؤں اور دعاؤں کا تانتا بندھ گیا۔

امریکی اہلکار نے گن تانی اور نیچے جھکنے، گولی مارنے کا کہا، سنیل شیٹی

میں گھٹنوں کے بل جھک گیا، انہوں نے میری ہاتھ میں ہتھکڑی لگادی، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکار سنیل شیٹی نے امریکا میں اپنے ساتھ پیش آنے والا ہولناک واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی پولیس اہلکار نے مجھ پر گن تان لی اور کہا نیچے جھک جاؤ ورنہ گولی ماردوں گا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق سنیل شیٹی نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ نائن الیون کے بعد غلط فہمی میں امریکی اہلکار نے مجھ پر گن تان لی اور مجھ سے کہا نیچے جھک جاؤ ورنہ میں گولی ماردوں گا۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ فلم کانٹے کی امریکا میں شوٹنگ کے دوران پیش آیا، امریکی اہلکار نے مجھے غلط فہمی میں ہتھکڑی لگا کر زمین پر ڈال دیا۔ بھارتی اداکار سے زندگی حیرت انگیز واقعے سے متعلق پوچھے گئے سوال پر انہوں نے بتایا کہ ہم نائن الیون کے پہلے امریکا میں تھے۔ سنیل شیٹی نے واقعے کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ ان دنوں میرے چہرے پر داڑھی تھی اور میں ہوٹل جارہا تھا، چابیاں میں کمرے میں بھول چکا تھا، تو میں نے چابی مانگنے کی کوشش کی تو غلط فہمی پیدا ہوگئی۔ اداکار نے کہا کہ مجھے لگا کہ وہ میری بات نہیں سمجھ رہے، تو میں نے اشارے میں اپنی بات کہی تو وہ میرے خلاف چلی گئی، وہ شخص فوراً ہی باہر بھاگ گیا اور پھر ہلچل مچ گئی اور سڑک پر کھڑی پولیس وہاں پہنچ گئی۔ بھارتی اداکار نے کہا کہ پولیس اہلکار نے آتے ہی مجھ پر بندوق تان لی اور کہا نیچے جھک جاؤ ورنہ میں گولی ماردوں گا، اس صورتحال میں مجھے کچھ بھی سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں گھٹنوں کے بل جھک گیا، انہوں نے میری ہاتھ میں ہتھکڑی لگادی، تب تک پروڈکشن والے بھی آگئے، پولیس کو بتایا گیا میں ایک ایکٹر ہوں۔

ہانیہ عامر بیسٹ فرینڈ ہے اور بہنوں کی طرح ہے، یشما گل

میرا کارڈ ملازموں کے پاس ہوتا ہے وہ اپنی مرضی سے خرچ کرتے ہیں، اداکارہ

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ یشما گل نے اداکارہ ہانیہ عامر کو بہن قرار دے دیا۔ حال ہی میں اداکارہ یشما گل نے ایک انٹرویو دیا جس دوران میزبان نے ان سے مختلف موضوعات پر کئی سوال کیے۔ دوران انٹرویو میزبان نے سوال کیا کہ سوشل میڈیا پر آپ کی ہانیہ عامر کیلئے رکھی گئی سرپرائز برتھ ڈے پارٹی کی ویڈیو وائرل ہوئی تھی اس پارٹی پر آپ نے ہانیہ کیلئے لاکھوں کا خرچہ کیا اس کی وجہ کیا تھی؟ اس پر یشما نے ہنستے ہوئے جواب دیا کہ کیوں کہ وہ سرپرائز برتھ ڈے پارٹی تھی اس لیے اس پر لاکھوں خرچ آیا، اگر آپ اس پارٹی کا بجٹ معلوم کرنا چاہ رہے ہیں تو وہ میں آپ کو نہیں بتاؤں گی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہانیہ عامر میری بیسٹ فرینڈ ہے اور وہ میری بہنوں کی طرح ہے۔ اس کے جواب میں اداکارہ نے ایک مثال دیتے ہوئے بتایا کہ 'میں ان دنوں گھر خریدنے کا سوچ رہی ہوں جس کا ذکر میں نے ایک دوست سے کیا تو اس نے مجھے بہت زیادہ قیمت کے گھر بتائے'۔ یشما گل کے مطابق میں نے اس دوست کو بتایا کہ 'میں اڑاتی زیادہ ہوں کماتی کم ہوں'۔

بقیہ نمبر 1

سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اور صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ بھی شریک تھے۔ اجلاس میں ملک میں خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف قومی عزم کو مزید مضبوط بنانے اور ملک کے امن و استحکام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان موثر تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ وفاقی حکومت اور پی پی پی کا مشترکہ وفد (آج) جمعہ کو پی ٹی آئی قیادت سے ملاقات کرے گا اور موجودہ سیاسی صورتحال پر مذاکرات کرے گا۔ اس مشترکہ وفد میں محسن نقوی، رانا ثناء اللہ، امیر مقام اور پی پی پی کی طرف سے شیری رحمان، سید نوید قمر اور اعجاز جکھرانی شریک ہوں گے۔

بقیہ نمبر 2

پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا دفاع اور مملکت سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کیلئے تیار ہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران ایک سوال کے جواب میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ حرمین شریفین کی سیکیورٹی پر پاکستان کی کمٹمنٹ ابسلوٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے مکمل پر عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ الائنس پر میڈیا پر بات نہیں کی جا سکتی، مکہ الائنس کے تحت دفاعی تعاون کی معلومات مکمل طور پر کانفیڈینشل ہیں۔ ترجمان پاک افواج نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 3

سربراہ محمود خان اچکزئی نے وزیراعظم کو خط کا جواب دینے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر وزیراعظم کے 21 ستمبر کو لکھے گئے خط کا جواب دیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ اپوزیشن لیڈر کا اصرار ہے کہ ملاقات پارلیمنٹ کے آئینی روم یا اسلام آباد کے کسی بھی مقام پر ہو۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر ملاقات وزیراعظم ہاؤس یا وزیراعظم آفس میں نہیں کریں گے۔

بقیہ نمبر 4

شریف چوہدری نے فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے طالبات اور فیکلٹی ممبران کے ساتھ ایک تفصیلی اور خصوصی انٹرایکٹو نشست میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے قومی سلامتی، ڈیجیٹل میڈیا کے ابھرتے ہوئے چیلنجز اور موجودہ ملکی صورتحال کے حوالے سے طالبات کے سوالات کے مدلل اور مفصل جوابات دیے۔ براہِ راست سوال و جواب کے اس سیشن نے شرکا کو قومی امور اور دفاعی حکمتِ عملی سے متعلق زمینی حقائق جاننے کا بھرپور موقع فراہم کیا جس سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے متعدد ابہام، شکوک و شبہات اور غلط فہمیاں دور ہوئیں۔ نشست کے دوران فیکٹ چیکنگ، بیانیہ سازی اور جدید دور کے تقاضوں پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ مرزا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کا مقصد محض ڈگریوں کے حصول یا نصابی کتابوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ طالبات کی ہمہ جہت تربیت اور انہیں زمینی حقائق و معروضی سچائیوں سے آگاہ کرنا ناگزیر ہے اور آج کے سیشن نے یقیناً یہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران سارہ اختر ہاشمی، ڈاکٹر محمد علی اور شمید رضوان نے اکیڈیمیا اور قومی اداروں کے مابین اس طرح کے براہ راست روابط کو وقت کی اہم ترین ضرورت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں من گھڑت، بدنیتی پر مبنی اور گمراہ کن معلومات کا موثر سدباب کرنا انتہائی ضروری ہے تاکہ معروضی حقائق کھل کر سامنے آسکیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سوشل میڈیا کی غیر مصدقہ خبروں پر انحصار کرنے کے بجائے نئی نسل کو فیکٹ چیکنگ کے اصول اپنانے چاہئیں۔ نشست کے اختتام پر حاجرہ سلیم، وردہ احمد، ملائکہ قدیر اور آمنہ ندیم سمیت دیگر طالبات نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج نہ صرف جغرافیائی سرحدوں بلکہ ڈیجیٹل دور میں غلط معلومات کے خلاف محاذ پر بھی قوم کا موثر دفاع کر رہی ہیں۔ طالبات کا کہنا تھا کہ جدید دور اور بالخصوص مصنوعی ذہانت کے ذریعے پھیلائے جانے والے گمراہ کن مواد سے بچنے کے لیے معلومات کی تصدیق مستند ذرائع سے کرنا لازمی ہے۔ طالبات اور اساتذہ نے ڈی جی آئی ایس پی آر کی آمد اور تفصیلی گفتگو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے قومی اداروں کے ساتھ ایسی فکری و معلوماتی نشستوں کے تسلسل کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 5

بہت سخت ہوگا، بھارت دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والا سب سے بڑا ملک ہے، بھارت کی کٹھ پتلی، ٹی ٹی پی کو فنڈنگ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں، بھارت مقبوضہ کشمیر اور اقلیتوں کے خلاف اپنے جرائم کا الزام محمد آصف پر نہ ڈالے، پاکستان کی سلامتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ملکی سلامتی کے لیے جو کرنا پڑا کریں گے، حرمین شریفین کی سیکیورٹی پر پاکستان کا عزم بالکل واضح اور پختہ ہے، فوج کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، افواج پاکستان آئین کے تابع اور ریاست کے احکامات کی پابند ہے۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ 29 ستمبر کو بھارت نے ایک اور فالس فلیگ آپریشن کیا، 29 ستمبر کی رات کو بھارتی آرمی کی کور نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کی، بھارتی فوج کے دعوے کے مطابق انہوں نے مقبوضہ کشمیر کے علاقے میں آپریشن کیا، بھارتی کور نے دعویٰ کیا کہ ایک دہشت گرد مارا گیا ہے، دعویٰ کیا گیا کہ لشکر طیبہ کے دہشت گرد کی لاش بھی مل گئی ہے اور دہشت گرد کا نام محمد آصف عرف ہاشم موسیٰ بتایا گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بعد میں بھارت نے دعویٰ کیا کہ محمد آصف ایس ایس جی کا حوالدار ہے، بھارتی کور نے کہا کہ ہلاک دہشت گرد موسیٰ عرف آصف فوجی ہے، دعویٰ کیا گیا کہ ہلاک دہشت گرد کی شناخت محمد آصف کے نام سے ہوئی، بھارتی فوج نے دعویٰ کیا کہ ہلاک دہشت گرد کا تعلق پاکستان سے ہے، دعویٰ کیا کہ محمد آصف ایس ایس جی کا حوالدار ہے، بھارتی نیوز ایجنسی نے سروس نمبر کے ساتھ تفصیلات کا دعویٰ کیا، بھارت نے دعویٰ کیا کہ آصف نے مختلف علاقوں میں حملے کیے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ محمد آصف پر بھارتی حکومت نے دہشت گردی کی مختلف کارروائیوں کا الزام لگایا، بھارتی حکومت نے دعویٰ کیا کہ آصف کے دیگر تین ساتھی بھی مارے گئے، بھارتی دعوؤں کے مطابق آصف ایسا سپر مین تھا جو ساری کارروائیاں کرتا رہا، محمد آصف پر پہلگام سمیت مختلف کارروائیوں کا الزام لگایا گیا، پاک فوج کے سپاہی جس کے بارے میں بھارت پروپیگنڈا کرتا رہا وہ یہاں موجود ہے۔ اس موقع پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے ایس ایس جی کے حوالدار محمد آصف کو میڈیا کے سامنے پیش کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو میں حوالدار محمد آصف نے کہا کہ میں ڈسٹرکٹ اٹک پنڈی گھیب کا رہنے والا ہوں، گزشتہ روز مجھے دوستوں کے فون آئے کہ مجھے بھارتی فورسز نے مار دیا ہے، انہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پتا چلا کہ مجھے بھارت نے شہید کر دیا ہے، شہادت کی اس من گھڑت خبر کے بعد مجھے فون کالز موصول ہونا شروع ہو گئیں، مجھے حیرت ہوئی کہ میں اپنے گھر میں ہوں تو مجھے کیسے بھارتی فوج نے شہید کر دیا ہے۔ محمد آصف نے کہا کہ 2023 میں ایس ایس جی سے ریٹائر ہوا ہوں، وطن کی خاطر بہادری سے لڑا ہوں اور آئندہ بھی وطن کی خدمت کے لیے حاضر ہوں، بھارت کے بے بنیاد اور من گھڑت الزام کی شدید مذمت کرتا ہوں، میں ایک سیکورٹی کمپنی میں کام کرتا ہوں، راولپنڈی میں رہتا ہوں، بھارت نے میرے ملک پر غلط الزام لگایا ہے، میں زندہ ہوں، راولپنڈی میں رہتا ہوں، آپ کے سامنے ہوں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کیلئے دہشت گرد تنظیموں کو اسپانسر کرتا ہے، بھارت کے اس فالس فلیگ ڈرامے کی 6 وجوہات ہیں، پہلی چیز، ہم جانتے ہیں بھارت دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والا سب سے بڑا ملک ہے، بھارت کی کٹھ پتلی، ٹی ٹی پی کو فنڈنگ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں، ہمیں سمجھنا ہوگا کہ مقبوضہ کشمیر میں کیا ہو رہا ہے، مقبوضہ کشمیر دنیا میں سب سے بڑی جیل ہے، مقبوضہ کشمیر میں 10 لاکھ سے زائد بھارتی فوج اور دیگر اداروں کے اہلکار موجود ہیں، مقبوضہ کشمیر میں لوگوں کو ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں جانے کے لیے اجازت لینی پڑتی ہے، بھارت سمجھتا ہے کہ ہر مسئلے کو دہشت گردی سے حل کیا جا سکتا ہے، بھارت اپنی دہشت گردی کو چھپانے کیلئے دوسروں پر الزام لگاتا ہے، بھارت ایسے ڈراموں سے اپنی دہشت گردی پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے، آج کا ہندوستان انکارستان بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت جو کچھ کر رہا ہے اس سے اس کی ذہنیت کا پتا چلتا ہے، بھارت مقبوضہ کشمیر اور اقلیتوں کے خلاف اپنے جرائم کا الزام محمد آصف پر نہ ڈالے، بھارتی فوج سیاسی ہو گئی ہے اس کا ایجنڈا ہندوتوا بن چکا ہے، بھارتی وزیراعظم اور دیگر ریاستی سطح پر کی گئی دہشت گردی کو فخریہ بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بدقسمتی ہے کہ ہمارا پالا گھٹیا دشمن سے پڑا ہے، ہمارا ہمسایہ ایک گھٹیا اور کم ظرف ملک ہے، بھارت کیسا ملک ہے، ابھی نندن کو ایوارڈ دیا کہ آپ نے اپنا جہاز گرا دیا، ہمارے پاس ایک ایسا ہمسایہ ہے جو سمجھتا ہے کہ ہر چیز کو جھوٹ سے سلجھایا جا سکتا ہے، بھارت کچھ کرنا چاہتا ہے تو آ جائے ہمارا ردعمل بہت سخت ہوگا، پاکستان کی سلامتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ملکی سلامتی کے لیے جو کرنا پڑا کریں گے، بھارت کوئی ڈرامہ کرنا چاہتا ہے تو کر کے دیکھ لے، دشمن کے ہر اقدام کے لیے مکمل تیار ہیں، اگر وہ کچھ کرنا چاہتے ہیں تو کریں، ہم ہمیشہ تیار ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کے لیے مکمل پر عزم ہے، مکہ الائنس پر میڈیا پر

بقیہ نمبر 6

بات نہیں کی جا سکتی، مکہ الائنس کے تحت دفاعی تعاون کی معلومات مکمل طور پر کانفیڈینشل ہیں، حرمین شریفین کی سیکیورٹی پر پاکستان کی کمٹمنٹ ابسلوٹ ہے، حرمین شریفین کا دفاع اور مملکت سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کیلئے تیار ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ صوبوں سے بات چیت کرنا وفاقی حکومت کا کام ہے، فوج کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے، افواج پاکستان آئین کے تابع اور ریاست کے احکامات کی پابند ہے، پاکستان دنیا بھر میں دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک ہے، پاکستان گزشتہ 2 دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف لڑ رہا ہے، ہمارے لیے سب سے اہم چیز یہ ہے کہ ریاست ہے تو سیاست ہے، کسی کی سیاست کے لیے دہشت گردی کے خلاف جنگ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں شہریوں کے تحفظ کے لیے جو کرنا پڑا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم بی ایل اے اور کالعدم ٹی ٹی پی میں کوئی فرق نہیں، دونوں کالعدم گروپوں کو افغان طالبان کی سپورٹ حاصل ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ الحمد اللہ آصف کی روح کبھی نہیں ہو گی جو یہیں پر تھی، بھارتی حکام کو تمغہ اور میڈل لینے کیلئے جھوٹے اور بے بنیاد دعوے کیے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت دنیا بھر میں دہشت گردی پھیلانے کا مرکز بن چکا ہے، افغانستان کی دہشت گردی بھی بھارت کا ایک چہرہ ہے، بھارت آئینہ دیکھتا ہے تو دوسروں کو بھی دہشت گرد سمجھ کر ان پر الزام عائد کرتا ہے، بدقسمتی سے ہمارا پالا گھٹیا دشمن سے پڑا ہے، کلبھوشن زندہ ہو یا مردہ یہ بھارت کے منہ پر کالک کا ٹیکہ ہے

تعاون نہایت اہم ہے، حکومت نے سنجیدگی کے ساتھ طویل عرصے سے زیر التوا اصلاحات کو عملی جامہ پہنایا ہے، پاکستان انشاء اللہ دنیا کے نقشے پر ایک طاقتور معیشت بن کر ابھرے گا۔ وہ جمعرات کو یہاں نیا ناظم آباد اپارٹمنٹس کی لسٹنگ کے موقع پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں منعقدہ گونگ تقریب سے ورچوئل خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزرا عطا اللہ تارڑ، میاں ریاض حسین پیرزادہ، ڈاکٹر مصدق ملک وزیراعظم کے ہمراہ موجود تھے جبکہ تقریب میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان، ممتاز کاروباری رہنما عارف حبیب اور کارپوریٹ شعبے کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں کیک بھی کاٹا گیا۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کو اب اپنی معیشت میں ترقی، بالخصوص برآمدات پر مبنی گروتھ دکھانا ہوگی جس کے نتیجے میں روزگار، پیداواری سرگرمیوں، اشیا و خدمات کی ترسیل اور برآمدات میں اضافہ ہوگا اور پاکستان کی معیشت کو مزید استحکام ملے گا جبکہ نجی شعبے کو آگے بڑھانا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ان شاء اللہ دنیا کے نقشے پر ایک بہت طاقتور معیشت بن کر ابھرے گا اور دنیا میں پاکستان کی عزت اور وقار میں بہت اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو مشکل حالات سے نکال کر اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں کے درمیان ہونے والا ٹیم ورک مثالی ہے جس پر وزیر خزانہ، ان کی ٹیم، متعلقہ وزرا، صوبائی وزرائے اعلیٰ اور دیگر اداروں کے سربراہان مبارکباد اور تحسین کے مستحق ہیں۔ وزیراعظم نے نیویارک اور لندن میں اپنے حالیہ دوروں کے دوران بین الاقوامی بینکاروں اور مالیاتی شعبے کے رہنماؤں بشمول سٹی بینک، جے پی مورگن اور بارکلیز کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقاتوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عالمی مالیاتی اداروں نے پاکستان کی جانب سے طویل عرصے سے زیر التوا ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عملدرآمد کو سراہا اور کہا کہ حکومت نے سنجیدگی کے ساتھ طویل عرصے سے زیر التوا اصلاحات کو عملی جامہ پہنایا ہے جس کے نتیجے میں آج پاکستان میں پرکشش حالات دیکھے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نیویارک میں منیجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف سے ملاقات کے دوران انہوں نے کہا کہ پرائم منسٹر، یہ نیا پاکستان ہے، جس پر میں نے جواب دیا کہ یہ نیا پاکستان نہیں بلکہ ایک نئی ٹیم ہے جس نے مل کر پاکستان کے معاشی نظام کو سنوارا ہے۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ یہ ٹیم ورک ہے جس میں سیاسی اور عسکری قیادت و صوبائی شراکت داری کے طور پر اس انتہائی ذمہ داری کے ساتھ کام کو آگے لے کر چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح بیرونی ترسیلات زر میں اضافہ ہوا، آئی ٹی برآمدات میں اضافہ ہوا اور روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ بھی اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے۔ اب اصل ضرورت یہ ہے کہ پاکستان کی معیشت میں گروتھ دکھائی جائے اور یہ بنیادی طور پر برآمدات پر مبنی گروتھ کے ذریعے ہونی چاہیے۔ اس سے روزگار، پیداواری روزگار، پیداوار، اشیا اور خدمات کی ترسیل اور برآمدات میں اضافہ ہوگا جس سے پاکستان کی معیشت کو مزید تقویت ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ تمام کام نجی شعبے نے کرنا ہے، اسی مقصد کے لیے حکومت کی جانب سے اعلان کردہ بجٹ میں برآمد کنندگان، مینوفیکچررز اور صنعتوں کے لیے کئی سو ارب روپے کی ٹیکس مراعات رکھی گئی ہیں۔ انہوں نے تعمیراتی صنعت کا ذکر کرتے ہوئے عارف حبیب کو نئے ناظم آباد کو "ریٹ" کے اسٹرکچر میں لانچ کرنے پر مبارکباد دی اور کہا کہ لاہور اور کراچی میں اسی اسٹرکچر کے اندر رہتے ہوئے تعمیر کیے گئے پروجیکٹس انتہائی قابل تعریف ہیں۔ کیپٹل مارکیٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس میں بہت اچھی پرفارمنس ہے، تاہم اب بھی اس میں کچھ خم اور کمزوریاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے ممالک کی اسٹاک ایکسچینج کو سامنے رکھتے ہوئے کیپٹل مارکیٹ میں جو تبدیلیاں لانی چاہئیں، ان کے لیے فوری اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ محمد شہباز شریف نے بعض ایسی صنعتوں کی کارکردگی پر تشویش ظاہر کی اور درآمدی متبادل کے مقصد کے لیے قائم کی گئی صنعتوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً 60 سال پہلے اس حوالے سے ایک مضبوط وژن کے تحت کچھ صنعتیں قائم کی گئیں، انہیں سپورٹ اور سبسڈی دی گئی تاکہ یہ صنعتیں ترقی کریں، روزگار اور پیداواری روزگار فراہم کریں اور اپنی پیداوار آگے بڑھائیں۔ انہوں نے قومی مفاد کو ذاتی مفادات پر ترجیح دینے اور دیانت دارانہ طرز عمل اختیار کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ترقی جدید مشینری، پیداواری صلاحیت اور محنت سے ہی ممکن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حالات اس وقت بدلیں گے جب خون پسینہ بہایا جائے، دن رات محنت کی جائے اور پاکستان کو اس مقام تک لے جایا جائے جو اس کا مقام ہے۔ انہوں نے ایک مرتبہ پھر عارف حبیب کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بجٹ میں کنسٹرکشن انڈسٹری کے لیے دی جانے والی مراعات کے نتائج آہستہ آہستہ سامنے آ رہے ہیں اور کراچی میں بالخصوص یہ صنعت اب ٹیک آف کر رہی ہے، جبکہ پاکستان کے دوسرے حصوں میں بھی ان کے اثرات مرتب ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس شعبے پر بھرپور توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کہنا کافی نہیں کہ 40 صنعتوں کی مصنوعات کنسٹرکشن انڈسٹری میں استعمال ہوتی ہیں، بلکہ فائلز کے ایکسچینج کو ختم کرنا ہوگا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ یہ ایک شاندار ٹیم ورک ہے اور ٹیم ورک کے بغیر کبھی نتائج حاصل نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک روشن مثال ہے جسے آگے چل کر ہر شعبے میں اپنایا جائے گا تو ان شاء اللہ نتائج بہت اچھے اور خوشگوار ہوں گے۔ انہوں نے چیئرمین نیب کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اربوں بلکہ کھربوں روپے کی زمینیں نہ صرف ریکور بلکہ ڈسکور کی ہیں۔ وزیراعظم نے لینڈ بینک قائم کرنے کے منصوبے کو بھی سراہا۔ انہوں نے وزیر خزانہ، کابینہ کے ارکان، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور وفاقی سیکرٹریوں کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے معاشی استحکام کا ایسا قابل عمل ماڈل قائم کیا ہے جسے دیگر شعبوں میں بھی اختیار کیا جا سکتا ہے اور جس کے نتیجے میں پاکستان پائیدار ترقی کی راہ پر واپس آیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اصلاحات پر کامیاب عملدرآمد اور معاشی استحکام سیاسی اور مالیاتی قیادت کے درمیان مکمل ہم آہنگی پر مبنی مربوط شراکت داری کا نتیجہ ہے۔ اہم معاشی اشاریوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے 3 ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈ کا کامیاب اجرا کیا جس کے لیے 6 ارب ڈالر کی پیشکشیں موصول ہوئیں جبکہ اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ کر تقریباً 21.4 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے ذخائر 5.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر اور آئی ٹی برآمدات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے جبکہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کی کارکردگی بھی حوصلہ افزا ہے۔ تاہم وزیراعظم نے استحکام سے ترقی کی جانب پیش قدمی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کو ٹیکنالوجی، روزگار کے مواقع، پیداوار اور برآمدات پر مبنی اقتصادی ترقی کے ذریعے آگے بڑھانے کے لیے مزید اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ میں برآمد کنندگان، صنعت کاروں اور مختلف صنعتی شعبوں بشمول تعمیرات کے شعبے کے لیے سینکڑوں ارب روپے کی ٹیکس مراعات اور سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو قومی سلامتی اور معاشی ترقی کے لیے مسلسل حمایت اور عزم پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی مخلصانہ اور مسلسل کوششوں کے ذریعے پاکستان ایک مضبوط معیشت بن کر ابھرے گا اور اقوام عالم میں اپنا مقام اور نام پیدا کرے گا۔ قبل ازیں ممتاز کاروباری شخصیت عارف حبیب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کی کارکردگی علاقائی مارکیٹوں کے مقابلے میں نمایاں رہی ہے، کیپٹل مارکیٹ کی جانب سرمایہ کاروں کا رجحان بڑھ رہا ہے، پاکستانی کرنسی کی قدر میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ عارف حبیب نے کہا کہ عالمی سرمایہ کار پاکستان کی معاشی صورتحال اور حکومتی پالیسیوں پر نظر رکھے ہوئے ہیں، لہٰذا پاکستان کو عالمی سطح پر زیادہ بہتر انداز میں

اجاگر کرنے کی ضرورت ہے

بقیہ نمبر 7

ہے، اب پیداوار یت، سرمایہ کاری، برآمدات اور روزگار پر مبنی پائیدار ترقی کی طرف بڑھنا ہوگا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کراچی میں عارف حبیب کارپوریشن کے زیر اہتمام نیا ناظم آباد اپارٹمنٹس ریٹ کی فہرست سازی کے موقع پر منعقدہ گونگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

بقیہ نمبر 8

تفصیلی گفتگو ہوئی، حکومتی اقدامات اور اپوزیشن کے جوابی اقدامات کے حوالے سے بات کی گئی۔ اجلاس میں حکومت کی مذاکرات کی پیشکش پر اہم گفتگو ہوئی، اپوزیشن اتحاد حکومت کے ساتھ مذاکرات پر رضامندی ظاہر کر دی۔

بقیہ نمبر 9

کا رخ کرنے کی تکلیف اور اضافی اخراجات سے نجات مل رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے ہمراہ سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کا دورہ کیا اور زیر علاج رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی۔ وزیر اعلیٰ نے میر رحمت صالح بلوچ کی صحت کے بارے میں ڈاکٹروں سے بھی معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے لکھا کہ صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات کا بنیادی مقصد صوبے کے عوام کو علاج معالجے کے لیے دوسرے شہروں کا رخ کرنے سے نجات دلانا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی اور علاج کے معیار میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے کے بڑے اسپتالوں میں ایسے طبی مراکز اور سہولیات دستیاب ہوں جہاں پیچیدہ امراض کا علاج بھی مقامی سطح پر ممکن بنایا جا سکے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات کے ذریعے سرکاری اسپتالوں پر عوام کا اعتماد بحال کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت چاہتی ہے کہ بلوچستان کا ہر شہری اپنے صوبے میں بروقت اور معیاری علاج کی سہولت سے مستفید ہو اور اسے علاج کے لیے کوئٹہ یا صوبے سے باہر جانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری ایک مسلسل عمل ہے اور حکومت دستیاب وسائل کو عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے بروئے کار لا رہی ہے۔ سرکاری اسپتالوں میں جدید طبی آلات، تشخیصی سہولیات، ایمرجنسی سروسز اور مختلف امراض کے علاج کی استعداد میں اضافے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ میر رحمت صالح بلوچ کی سول سنڈیمن پروانشل اسپتال میں کامیاب انجیو پلاسٹی اور وہاں علاج کے بعد ان کا اظہار اطمینان اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کے ثمرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 10

پاکستان نے فضائی اور ڈرون حملوں کے ذریعے دو مقامات پر دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور کیمپوں کو مکمل تباہ کر دیا، دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور کیمپوں میں ذخیرہ کیے گئے اسلحہ اور گولہ بارود بھی تباہ کر دیا گیا۔ وزارت اطلاعات نے افغانستان میں دو مقامات پر دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کرنے کی ویڈیو بھی جاری کر دی، جس کے مطابق ڈرونز اور طیاروں کی مدد سے دہشت گردوں کی پناہ گاہوں کو انتہائی درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا۔ کیمپوں اور پناہ گاہوں پر کی گئی ٹارگٹڈ اور جامع فضائی کارروائی کے نتیجے میں دہشت گردوں کا نیٹ ورک تباہ کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 11

گ دی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے امداف پر پہنچنے سے قبل افغانستان کے ڈرون مار گرانے سے متعلق بھی تفصیل سے آگاہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت دہشت گردی اور جنگ کی صورت حال کو سنبھالنے میں اپنا کردار ادا کرے اور لانگ مارچ غیر مشروط طور پر ختم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 12

وجیہہ قمر نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی اور ڈیجیٹل ماحول میں میڈیا کی ذمہ داری محض معلومات کی ترسیل تک محدود نہیں رہی بلکہ میڈیا اقوام کے درمیان اعتماد، سماجی ہم آہنگی اور بین الثقافتی مکالمے کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے

بقیہ نمبر 13

کے لیے گاڑیوں کی خریداری کی منظوری دی گئی۔ کابینہ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلعی عدالتوں اور سندھ ہائیکورٹ کے نئے ججز کو سرکاری گاڑیاں فراہم کی جائیں گی۔ سندھ ہائیکورٹ انتظامیہ نے عدالتی افسران اور ججز کے لیے 87 گاڑیوں کی درخواست کی تھی۔ کابینہ نے سندھ ہائیکورٹ انتظامیہ کی درخواست پر گاڑیوں کی خریداری کی منظوری دی

بقیہ نمبر 14

کاری کا کردار ادا کر رہا ہے، ایران امریکا تنازع کا حل مذاکرات اور سفارت کاری سے نکالنے کی ضرورت ہے

بقیہ نمبر 15

فیسلٹی کے قیام کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کے دوران کہی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے اجلاس کو این ای اوسی کے آفات کی نگرانی، پیشگی وارننگ، تیاری اور مربوط ردعمل میں کردار پر بریفنگ دی۔ انہوں نے این ڈی ایم اے کے نیکسٹ جنریشن ٹیکنالوجی منصوبے اور موثر آفات کے انتظام میں بین الاقوامی تعاون کے لئے گلوبل ریزیلینس حب قائم کرنے کے منصوبوں کا بھی خاکہ پیش کیا۔ نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ نے موسمیاتی تبدیلی کے پیش نظر پاکستان کی حساسیت کے باعث بار بار آنے والی قدرتی آفات کے خلاف پاکستان کی مزاحمتی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے موثر استعمال کا مطالبہ کیا تاکہ تمام تر توجہ ردعمل پر مبنی رویے سے پیشگی وارننگ اور تیاری کی طرف منتقل کی جا سکے۔ انہوں نے طے شدہ منصوبوں کے موثر اور مربوط نفاذ پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک، چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری اقتصادی امور ڈویژن اور وزارت منصوبہ بندی و ترقی، وزارت خزانہ اور وزارت خارجہ امور کے سینئر افسران کے علاوہ این ڈی ایم اے کے افسران نے شرکت کی

بقیہ نمبر 16

متعلقہ حکام کے ساتھ مشاورت سے اسرائیل کے لیے تمام پروازیں معطل کر دی ہیں۔ ترجمان کے مطابق فلائی دبئی کی اسرائیل کے لیے پروازیں تحقیقات جاری رہنے تک معطل رہیں گی۔ ایئر لائن نے کہا کہ عارضی معطلی کے دوران تحقیقات جاری رکھے اور واقعے سے متعلق تمام حقائق سامنے لانے کا موقع ملے گا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہمارے مسافروں، عملے اور آپریٹنگز کی حفاظت اور بہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔ فلائی دبئی نے کہا کہ حکومتی حکام، متعلقہ ریگولیٹری اداروں اور ہوائی اڈوں کے ساتھ قریبی رابطے میں ہیں، مزید معلومات سامنے آنے کے ساتھ پروازوں کی معطلی کا دوبارہ جائزہ لیں گے۔ ایئر لائن نے ان مسافروں سے معذرت کی جن کے سفری منصوبے متاثر ہوئے اور کہا کہ ہم ممکنہ حد تک مسافروں کو مدد اور متبادل سفری انتظامات فراہم کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 17

ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا گیا، ہلاک دہشت گردوں سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن بھی شروع کیا ہے۔ علاوہ ازیں شمالی وزیرستان میں بھی سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے خوارج کے متعدد ٹھکانے اور سرنگیں تباہ کر دیں۔ علاقے سے بڑی تعداد میں بارودی مواد بھی برآمد ہوا ہے جبکہ آپریشن کے دوران متعدد خارجی دہشت گردوں کے ہلاک ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ سیکیورٹی فورسز نے واضح کیا کہ عزم استحکام وژن کے تحت ملک بھر سے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء پاکستان نے افغانستان میں فضائی کارروائی کر کے فتنہ الخوارج کے متعدد دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ وزارت اطلاعات کے مطابق آپریشن غضب للحق کے تسلسل میں فضائی کارروائی کی گئی، ابتدائی اطلاعات کے مطابق کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گرد مارے گئے۔ افغانستان میں 2 مقامات پر دہشت گردوں کے کیمپوں کو نشانہ بنایا گیا۔ وزارت اطلاعات کے مطابق مصدقہ انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر اہداف کو انتہائی درستگی سے تباہ کیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے واضح کیا گیا کہ اپنے شہریوں کی سلامتی اور تحفظ ہماری ترجیح ہے، پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کے لیے کوششیں کی ہیں۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغانستان بدستور دہشت گردی کا مرکز بنا ہوا ہے، پاکستان کو لاحق دہشت گردی کا خطرہ افغانستان سے جنم لے رہا ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دریں اثناء وزارت اطلاعات نے افغان طالبان حکومت کے الزامات کی تردید کر دی، اور کہا کہ نورستان میں لڑائی کو پاکستان سے منسوب کرنے کا مقصد طالبان حکومت کے اندرونی جبر اور عدم استحکام سے توجہ ہٹانا ہے۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ افغان طالبان کی حکومت غیر

نمائندہ ہے، افغان طالبان طاقت اور جبر کے ذریعے افغانستان کے عوام پر مسلط ہیں۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغان طالبان دہشت گردی کی معاونت میں اپنے کردار سے دانستہ چشم پوشی کر رہے ہیں، چند طالبان رہنما بھارت کے ہندوتوا ایجنڈے کے آلہ کار بن رہے ہیں

بقیہ نمبر 18

نے کہا کہ حکومت کی تبدیلی سے پٹرولیم مصنوعات سستی نہیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت مئی کی جنگ ختم نہیں ہوئی، جنگ آج زیادہ خطرناک طریقے سے جاری ہے، روزانہ ہمارے جوان شہید ہو رہے ہیں۔ بھارت جنگ ہارنے کے بعد اب پراکسی جنگ لڑ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 19

ہے کہ حقائق کا سامنا کرنے پر بھارت جواب دینے کے بجائے موضوع بدل دیتا ہے اور امید کرتا ہے کہ اصل سوالات غائب ہو جائیں گے، لیکن ایسا نہیں ہوگا۔ عدیل ممتاز کھوکھر نے خطاب کے دوران کہا کہ جموں و کشمیر نہ بھارت کا اٹوٹ انگ ہے اور نہ کبھی رہا ہے، بلکہ یہ ایک متنازع علاقہ ہے جسے سلامتی کونسل کی قراردادوں میں بھی تسلیم کیا گیا ہے، بھارت کے بار بار انکار اور یک طرفہ اقدامات اس حقیقت کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ جموں و کشمیر میں آزاد اور غیر جانب دار استصواب رائے سے متعلق بھارت بہانے پیش کرتا ہے، اگست 2019 سے بھارت نے غیر قانونی اقدامات کا ایک سلسلہ متعارف کروایا، بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں قوانین میں تبدیلیاں اور من پسند حلقہ بندیاں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں لاکھوں ڈومیسائل غیر کشمیریوں کو جاری کیے گئے ہیں، کشمیریوں کی شناخت بدل کر مسئلہ کشمیر حل نہیں کیا جا سکتا۔ عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا کہ مسلمانوں کی عبادت گاہوں کو بھارتیہ جنتا پارٹی اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) (نے ریاستی سرپرستی میں) تباہ کیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی جانب سے کتنے مسلمان اراکین پارلیمان منتخب ہوئے؟ صفر

بقیہ نمبر 20

فارورڈ بلاک سے تعلق رکھنے والے 20 سے زائد اراکین کا 29 ستمبر کو اجلاس ہوا، جس میں سہیل آفریدی کی حمایت اور لانگ مارچ میں شرکت کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ممکنہ تحریک عدم اعتماد اور نئے وزیراعلیٰ کے انتخاب پر غور کیا گیا، اراکین اسمبلی کا کہنا ہے کہ سہیل آفریدی کی نا اہلی کی صورت میں نیا وزیراعلیٰ پارلیمانی پارٹی منتخب کرے گی، نیو وزیراعلیٰ کے انتخاب کا فیصلہ صرف صوبائی اسمبلی کے اراکین کریں گے۔ اجلاس میں پارلیمانی پارٹی اجلاس میں قومی اسمبلی اراکین کو شامل نہ کرنے پر اتفاق کیا گیا، یہ بھی فیصلہ ہوا کہ نیو وزیراعلیٰ کے انتخاب میں عمران خان کی بہنوں، مرکزی قائدین کی ہدایات فیصلہ کن نہیں ہوں گی، پارلیمانی پارٹی کے فیصلے پر نیا وزیراعلیٰ منتخب ہوگا۔

بقیہ نمبر 21

آفریدی کی قیادت میں شروع ہوگا۔ رہنما پی ٹی آئی شاہد خٹک نے بتایا کہ لانگ مارچ پہلے روز ڈی آئی خان، ٹانک، وزیرستان اور بنوں کے قافلے مروت میں جمع ہوں گے۔ شاہد خٹک کا کہنا تھا کہ کرک، کوہاٹ، ہنگو، اورکزئی اور کرم کے قافلوں کا شیڈول جلد جاری ہوگا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ 4 اکتوبر لانگ مارچ کا حتمی شیڈول وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی (آج) جمعہ کو جاری کریں گے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی لانگ مارچ کے لئے جمعہ کو چندہ بھی اکٹھا کریں گے۔

بقیہ نمبر 22

جمع کروانے کی ہدایت کر دی۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کسی شکایت کی صورت میں وزارت سے رابطہ کریں، شکایت کے ساتھ متعلقہ ثبوت بھی فراہم کرنا ضروری ہوگا۔ وزارت مذہبی امور نے کہا کہ پرائیویٹ حجاج اپنی شکایات 20 اکتوبر سے قبل لازمی جمع کروائیں، شکایت نہ ہونے کی صورت میں پرفارمنس گارنٹی واپس کرنے کا سلسلہ 20 اکتوبر کے بعد شروع ہو جائے گا۔ وزارت کے مطابق شکایت بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک یا ای میل سیکشن افسر مانیٹرنگ کو بھجوائی جا سکتی ہے، 20 اکتوبر 2026 کے بعد موصول ہونے والی شکایات پر کارروائی نہیں ہوگی۔ وزارت مذہبی امور نے کہا کہ 20 اکتوبر کے بعد حج منظم کمپنیوں کا معاملہ حتمی طور پر نمٹا دیا جائے گا

بقیہ نمبر 23

کی برآمدات پر عائد پابندیوں، بحری ناکہ بندی اور جوہری مسئلہ سمیت بات چیت کے لئے بنیادی ایجنڈا بدستور برقرار ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بات چیت میں یہ سوال اہم ہے کہ آیا آبنائے ہرمز کھولنے کا معاملہ پہلے حل ہوگا یا ایران جوہری معاملے پر امریکا کو مطمئن کرنے کے لیے کوئی مضبوط اور قابل اعتماد یقین دہانی کرائے گا۔ انہوں نے کہا کہ قطر اس وقت ثالثی میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے، تاہم پاکستان بھی سفارتی کوششوں میں فعال طور پر مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے نیویارک میں سفارتی کوششوں کو آگے بڑھانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے اور دونوں فریقین کی قیادت اور نمائندوں کے ساتھ ملاقاتیں بھی ہوئی ہیں۔ ان کے مطابق قطر اور مصر کے تعاون سے پاکستانی وفود نے بھی سفارتی رابطوں کو آگے بڑھانے میں معاونت کی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کوششوں کے نتیجے میں واشنگٹن اور تہران کو مذاکرات کی طرف واپس آنے کے لیے مطلوبہ لچک پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ پابندیوں کے حوالے سے سردار مسعود خان نے کہا کہ ایران پر عائد امریکی پابندیوں میں ایک جانب وہ پرانی پابندیاں شامل ہیں جو 1980 کی دہائی سے جاری ہیں، جبکہ دوسری جانب جنگ شروع ہونے کے بعد عائد کی جانے والی نئی پابندیاں ہیں۔ ان کے مطابق مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کے بعد بھی نئی پابندیاں عائد کی گئیں، جنہیں امریکہ کی جانب سے آپریشن اکنامک فیوری کے عنوان سے بھی بیان کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اقدامات نے ایران پر شدید اقتصادی دباؤ بڑھا دیا ہے، خصوصاً مالیاتی شعبے، عالمی بینکاری نظام تک رسائی اور تیل کی برآمدات پر پابندیوں کے ذریعے۔ انہوں نے ایرانی بندرگاہوں اور بین الاقوامی پانیوں میں بحری ناکہ بندی کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ان اقدامات سے ایران کی معاشی سرگرمیاں شدید متاثر ہوئی ہیں، تاہم ایران نے دباؤ کے باوجود قابل ذکر مزاحمت کا مظاہرہ کیا ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ واشنگٹن اور تہران کی جانب سے سامنے آنے والے متضاد اشارے دو متوازی صورتوں کی عکاسی کرتے ہیں، ایک جانب مذاکراتی تعطل برقرار ہے جبکہ دوسری جانب سفارتی پیش رفت کے امکانات بھی موجود ہیں۔ ان کے مطابق قطر نے کئی تجاویز پیش کی ہیں جو ممکنہ طور پر دونوں فریقین کے لیے قابل قبول ہو سکتی ہیں، تاہم وسیع تر اور زیادہ تباہ کن جنگ کے خدشات بدستور موجود ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عالمی برادری، بالخصوص پاکستان اور دیگر علاقائی طاقتوں کو دونوں فریقین کو مذاکرات دوبارہ شروع کرنے اور تنازع کے جلد خاتمے کی ترغیب دینی چاہیے۔ سردار مسعود خان نے خبردار کیا کہ 3 نومبر کو ہونے والے امریکی وسط مدتی انتخابات تک انتظار خطے کو مزید کشیدگی کے خطرے سے دوچار کر سکتا ہے

بقیہ نمبر 24

م منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بزرگ شہریوں کی صحت، تندرستی، سفری سہولیات اور دیگر ضروریات کے حوالے سے ریاست کی بھی ذمہ داریاں ہیں، بزرگ شہریوں کے تحفظ اور فلاح کے لئے مختلف قانونی اقدامات کئے گئے ہیں جبکہ اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری میں سینئر سٹیزنز سے متعلق قانون پر بھی کام کیا گیا ہے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ صرف آگاہی اور وکالت کافی نہیں، اسے عملی اقدامات اور عزم میں تبدیل کرنا ہوگا، خاندانی نظام میں تبدیلی، شہری ہجرت اور معاشی حالات بزرگوں کی نگہداشت کے روایتی نظام کو متاثر کر رہے ہیں، اس لئے پاکستان کو بزرگ شہریوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے لئے ابھی سے تیاری کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ معاشی مشکلات کے باعث بہت سے خاندان بیک وقت بچوں اور بزرگ والدین کی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں جس کے لئے موثر سماجی تحفظ کا نظام ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے غیر رسمی شعبے سے وابستہ کارکنوں خصوصاً گھریلو ملازمین، آیا، باورچی، سکیورٹی گارڈز اور دیگر کارکنوں کے لئے ریٹائرمنٹ اور بڑھاپے کے تحفظ کے مناسب نظام کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ آجر اور کارکن کی شراکت پر مبنی نظام کے ذریعے ایسے افراد کو ریٹائرمنٹ کے بعد باعزت مالی تحفظ فراہم کیا جا سکتا ہے۔ پنشن صرف مالی معاونت نہیں بلکہ بزرگ شہریوں کی خودداری اور باوقار زندگی کا ذریعہ بھی ہے، والدین نے ہماری پرورش اور زندگی کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کیا، اس لئے ان کی خدمت احسان نہیں بلکہ ہماری ذمہ داری اور فرض ہے جسے عزت اور وقار کے ساتھ ادا کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت انسانی حقوق اور متعلقہ ادارے بزرگ شہریوں کے لئے قانونی و ادارہ جاتی فریم ورک کو مزید بہتر بنانے پر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے بزرگ معاشرے کے معمار ہیں اور ان کے بڑھاپے کو عزت، تحفظ اور وقار فراہم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بزرگ شہریوں کے لئے جاری آگاہی اور وکالت کو موثر پالیسی، عملی اقدامات اور ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے گا۔ سیکرٹری وزارت انسانی حقوق عبدالخالق شیخ اور یو این ایف پی اے پاکستان کے نمائندے ڈاکٹر لوئے شبانے نے بھی تقریب سے خطاب کیا اور بزرگ شہریوں کے حقوق، سماجی تحفظ اور باوقار زندگی کے لئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 25

وہاب نے ملاقات کی، میئر کراچی نے شہر میں جاری عوامی فلاحی منصوبوں سے متعلق پیشرفت سے آگاہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری سے سندھ اسمبلی کے سابق رکن شہریار خان شر نے جہانگیر خان شر کے ہمراہ ملاقات کی، ملاقات میں گھوٹکی کی سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سندھ کے چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، چیف سیکرٹری نے سندھ کی انتظامی صورت حال پر بریفنگ دی۔ بلاول بھٹو زرداری سے سندھ اسمبلی کے رکن شہباز درانی نے بھی ملاقات کی، انہیں شکارپور کے عوامی مسائل اور ان کے حل سے متعلق اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و انسداد منشیات کے وزیر مکیش کمار چاولہ نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، ملاقات میں محکموں کی کارکردگی سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے پی پی پی ضلع شکارپور کے صدر عابد بھیو نے بلاول ہاؤس میں ملاقات کی، اس موقع پر ضلع کی سیاسی اور تنظیمی صورت حال پر بات چیت کی گئی۔

بقیہ نمبر 26

کے مطابق پاکستان کے مجموعی زرمبادلہ ذخائر 26 ارب 77 کروڑ 9 لاکھ ڈالر کی سطح پر پہنچ گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

گردوں کی نشاندہی کی گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی حکام نے بتایا کہ دہشتگردوں کے خلاف کارروائی میں 6 دہشت گرد مارے گئے، آپریشن میں متعدد دھماکہ خیز آلات بھی برآمد کیے گئے۔ ایرانی حکام کے مطابق دہشت گرد ٹیم زاہدان شہر میں دہشت گرد حملوں کی منصوبہ بندی کر رہی تھی۔

بقیہ نمبر 28

ت، ترقیاتی کاموں، صحت، تعلیم، بجلی، سڑکوں اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق اپنی شکایات پیش کیں۔ صوبائی وزیر نے یقین دلایا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنایا جائے گا۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ عوامی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور ہے، عوام سے براہ راست رابطہ اور ان کے مسائل سننا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کو متحرک کیا جا رہا ہے اور جہاں فوری نوعیت کے مسائل ہیں انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر مسائل کے اظہار کا موقع فراہم کرنا اور متعلقہ حکام کے ذریعے ان کے حل کو یقینی بنانا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر عوام نے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کی جانب سے کھلی کچہری کے انعقاد اور ان کے مسائل براہِ راست سننے پر اظہار تشکر کیا اور امید ظاہر کی کہ پیش کیے گئے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ادارے عملی اقدامات اٹھائیں گے

بقیہ نمبر 29

کی شرح 31.1 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 23.1 فیصد بڑھی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ماہ میں پیاز 29.17 فیصد، گندم 3.86 فیصد، آٹا 2.28 فیصد، دال مسور 1.56 فیصد اور خشک میوہ جات 1.27 فیصد مہنگے ہوئے۔ شہری علاقوں میں ایک ماہ کے دوران ٹماٹر 24.68 فیصد، چکن 8.14 فیصد، انڈے 5.92 فیصد، آلو 4.19 فیصد اور دال مونگ 2.09 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ماہ میں بجلی کے نرخ 15.28 فیصد، موٹر فیول 10.76 فیصد اور ادویات 0.98 فیصد مہنگی ہوئیں۔ دیہی علاقوں میں ایک ماہ کے دوران دال چنا 2.42 فیصد مہنگی ہوئی، جبکہ گندم کا آٹا 1.72 فیصد، گندم ایک فیصد اور سبزیاں 0.87 فیصد مہنگی ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق دیہی علاقوں میں ٹماٹر 27.87 فیصد، چکن 7.57 فیصد، انڈے 2.92 فیصد، پھل 2.56 فیصد، آلو 2.30 فیصد اور چینی 1.70 فیصد سستی ہوئی۔ دیہی علاقوں میں ایک ماہ کے دوران بجلی 15.28 فیصد جبکہ موٹر فیول 11.13 فیصد مہنگا ہوا

بقیہ نمبر 30

پنشن استعمال کریں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ قومی اسمبلی سے استعفوں کا فیصلہ نہیں ہوا، مضبوط وفاق کے لیے خود مختار صوبہ بہت ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 31

محفوظ رہی، دہشت گردوں کی شدید فائرنگ کے باوجود پولیس اہلکار اپنی پوزیشنوں پر ڈٹے رہے اور آخری گولی تک مقابلہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کو تھانے پر قبضہ کرنے سے روک دیا۔ بابر یوسفزئی کے مطابق ضلعی پولیس پلٹن، اے ٹی ایف اور سی ٹی ڈی نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پولیس کی مدد کے لیے پیش قدمی کی، جس کے باعث دہشت گردوں کو پسپائی اختیار کرنا پڑی۔ حملہ آور رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ معاون برائے داخلہ نے بتایا کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حملے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں، تاہم حملے کے دوران دو گاڑیوں کو آگ لگائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس دہشت گردی کے خلاف ثابت قدم ہے، عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 32

بعد ازاں مرحومہ کے لواحقین سے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے تعزیت وفاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی تعزیت کرنے والوں میں وائس چیئرمین ضلع کونسل حب کمال خان محمد حسنی سابق چیئرمین حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ چیئرمین ساکران غلام رسول واھورہ کونسلر جعفر رند کونسلر فرمان سومار رونجھو۔ اقبال جاموٹ ایڈووکیٹ خورشید رند ایڈووکیٹ میر رفیق گمشی حاجی اللہ بخش دلاری حاجی غلام نبی چھٹہ حاجی کریم چھٹہ عبدالفتح چھٹہ فرید دلاری رمضان شیخ ماسٹر عبدالقیوم نوید لاڈلہ رند ابراہیم شیخ آغا مجیب شیخ ساکران بیجھتی لالہ مری وڈیرہ شکیل واھورہ وڈیرہ یونس مینگل وڈیرہ یعقوب خاصخیلی وڈیرہ حاجی محمد خاصخیلی ماسٹر رحمت اللہ ناسر ماسٹر غلام قادر بخش واھورہ حاجی عبدالرزاق موندرہ حاجی نوید موندرہ ڈاکٹر عبدالکریم بلوچ ڈاکٹر بابر بلوچ پرامیڈیکل ایسوسی ایشن کے سید گلاب شاہ غلام محمد زہری عبدالغفور زہری غلام حسین رونجھو رفیق رونجھو غلام علی شاہوک اصغر علی شاہوک عثمان بلوچ فیروز بلوچ ایڈووکیٹ نصیر جاگرانی ایڈووکیٹ گل حسن رند ایڈووکیٹ غلام حیدر حافظ منصور مینگل مفتی عبدالولی پارس شیخ ندیم خلیل احمد شیخ زوہیب شیخ میر بدل میروانی حاجی عبدالغفار انگو عبدالغفور بلوچ ماسٹر عبدالرحمن میر عبدالقدوس بزنجو قادر ساسولی سکندر ساسولی جمال کریم عبدالغنی بلوچ عبدالستار میر جت احمد علی میر جت سر صادق بلوچ سر بالاچ خان بلوچ سر غلام مبین بلوچ سر عرفان احمد صدیقی سر محمد علی قادری سر معراج بلوچ سر دوداخان بلوچ سر ایاز لاسی سر اشتیاق شاہوانی ایس ایچ او لاکھڑا جلیل احمد سومرو ڈی ایس پی ملک عبدالغفور رند سب انسپکٹر اکبر زہری وڈیرہ محمد صدیق صابرہ جنگی خان اچرہ قادر بخش اچرہ عبدالرب آچرہ فائز غلام باریجہ لانہ صابرہ وڈیرہ نبی داد صابرہ شیر محمد صابرہ غلام قادر صابرہ سکندر صابرہ عبدالکریم صابرہ رمضان صابرہ ندیم صابرہ ایاز علی صابرہ نبو صابرہ وڈیرہ اختر صابرہ لعل محمد صابرہ عبدالحکیم صابرہ رضا محمد صابرہ پیر محمد صابرہ حبیب اللہ صابرہ غلام شبیر اچرہ عبدالرشید صابرہ محمد اقبال انگاریہ شہباز موسیانی رحمت اللہ جاموٹ نصر اللہ جاموٹ ارشد موسیانی ڈاکٹر الطاف شیخ قادر برفت عبدالمجید برفت اللہ بچایا برفت الانہ برفت مولی برفت گلو برفت سجاد برفت عنایت اللہ اچرہ محمد علی صابرہ امید علی صابرہ اصغر صابرہ سکندر صابرہ احمد خان صابرہ عالم خان صابرہ فرید صابرہ اکرم صابرہ رحیم صابرہ شریف صابرہ قاسم بایزہ قاسم برفت محمد ہاشم برفت محمد رمضان برفت محمد ہاشم برفت محمد حسن برفت عبدالرحمن برفت نذیر احمد بایزہ اسلم برہ حامد برہ شارخ شیخ استاد عبدالحمید لاسی شوکت برفت لیاقت برفت رفیق برفت صوالیس برفت نظر محمد صابرہ محمد بچل صابرہ ابراہیم صابرہ سلیم صابرہ اللہ داد انجش بلوچ رفیق درمحمد بلوچ ماسٹر محمد جان سونگی ماسٹر بخش شاہی بلال اکبر زہری ماسٹر ایوب عدم رونجھو حاجی بابو رونجھو محمد حنیف رونجھو شہزاد عمر رونجھو وسیم ایوب رونجھو عبدالغنی رونجھو پریس کلب کے صدر محمد الیاس کبوہ جنرل سیکریٹری دیدار علی رونجھو جوائنٹ سیکریٹری عاشق بلوچ آفس سیکریٹری ضیا الدین کبوہ انیگزیکٹو ممبر اسحاق سپکرو حاجی یار محمد بروہی شاہ رخ کبوہ امتیاز شوروم سینئر صحافی راو اختر راجپوت نواز بلوچ قادر سیاں خضر طارق سید زاہد شاہ بخاری سید صفی اللہ شاہ بخاری کاشف رمضان مینن شاہد سیال عبدالغنی رند شاہجہان بزنجو منیر احمد سومرو عبدالستار مینگل بشیر احمد بلوچ امام بخش مینگل ظہیر ظرف طفیل احمد موندرہ راو اصغر سمیت دیگر موجود تھے

بقیہ نمبر 33

شواہد موجود ہیں۔ ان کے مطابق واقعے کی تحقیقات ابھی جاری ہیں اور برطانیہ اس معاملے پر امریکا کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ اینڈی برنہم نے انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ فیئر فورڈ کے قریب ہفتے کے آخر میں پیش آنے والے واقعے میں ایران کے کردار کے مضبوط اشارے ملے ہیں۔ انہوں نے تاہم اس بارے میں مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں کہ برطانوی حکام ایران کے ملوث ہونے کا شبہ کن شواہد کی بنیاد پر ظاہر کر رہے ہیں۔ برطانوی وزیراعظم نے کہا کہ معاملہ پیچیدہ اور حساس ہے اور تحقیقات مکمل ہونے تک مزید تفصیلات فراہم نہیں کی جا سکتیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ برطانوی حکام امریکی اداروں کے ساتھ قریبی تعاون کر رہے ہیں۔ دوسری جانب ایران نے برطانوی الزام کو مسترد کیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے برطانوی وزیراعظم کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ایران کے ملوث ہونے کی

تردید کی۔ تہران پہلے بھی اس واقعے سے متعلق ایران کے خلاف سامنے آنے والی قیاس آرائیوں کو بے بنیاد قرار دے چکا ہے۔ فیئر فورڈ برطانیہ کا ایک اہم فوجی اڈہ ہے جسے امریکی فوج بھی استعمال کرتی ہے۔ حالیہ ایران جنگ کے دوران امریکی بمبار طیاروں نے بھی اس اڈے سے کارروائیاں کی ہیں۔ اسی وجہ سے واقعے کے بعد اڈے کی سیکیورٹی اور ممکنہ غیر ملکی مداخلت سے متعلق تحقیقات کو خاص اہمیت حاصل ہو گئی ہے۔

بقیہ نمبر 34

کے تحت مجموعی طور پر 18 سال قید اور 11 ملین روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ اسی طرح ملزم عثمان علی کو بھی مختلف دفعات کے تحت مجموعی طور پر 18 سال قید اور 11 ملین روپے جرمانہ کیا گیا۔ عدالت نے ملزمان کامران فراز اور رفاق اللہ کو بھی مجموعی طور پر 18، 18 سال قید اور 11، 11 ملین روپے جرمانے کی سزائیں سنائیں۔ ملزم حزب اللہ کو 18 سال قید اور 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزمان پر دہشت گردوں کی بھاری مالی معاونت کا الزام تھا اور ان کے خلاف سی ٹی ڈی مہمند میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ پراسیکیوشن کے مطابق دوران ٹرائل ملزمان پر جرم ثابت ہوا، جس پر عدالت نے مختلف دفعات کے تحت قید کی سزاؤں کے ساتھ بھاری جرمانے بھی عائد کیے

بقیہ نمبر 35

جھل تک متعدد مقامات پر یوفون ٹاورز کی بیٹریاں متاثر ہو کر کام نہیں کر رہیں، جس کے باعث رات ڈھلتے ہی موبائل سگنلز یا تو مکمل طور پر غائب ہو جاتے ہیں یا اس قدر کمزور پڑ جاتے ہیں کہ رابطہ برقرار رکھنا دشوار ہو جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق یہ مسئلہ صرف رات کی خاموشی تک محدود نہیں۔ دن کے اجالے میں بھی کال ڈراپ، آواز کے بار بار منقطع ہونے، سگنلز کے اتار چڑھاؤ اور انٹرنیٹ کی سست رفتاری نے صارفین کو پریشان کر رکھا ہے۔ 4G کے عہد میں بنیادی مواصلاتی سہولت کا غیر یقینی ہونا دریجی جیسے وسیع علاقے کے لیے ایک سنجیدہ سوال بن کر سامنے آ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ موبائل فون اب محض گفت و شنید یا انٹرنیٹ تک رسائی کا ذریعہ نہیں، بلکہ ہنگامی حالات میں فوری مدد طلب کرنے کا بنیادی وسیلہ بھی ہے۔ حالیہ دنوں میں دریجی میں پیش آنے والی بینک ڈکیتی کے واقعے نے بھی اس ضرورت کو مزید نمایاں کر دیا ہے۔ ایسے حالات میں پولیس، سیکیورٹی اداروں، طبی مراکز اور متعلقہ حکام تک بروقت اطلاع پہنچانے کے لیے مؤثر مواصلاتی نظام ناگزیر ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق اگر رات کے وقت موبائل سگنلز ہی دستیاب نہ ہوں تو کسی ناگہانی واقعے کی اطلاع رسانی اور فوری مدد کا حصول مزید دشوار ہو سکتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دریجی میں مواصلاتی نظام کی کمزوری کو محض صارفین کی شکایت سمجھ کر نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے، بلکہ اسے عوامی سہولت اور ہنگامی رابطے کے بنیادی مسئلے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ اہلیانِ علاقہ کا کہنا ہے کہ صارفین ہر ماہ موبائل کمپنی کے مختلف پیکیجز پر رقم خرچ کرتے ہیں، تاہم اس کے باوجود انہیں ایسی سروس میسر نہیں جو ان کی بنیادی ضرورت پوری کر سکے۔ شہریوں نے شکایت کی کہ بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلے کا مستقل اور موثر تدارک نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ یوفون انتظامیہ نورانی کراس تا کری جھل تمام ٹاورز کا جامع تکنیکی معائنہ کرائے، ناکارہ بیٹریاں اور ضروری آلات تبدیل کیے جائیں اور نیٹ ورک کی خامیوں کو مستقل بنیادوں پر دور کیا جائے۔ اہلیانِ دریجی نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) سے مطالبہ کیا کہ علاقے میں موبائل سروس کے معیار کا جائزہ لے کر یوفون انتظامیہ سے جواب طلب کیا جائے اور صارفین کو فراہم کی جانے والی سروس کے معیار کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ شہریوں نے صدر مملکت، وزیراعظم پاکستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، وفاقی وزارت آئی ٹی، چیئرمین پی ٹی اے، ڈپٹی کمشنر حب اور اسسٹنٹ کمشنر دریجی سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری اور سنجیدہ نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ کمپنی کو مواصلاتی نظام کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کی ہدایت کی جائے۔ دریجی کے شہریوں کے لیے یہ مسئلہ اب محض کمزور سگنلز یا سست انٹرنیٹ کا معاملہ نہیں رہا، بلکہ یہ رابطے، کاروبار، تعلیم اور بالخصوص ہنگامی حالات میں بروقت اطلاع رسانی کے حق سے جڑا ہوا ایک اہم عوامی مسئلہ بن چکا ہے۔

بقیہ نمبر 36

رہے ہیں کہ ہم دنیا بھر میں دوسرے ممالک کو اسلحہ فروخت کرتے ہیں اور گفتگو کے دوران ایک موقع پر انہوں نے چینی صدر سے بھی پوچھا کہ وہ کچھ ہتھیار خریدنا چاہیں گے۔ امریکی سفیر نے کہا کہ دوسری اشیا کی فروخت کے حوالے سے بھی بات چیت جاری ہے، امریکی و چینی صدور جب بھی ملتے ہیں اس معاملے پر بات کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ وضاحت بھی کی کہ فروخت کے معاملے پر امریکا کا موقف وہی ہے اور تبدیل نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 37

منظوری دوبارہ زیر غور لانے کا اختیار مانگ لیا ہے۔ وزارت آئی ٹی نے ٹیلی کمیونیکیشن کمپٹیشن رولز 2026 کا مسودہ تیار کیا ہے، جس میں کسی ٹرانزیکشن کی منظوری پر ایک سال کے اندر نظرثانی کی اجازت دی گئی ہے۔ مسودے کے تحت پی ٹی اے کسی منظوری پر نظرثانی، اس میں ترمیم یا اسے واپس لے سکے گا، تاہم پی ٹی اے نے نظرثانی کے لیے مقرر ایک سال کی پابندی ختم کرنے کے لیے نئی عبارت تجویز کر دی ہے۔ پی ٹی اے کی تجویز کے مطابق ضرورت کے تحت کسی بھی وقت منظوری پر دوبارہ غور کیا جا سکے گا۔ مجوزہ ترمیم منظور ہونے کی صورت میں ٹیلی کام ٹرانزیکشنز کی منظوری پر نظرثانی کی مدت غیر محدود ہو جائے گی۔ مجوزہ مسابقتی قوانین 2026 میں پی ٹی اے نے اپنے اختیارات میں غیر معمولی اضافے کی تجویز دی ہے، جس کے تحت نئے حقائق یا ریگولیٹری خدشات سامنے آنے پر پہلے دی گئی منظوری بھی دوبارہ کھولی جا سکے گی۔ نئے قواعد کے تحت ٹیلی کام انضمام، خریداری اور مشترکہ منصوبے پی ٹی اے کے جائزے میں آ سکیں گے۔ کمپنی کا کنٹرول منتقل کرنے اور اسپیکٹرم یکجا کرنے کے معاملات بھی ریگولیٹری جائزے کے دائرے میں آئیں گے۔ مسابقت، مارکیٹ ارتکاز اور صارفین کے مفادات کو متاثر کرنے والی ٹرانزیکشنز کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ پی ٹی اے کسی ٹیلی کام ٹرانزیکشن کے لیے این او سی جاری کرنے کے ساتھ مخصوص شرائط بھی عائد کر سکے گا۔ مجوزہ قواعد کے تحت پی ٹی اے کو کمپنیوں پر انتظامی اور عملی حفاظتی شرائط عائد کرنے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔

بقیہ نمبر 38

رہی ہے، ترسیلات زر اور خدمات کی برآمدات سے آمدنی اور بیرونی کھاتوں کو مسلسل سہارا ملنے کی توقع ہے

بقیہ نمبر 39

تھ مبینہ اجتماعی زیادتی کے واقعہ میں ڈی این اے ٹیسٹ کیلئے متاثرہ لڑکی اور ملزمان کے سیمپلز لے لیے گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں گرفتار ملزموں کے سیمپلز فرانزک لیبارٹری کیلئے جاچکے ہیں، ملزمان سے حاصل کیے گئے نمونے متاثرہ لڑکی کے سیمپلز سے میچ کیے جائیں گے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جائے وقوعہ رائیونڈ روڈ کی ایک نجی سوسائٹی کے فلیٹ سے بھی فرانزک ٹیم نمونے حاصل کر چکی ہے، جائے وقوعہ سے فنگر پرنٹس اور زیر استعمال برتنوں سے بھی نمونے حاصل کیے گئے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے زیر استعمال گاڑی سے بھی سیمپلز اکٹھے کیے گئے، جائے وقوعہ سے ڈیجیٹل شواہد حاصل کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ پولیس نے بتایا کہ اجتماعی زیادتی کا تعین فرانزک رپورٹ کرے گی، تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہائی پروفائل کیس کے حوالے سے حقائق سامنے لائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 40

واٹر سپلائی اسکیموں کے لیے 5 ارب 63 کروڑ روپے مختص کیے گئے تھے۔ بلوچستان میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے نئے مالی سال 2026-27 میں 6 ارب 21 کروڑ روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ شہریوں نے بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹیو پروگرام کے تحت پانی کی فراہمی کے منصوبوں کو نعمت قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 41

پ بوٹانے موقف اختیار کیا ہے کہ فنڈز روکنا آئین میں اختیارات کی تقسیم اور کانگریس کے مالیاتی اختیار کی خلاف ورزی ہے۔ دوسری جانب وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ فنڈز ایسے پروگراموں کے خلاف روکے گئے ہیں جو غیر قانونی امیگریشن، نسلی کشیدگی اور ماحول سے متعلق مبالغہ آمیز پالیسیوں کو فروغ دیتے ہیں۔ ریاستوں نے صدر ٹرمپ کے اخراجات روکنے کے اختیار کی حدود پر بھی سوال اٹھایا ہے۔ مقدمہ شمالی ضلع کیلیفورنیا کی وفاقی عدالت میں دائر کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 42

2026/جاری کر دیا، جس کے مطابق ٹیکس دہندگان کو پہلے 30 ستمبر 2026 تک زرعی آمدنی ٹیکس ریٹرن جمع کرانا تھا۔ سرکلر کے مطابق ٹیکس دہندگان اب 31 اکتوبر 2026 تک اپنے زرعی آمدنی ٹیکس ریٹرن جمع کرا سکیں گے۔ اس طرح سندھ حکومت کی جانب سے ریٹرن جمع کرانے والوں کو ایک ماہ کی اضافی مہلت دے دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق زرعی آمدنی ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کے لیے فارم AIT-03 استعمال ہوگا، جبکہ ٹیکس دہندگان کو ریٹرن آن لائن جمع کرانے کی سہولت بھی دستیاب ہے۔ ٹیکس دہندگان 31 اکتوبر تک زرعی آمدنی ٹیکس ریٹرن جمع کرا کے جرمانوں اور قانونی کارروائی سے بچ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 43

بر 2026 تک توسیع، نارتھ کراچی کے سندھ گورنمنٹ چلڈرن اسپتال کو 200 بستروں پر مشتمل ماں اور بچے کے اسپتال میں تبدیل کرنے، چنیسر ڈسپنسری کو 24 گھنٹے فعال کرنے، گندم کے سرکاری ذخائر فلور ملز اور چکیوں کو جاری کرنے سمیت اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ نمبر 44

کیا گیا۔ ملاقات کے دوران قبائلی معتبرین نے سیکیورٹی چیک پوسٹوں کے حوالے سے اپنے تحفظات اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات سے کمشنر کو آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 45

ت تک رسائی پر عائد تمام غیر قانونی پابندیاں فوری ختم کی جائیں اور میڈیا ورکرز کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ تنظیم کے مطابق طالبان حکومت منظم طریقے سے آزاد صحافیوں کو ہراساں کر رہی ہے اور آزادانہ رپورٹنگ کے ذرائع مسدود کیے جا رہے ہیں۔ میڈیا ہاؤسز اور نامہ نگاروں کو سختی سے پابند کر دیا گیا ہے کہ وہ صرف اور صرف طالبان رجیم کے یکطرفہ بیانیہ اور بااثر حکومتی حلقوں کی پسندیدہ معلومات کو ہی نشر کریں۔ افغان میڈیا سپورٹ آرگنائزیشن نے واضح کیا کہ ٹی وی چینلز پر لائیو تصاویر کی ترسیل، سیاسی ٹاک شوز اور آزاد مباحثوں پر عائد ظالمانہ سنسرشپ اور مسلسل ملنے والی سنگین دھمکیوں کے باعث صحافتی ادارے سانس لینے کی سکت کھو چکے ہیں، جس سے خطے میں بنیادی انسانی حقوق اور آزاد معلومات کی فراہمی کو شدید خطرات لاحق ہیں

بقیہ نمبر 46

چوک تک نکالی گئی۔ ریلی کے شرکا نے پاکستان زندہ باد، آزاد کشمیر زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے امن کے قیام اور شر پسند عناصر کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ امن ریلی کا اختتام ملک و قوم کی سلامتی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کے ساتھ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 47

کمیٹی نے متعلقہ محکموں کی جانب سے مطلوبہ ورکنگ پیپرز اور تازہ معلومات تحریری طور پر فراہم نہ کرنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام اداروں کو مؤثر رابطہ کاری اور بروقت معلومات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ کلری گھارا فیڈر اور تھر جھیل کی بہتری کے 42 کلومیٹر طویل منصوبے پر 74 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ کے فور کے پاور ٹرانسمیشن حصے کو جون 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر ہے۔ کمیٹی نے مقامی سطح پر خریداری اور منصوبے پر جاری عملدرآمد کو سراہا۔ اجلاس میں کے فور منصوبے کے 94 کلومیٹر ریئل ٹائم روٹ میپ کی عدم فراہمی کا بھی نوٹس لیا گیا اور اسے فوری طور پر کمیٹی کو پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اسی طرح RD 000+153 پر راک سائٹ کے تکنیکی مسئلے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا اور منصوبے کے ڈیزائن فیزیبلٹی مرحلے میں معاملے کی نشاندہی نہ ہونے پر سوالات اٹھائے گئے۔ کمیٹی کو فورآگمنٹیشن منصوبے کے حوالے سے بتایا گیا کہ منصوبے کی لاگت تقریباً 256.87 ملین امریکی ڈالر ہے، زمین حاصل کر کے واپڈا کے حوالے کی جا چکی ہے جبکہ ہائیڈرو ٹیسٹنگ کا 75 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ کمیٹی نے تعمیراتی کام کے باعث متاثر ہونے والی شہری سڑکوں اور یوٹیلیٹیز کی بحالی کے لیے واضح تحریری ٹائم لائن طلب کی۔ وزارت آبی وسائل کے سیکریٹری نے کمیٹی کو بتایا کہ واپڈا کی جانب سے اضافی فنڈنگ کی طلب ECNEC کو بھجوائی گئی ہے۔ کمیٹی نے KWSSIB، STDC اور دیگر متعلقہ صوبائی اداروں کو منصوبوں کے عملدرآمد کی واضح ٹائم لائنز تحریری طور پر فراہم کرنے کی ہدایت کی تاکہ ECNEC کے سامنے جامع پوزیشن پیش کی جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر کمیٹی نے تمام متعلقہ محکموں کو ورکنگ پیپرز، روٹ میپس، تکنیکی تفصیلات، پیش رفت رپورٹس اور عملدرآمد کی ٹائم لائنز مقررہ مدت میں جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے آئندہ اجلاسوں میں ہدایات پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا۔

بقیہ نمبر 48

مختلف کارروائیوں کے دوران منشیات، چوری اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کی پریس ریلیز کے مطابق پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے حبیب الرحمن کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 3750 گرام چرس برآمد کر لی، ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 509/2026 بجرم CNSA درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔ اور مدعی خالد ولد حاجی حمل کی رپورٹ پر پولیس نے عبدالغنی رند ایجنسی آفس کے عقبی حصے سے چوری ہونے والے جنریٹر کی اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے لعل بخش کو گرفتار کر لیا اور اس کے قبضے سے مسروقہ جنریٹر برآمد کر لیا، ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 511/2026 بجرم 379 PPC درج کیا گیا۔ اور بتایا گیا کہ دوران گشت چھ جائی حب کے مقام پر پولیس ٹیم کا دو نقاب پوش ملزمان سے سامنا ہوا، ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی، جس پر اضافی نفری طلب کر کے علاقے کو گھیرے میں لے لیا گیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے بعد دونوں ملزمان عبدالحمید، غلام سرور حب کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان کے قبضے سے ایک عدد 30 بور پسٹل اور ایک عدد کلاشنکوف نما 30 بور پسٹل برآمد کیا گیا، پولیس پارٹی پر فائرنگ اور کار سرکار میں مداخلت کے الزام میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا، جبکہ برآمد شدہ اسلحہ کے حوالے سے بلوچستان آرمز ایکٹ کے تحت الگ مقدمات بھی درج کیے گئے ہیں

بقیہ نمبر 49

سری لنکا، بنگلہ دیش، مالدیپ اور دیگر جنوبی ایشیائی ممالک کے 100

صالح محمد برفت کی اہلیہ کا رضائے الٰہی سے انتقال ہوگیا

مرحومہ کی نماز جنازہ مدنی مسجد موندرہ کالونی میں ادا کی گئی بعدازاں مرحومہ کو حب کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حب/لسبیلہ کی سیاسی وسماجی شخصیات قبائلی عمائدین سرکاری افسران اور صحافیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے ضلعی رہنما صالح محمد برفت کی اہلیہ، سب انسپکٹر یار محمد برفت، حب پریس کلب کے رابطہ سیکریٹری روزنامہ بولان حب کے رپورٹر لعل محمد برفت اور رئیس نواز علی برفت ایڈووکیٹ کی بھابھی تاج محمد برفت سجاد علی برفت فیض محمد برفت اور ساجد برفت کی والدہ کا رضائے الٰہی سے انتقال ہوگیا ہے مرحومہ کی نماز جنازہ مدنی مسجد موندرہ کالونی میں ادا کی گئی بعدازاں مرحومہ کو حب کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حب/لسبیلہ کی سیاسی وسماجی شخصیات قبائلی عمائدین سرکاری افسران اور صحافیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صدر ٹرمپ کی چین کو ہتھیار فروخت کرنے کی پیشکش

ٹرمپ نے چین کو ہتھیار فروخت کرنے کی پیشکش کی ہے، امریکی سفیر

دوسری اشیا کی فروخت کے حوالے سے بھی بات چیت جاری ہے، ڈیوڈ پرڈیو

بیجنگ (این این آئی) چین میں تعینات امریکی سفیر ڈیوڈ پرڈیو نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی اسلحہ چین کو فروخت کرنے کی پیشکش کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایک انٹرویو کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ مسلسل یہ کہتے (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

دکی، ڈپٹی کمشنر فضل الرحمان کبدانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایئربیس واقعے میں ایران کے ملوث ہونے کے مضبوط شواہد موجود ہیں، برطانوی وزیراعظم

معاملہ پیچیدہ اور سنگین ہے اور تحقیقات مکمل ہونے تک مزید تفصیلات فراہم نہیں کی جاسکتیں، انٹرویو

لندن (این این آئی) برطانوی وزیراعظم اینڈی برنہم نے کہا ہے کہ انگلینڈ کے ایک فوجی اڈے کے قریب پیش آنے والے حالیہ سیکیورٹی واقعے میں ایران کے ملوث ہونے کے مضبوط (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

دہشتگردوں کی مالی معاونت؛ ملزمان کو 18، 18 سال قید، کروڑوں روپے جرمانے

ملزمان کے خلاف سی ٹی ڈی مہمند میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، پراسیکیوشن نے الزامات ثابت کیے، رپورٹ

پشاور (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے دہشت گردوں کی مالی معاونت کے مقدمے میں جرم ثابت ہونے پر 5 ملزمان کو قید اور بھاری جرمانوں کی سزائیں سنادیں۔ مقدمے کی سماعت اے ٹی سی جج ولی محمد خان نے کی۔ عدالت نے ملزم مبشر غنی کو مختلف دفعات (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

موبائل مواصلاتی نظام کی ابتر صورت حال نے شہریوں کے لیے روزمرہ زندگی کو دشوار بنادیا

رات ڈھلتے ہی موبائل سگنلز یا تو مکمل طور پر غائب ہوجاتے ہیں یا اس قدر کمزور پڑ جاتے ہیں کہ رابطہ برقرار رکھنا دشوار ہوجاتا ہے۔

دن کے اجالے میں بھی کال ڈراپ، آواز کے بار بار منقطع ہونے، سگنلز کے اتار چڑھاؤ اور انٹرنیٹ کی سست رفتاری نے صارفین کو پریشان کر رکھا ہے

دریجی (نمائندہ بولان حب) تحصیل دریجی میں موبائل مواصلاتی نظام کی ابتر صورتِ حال نے شہریوں کے لیے روزمرہ زندگی کو دشوار بنا دیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق یوفون کے نیٹ ورک کی ناقص کارکردگی، ٹاورز کی خستہ حالی اور بیک اپ بیٹریوں کے ناکارہ ہونے کے باعث خصوصاً رات کے اوقات میں پورا علاقہ مواصلاتی تنہائی کا شکار ہوجاتا ہے۔ اہلیانِ دریجی کا کہنا ہے کہ نورانی کراس سے کھیری (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

پی ٹی اے نے ٹیلی کام انضمام کی منظوری کسی بھی وقت کھولنے کا اختیار مانگ لیا

مسودے کے تحت پی ٹی اے کسی منظوری پر نظر ثانی، اس میں ترمیم یا اسے واپس لے سکے گا،

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے ٹیلی کام انضمام کی منظوری کسی بھی وقت کھولنے کا اختیار مانگ لیا۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے ٹیلی کام انضمام اور دیگر ٹرانز یکشنز کی منظوری پر نظر ثانی کی ایک سالہ حد ختم کر کے مارکیٹ حالات بدلنے یا نئے خدشات سامنے آنے پر کسی بھی وقت (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

لاہور، وکلاء اور سول سوسائٹی کے ارکان احتجاج کر رہے ہیں

مہنگائی کی شرح 10 سے 11 فیصد رہنے کی توقع ہے، وزارت خزانہ

2027 میں معاشی سرگرمیوں میں بہتری متوقع، ستمبر میں مہنگائی کی شرح 10 سے 11 فیصد رہنے کی توقع ہے، وزارت خزانہ

وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے ذریعے کم آمدنی والے گھرانوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت ہدف پر مبنی معاونت فراہم کی جارہی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ مالی سال 2027 میں معاشی سرگرمیوں میں مزید بہتری متوقع اور بحالی کا عمل زراعت، صنعتی پیداوار اور نجی شعبے کے قرضوں تک پھیلنے کا امکان ہے، ستمبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 10 سے 11 فیصد کی حد میں رہنے کی توقع ہے، مہنگائی کا رجحان بڑی حد تک عالمی تیل کی قیمتوں سے منسلک رہے گا۔ یہ بات وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ اقتصادی اپ ڈیٹ رپورٹ میں کہی گئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے ذریعے کم آمدنی والے گھرانوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت ہدف پر مبنی معاونت فراہم کی جا (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

غیر ملکی لڑکی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کیس میں اہم پیشرفت

لاہور (این این آئی) غیر ملکی لڑکی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کیس میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ لاہور میں غیر ملکی لڑکی کے سا (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

بلوچستان کے 41 اضلاع میں 740 واٹر سپلائی منصوبوں کا ہدف مقرر

شہریوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹیو پروگرام کے تحت پانی کی فراہمی کے منصوبوں کو نعمت قرار دیدیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹیو کے تحت صوبے بھر میں فراہمی آب کے منصوبوں پر کام تیز کر دیا گیا، مالی سال 2026-27 کے دوران بلوچستان کے 41 اضلاع میں 740 واٹر سپلائی منصوبوں کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال بلوچستان بھر میں فراہمی آب کے 709 منصوبے مکمل کیے گئے اور ان منصوبوں کی تکمیل کی شرح 98 فیصد رہی۔ مالی سال 2025-26 میں (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

لاہور، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

گوجر خان، ریلوے میں حادثات کا سلسلہ تھم نہ سکا، جعفر ایکسپریس بھی پٹڑی سے اتر گئی

گوجر خان (این این آئی) پاکستان ریلویز میں حادثات کا سلسلہ تھم نہ سکا، ایک اور ٹرین گوجر خان کے قریب پٹڑی سے اتر گئی۔ تفصیلات کے مطابق پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کی ایک بوگی گوجر خان کے قریب ڈی ریل ہوگئی، تاہم واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریلوے حکام موقع پر پہنچ گئے

810 ملین ڈالرز فنڈز کی کٹوتی پر 7 ریاستیں ٹرمپ انتظامیہ کیخلاف عدالت پہنچ گئیں

فنڈز روکنا آئین میں اختیارات کی تقسیم اور کانگریس کے مالیاتی اختیار کی خلاف ورزی ہے، اٹارنی جنرل کیلیفورنیا

فنڈز ایسے پروگراموں کے خلاف روکے گئے جو غیر قانونی امیگریشن، نسلی کشیدگی، ماحول سے متعلق مبالغہ آمیز پالیسیوں کو فروغ دیتے ہیں، وائٹ ہاؤس انتظامیہ

کیلیفورنیا (این این آئی) کیلیفورنیا سمیت 7 امریکی ریاستوں نے ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف مقدمہ دائر کردیا ہے، جس میں کانگریس سے منظور شدہ 810 ملین ڈالرز کے وفاقی فنڈز روکنے کا اقدام چیلنج کیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی ریاستوں نے موقف اپنایا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکٹ ریسشن کے ذریعے کانگریس کی منظوری کے باوجود فنڈز روکنے کا یکطرفہ فیصلہ کیا جس سے اقلیتوں، تارکینِ وطن، انسانی خدمات، تحقیق اور صحت کے پروگرام متاثر ہوسکتے ہیں۔ کیلیفورنیا کے اٹارنی جنرل رو (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7پر)

سندھ کابینہ، میر رضا کمیشن کی مدت میں 15 اکتوبر تک توسیع

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں میر رضا علی کی موت کی تحقیقات کرنے والے عدالتی کمیشن کی مدت میں 15 اکتو (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

سندھ میں زرعی آمدنی ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

ٹیکس دہندگان 31 اکتوبر تک زرعی آمدنی ٹیکس ریٹرن جمع کرا کے جرمانوں اور قانونی کارروائی سے بچ سکتے ہیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ ریونیو بورڈ نے ٹیکس سال 2025-26 کے لیے زرعی آمدنی ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کرتے ہوئے نئی تاریخ 31 اکتوبر 2026 مقرر کردی ہے اس حوالے سے سندھ ریونیو بورڈ نے جمعرات کو سرکلر نمبر 2 (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

چیک پوسٹوں کی منتقلی و فعالیت سے متعلق حقائق کا جائزہ لیا جائے، کمشنر کوئٹہ

عوام اور قبائلی عمائدین کے تحفظات کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور باہمی مشاورت سے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری

متعلقہ علاقوں کا موقع پر دورہ کر کے چیک پوسٹوں کی موجودہ صورتحال، ضرورت اور عوام کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا جائے اور اس حوالے سے رپورٹ پیش کی جائے

کوئٹہ (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کی قیادت میں بازئی قبائل کے ایک وفد نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری سے ملاقات کی، جس میں اغبرگ اور نوحصار میں قبائل کو درپیش مسائل، امن و امان کی صورتحال اور سیکیورٹی چیک پوسٹوں سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

چین اور پاکستان کے درمیان بحری علوم میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

بحری علوم کے فروغ اور جنوبی ایشیائی ممالک میں سائنسی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے میں چین نے اہم کردار ادا کیا ہے

پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک نے سمندری ماحولیاتی نظام کے تحفظ اور پائیدار بلیو اکانومی کے فروغ میں یونیورسٹی کے کردار پر کلیدی خطاب کیا

چنگ ڈاؤ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان بحری سائنس کے شعبے میں چین اور خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ روابط مزید مستحکم کرنے کیلئے کوشاں ہے، صوبہ شان ڈونگ کے شہر چنگ ڈا میں منعقد ہونے والے چائنا ساؤتھ ایشین کنٹریز میری ٹائم کوآپریشن فورم میں پاکستان، چین، (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

ہرنائی میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے خصوصی اقدامات کئے گئے

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جانی و مالی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایس پی ہرنائی (بقیہ 67 صفحہ 7پر)

کراچی کے ٹاؤنز کو روڈ کٹنگ کی مد میں ملنے والے اربوں روپے کی تفصیلات طلب

پی اے سی کا تمام ٹاؤنز کو ٹاؤن وار تفصیلات فراہم کرنے کا حکم، ترقیاتی کاموں کی نگرانی کا نظام وضع کرنے کی ہدایت

جناح ٹاؤن میں 19 لاکھ روپے کے گٹر کے ڈھکن خریدنے کا انکشاف، فی ڈھکن 5 ہزار روپے میں خریدا گیا، پی اے سی کا اظہار تشویش

کراچی (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی سندھ نے کراچی کے تمام ٹاؤنز کو روڈ کٹنگ کی مد میں سوئی سدرن گیس اور دیگر اداروں سے موصول ہونے والے اربوں روپے اور ان کے استعمال کی تفصیلات طلب کرلی ہیں، جبکہ محکمہ بلدیات کو کراچی کے تمام ٹاؤنز کے ترقیاتی کاموں کی نگرانی کے لیے مؤثر نظام وضع کرنے کی ہدایت کردی۔ جمعرات کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین نثار کھوڑو کی زیر صد (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

پاکستان میں ٹیکسٹائل صنعت کا فروغ، چینی کمپنی کا بڑے صنعتی و برآمدی مرکز کے قیام کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ٹیکسٹائل صنعت کے فروغ، غیر ملکی سرمایہ کاری اور برآمدات میں اضافے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، چینی کمپنی چیلنج فیشن نے پاکستان میں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ایک بڑے (بقیہ 66 صفحہ 7پر)

آزاد جموں وکشمیر میں احتجاج کا معاملہ حل ہونے کے بہت قریب ہے، صدر نجیب نقی

ایکشن کمیٹی کے زیادہ تر مطالبات پر اتفاق رائے ہوچکا ہے، چند ایک مطالبات پر اتفاق رائے ہونا باقی ہے، صدر آزاد کشمیر

اسلام آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر کے صدر ڈاکٹر نجیب نقی نے کہا ہے کہ کشمیر میں احتجاج کرنے والوں کے ساتھ بات چیت جاری ہے اور احتجاج کا معاملہ حل ہونے کے بہت قریب ہے۔ صحافیوں سے غیررسمی گفتگو کرتے ہوئے صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر نجیب نقی نے کہا (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کا اجلاس، کے فور منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ

کلری بگھار فیڈر اور کینجھر جھیل کی بہتری کے 42 کلومیٹر طویل منصوبے پر 74 فیصد کام مکمل ہوچکا ہے

بیلا (نمائندہ بولان) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کا اجلاس، کے فور منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ تفصیل کے مطابق کراچی میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر جام سیف اللہ خان کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں سینیٹر اسد قاسم رونجھو سینیٹر محمد اسلم ابڑو اور سینیٹر قرۃ العین مری سمیت متعلقہ وفاقی وصوبائی حکام نے شرکت کی اجلاس میں 4 مئی 2026 کو کمیٹی کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد اور کے فور منصوبے کے مختلف اجزا پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

ڈیرہ بگٹی کے علاقے سے ہندو تاجر کو اغواء کرلیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے سے ہندو تاجر کو اغواء کرلیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی (بقیہ 68 صفحہ 7پر)

افغانستان میں طالبان انتظامیہ کے زیر اثر آزادی صحافت متاثر

افغان میڈیا سپورٹ آرگنائزیشن کی صحافیوں پر تشدد اور سنسرشپ کی مذمت

ظالمانہ سنسرشپ اور مسلسل ملنے والی سنگین دھمکیوں کے باعث صحافتی ادارے سانس لینے کی سکت کھو چکے ہیں

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان انتظامیہ کی جانب سے آزادی صحافت اور میڈیا کی خودمختاری پر سنگین قدغنیں عائد کیے جانے کے بعد افغان میڈیا عملی طور پر مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔ افغان میڈیا سپورٹ آرگنائزیشن نے جاری بیان میں صحافیوں پر بڑھتے ہوئے تشدد، غیر قانونی گرفتاریوں اور ظالمانہ سنسرشپ کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر میں معلوما (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7پر)

حب پولیس کی مختلف کارروائیاں، منشیات و مسروقہ سامان برآمد، 4 ملزمان گرفتار

فائرنگ کے تبادلے کے بعد دونوں ملزمان عبدالحمید۔ غلام سرور حب کو گرفتار کرلیا گیا

حب (نمائندہ بولان) حب پولیس کی مختلف کارروائیاں، منشیات و مسروقہ سامان برآمد، 4 ملزمان گرفتار، مقدمہ درج، تفتیش کا عمل شروع کردیا گیا، اس حوالے سے ترجمان ضلع حب کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر، ایس ڈی پی او سرکل حب امام یعقوب بلوچ کی زیرنگرانی اور ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری کی پولیس ٹیم کے ہمرا (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں معمر افراد کا عالمی دن منایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں معمر افراد کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد بزرگ شہریوں کے حقوق، عزت و وقار، صحت اور فلاح و بہبود کو اجاگر کرنا ہے۔ رواں سال عالمی دن کا موضوع طو (بقیہ 65 صفحہ 7پر)

آزاد کشمیر کے ضلع سدھنوتی میں امن ریلی، قومی یکجہتی کا بھرپور اظہار

امن ریلی کا اختتام ملک وقوم کی سلامتی اور استحکام کیلئے خصوصی دعاؤں کے ساتھ کیا گیا

سدھنوتی (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر کے ضلع سدھنوتی میں عوامی اتحاد فورم کی جانب سے قومی یکجہتی کے اظہار کے لیے پرامن ریلی کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ عوامی اتحاد فورم کے زیراہتمام ریلی کوٹلی چوک سے کچہری (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

محنت کش لنڈا بازار کے باہر کپڑے فروخت کر رہے ہیں

پشاور، شادی کی تاریخ نہ دینے پر منگیتر کی فائرنگ سے لڑکی جاں بحق

پشاور (این این آئی) پشاور میں شادی کی تاریخ نہ دینے پر منگیتر کی فائرنگ سے 22 سالہ لڑکی جاں بحق ہوگئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق پولیس کے مطابق مقتولہ نادیہ اپنے ماموں، بھائی اور بھتیجے کے ساتھ گھر سے نکلی تھی، واقعہ گزشتہ رات پیش آیا، تھانہ پہاڑی پورہ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ ملزم عرفان نے 22 سالہ نادیہ پر فائرنگ کی جسے زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی۔ فائرنگ کے بعد ملزم عرفان فرار ہوگیا

قلات، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

وفاقی آئینی عدالت کے رولز جاری، اہم قانونی معاملات کی وضاحت

توہین عدالت ازخود نوٹس اور نظر ثانی درخواستوں سے متعلق اہم قواعد وضع، عدالت توہین عدالت کا ازخود نوٹس لے سکے گی

کسی بھی شخص کی درخواست پر بھی توہینِ عدالت کی کارروائی شروع کی جا سکے گی

اسلام آباد (این این آئی) آئینی عدالت نے 126 صفحات پر مشتمل قواعد وضوابط (رولز) پبلک کر دیئے ہیں جن کے تحت عدالت توہین عدالت کا ازخود نوٹس لے سکے گی جبکہ کسی بھی شخص کی درخواست پر بھی توہینِ عدالت کی کارروائی شروع کی جاسکے گی۔ رولز کے مطابق بے بنیاد یا بدنیتی پر مبنی نظر ثانی درخواست دائر کرنے پر وکیل کے خلاف تادیبی کارروائی کے علاوہ کم از کم 25 ہزار روپے اخراجات عائد کیے جاسکیں گے۔ رولز کے مطابق فریق کی جانب سے بے بنیاد یا بدنیتی پر مبنی نظر ثانی درخواست دائر کیے جانے پر بھی کم ازکم 25 ہزار روپے اخراجات عائد ہوں گے جبکہ نظر ثانی درخواست کی سماعت (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

آزاد کشمیر میں الیکشن کمیشن کی پابندی اٹھنے کے بعد 7 انتظامی افسران کے تبادلے

تمام تقرریاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن

مظفرآباد (این این آئی) حکومت آزاد جموں و کشمیر نے الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابات کے دوران سرکاری ملازمین کی تقرریوں اور تبادلوں پر عائد پابندی اٹھائے جانے کے بعد ایڈمنسٹریٹو سروس کے 7 افسران کے تبادلے اور تقرریاں کردی ہیں۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تمام تقرریاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آزاد جموں وکشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس کے بی پی ایس-19 افسر چودھری محمد طارق کو ڈپٹی کمشنر ضلع میرپور کے عہدے سے تبدیل کر کے ڈائریکٹر صنعت وتجارت تعینات کردیا گیا ہے۔ سرمد رضوان الشاہ خان، ڈائریکٹر صنعت و تجارت بی (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا گوجرانوالہ سرکل کا دورہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضو (بقیہ 64 صفحہ 7پر)

لاہور، کاریگر مشینوں پر ترپال کی سلائی کر رہے ہیں

چھتر کے علاقے میں مسلح افراد کی گھر پر فائرنگ سے مال مویشی زخمی ہوگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) چھتر کے علاقے میں مسلح افراد کی گھر پر فائرنگ سے مال مویشی زخمی ہوگئے

وزیراعلیٰ گلگت بلتستان سے اہل سنت والجماعت کے نمائندہ وفد کی ملاقات

مقدس ہستیوں کی گستاخی کے مرتکبین کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، اہل سنت والجماعت

گلگت (این این آئی) وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین سے اہل سنت والجماعت کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی، جس میں صوبائی وزیر داخلہ دلپذیر خان بھی موجود تھے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ مقدس ہستیوں کی گستاخی کے مرتکبین کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے تاکہ گلگت بلتستان میں امن برقرار رکھا جاسکے۔ وفد نے 2005 کے معاہدے اور 2012 کے ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ گلگت بلتستان کی تعمیر وترقی اور امن وامان کے لیے صوبائی حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے۔ وفد نے صوبے میں منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان کی روک تھام کیلئے منشیا (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

پشاور، کوہستان میگا اسکینڈل میں نیب کی بڑی ریکوری

پشاور کی احتساب عدالت نمبر 3 نے کوہستان میگا کرپشن اسکینڈل کے ملزم نے اثاثے سرنڈر کردیے

پشاور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) خیبرپختونخوا نے کوہستان میگا اسکینڈل میں مزید بڑی ریکوری کرلی۔ پشاور کی احتساب عدالت نمبر 3 نے کوہستان میگا کرپشن اسکینڈل میں ملزم مشرف شاہ کی جانب سے اثاثے سرنڈر کرنے سے متعلق درخواست منظور کرلی، جس کے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

اوکاڑہ، لوئر باری دوآب نہر میں ڈوبنے والے نوجوان کی تلاش تیسرے روز بھی جاری

اوکاڑہ (این این آئی) لوئر باری دوآب نہر میں آبادی ڈیراں کے قریب ڈوبنے والے 21 سالہ نوجوان جہانزیب (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

ترکیہ میں شامی حکام اور حزب اللہ کے درمیان خفیہ مذاکرات

دمشق (این این آئی) شامی حکومت کے نمائندوں اور لبنان کی حزب اللہ کے درمیان ایک خفیہ براہِ راست ملاقات ہوئی ہے۔

یوکرین اور مغربی ممالک روس کے خلاف ہائبرڈ جنگ میں ملوث ہیں، روسی سفیر کا دعویٰ

روس یوکرینی بحران کے سیاسی اور سفارتی حل کے لیے مذاکرات دوبارہ شروع کرنے پر آمادہ ہے، البرٹ خوریف

اسلام آباد (این این آئی) روسی سفیر البرٹ خوریف نے دعویٰ کیا ہے کہ یوکرین روس کے خلاف مکمل پیمانے کی ہائبرڈ جنگ کر رہا ہے اور یوکرین کے مغربی سرپرست بھی اس میں ملوث ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا بریفنگ کے دوران روسی سفیر نے کہا کہ کیف حکومت نے روسی شہریوں کو خوف ز (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

آیت نور قتل کیس میں گرفتار تین ملزمان کی ضمانت منظور

ٹھوس شواہد سامنے نہ آنے پر ملزمان کی ضمانت منظور کی گئی، عدالت

پشاور (این این آئی) آیت نور قتل کیس میں گرفتار تین ملزمان کی ضمانت منظور کرلی گئی ہے۔ پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بینچ نے آیت نور قتل کیس میں گرفتار تین ملزمان کی ضمانت (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کا آر ایچ سی شیر گڑھ کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے آر ایچ سی شیر گڑھ کا دو (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

نشتر ہسپتال ملتان میں 150 سے زائد طبی آلات ناکارہ قرار دے دیئے گئے

بعض طبی آلات کئی سال پرانے، متعدد مشینوں کے پرزے بھی دستیاب نہیں

ملتان (این این آئی) نشتر ہسپتال ملتان میں 150 سے زائد طبی آلات ناکارہ قرار دے دیئے گئے جن میں ایکسرے، الٹراساؤنڈ، ای سی جی اور کارڈیو مانیٹر سمیت دیگر مشینیں شامل ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ نے آلات کی نیلامی کا عمل شروع کر دیا جبکہ نئی مشینری خریدنے کی تیار (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

ریاست کو یرغمال بنانے اور لانگ مارچ کی سیاست کی اجازت نہیں دی جائیگی، عظمیٰ بخاری

یہ لوگ اسلام آباد آئیں گے تو بہت سارے سرپرائز ان کا انتظار کر رہے ہوں گے، جس دن چاند چڑھے گا دنیا دیکھے گی

وزیراعلیٰ مریم نواز کا وسائل نچلی سطح تک پہنچانے کا عزم عملی شکل اختیار کر چکا ہے، لاہور میں 29 جنوری سے 7 فروری تک بسنت منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز کے عوامی فلاحی منصوبوں کی گونج پورے ملک میں سنائی دے رہی ہے، اپوزیشن نے سڑکیں ناپنے کے بجائے اپنے صوبے میں ترقیاتی منصوبے بھی بنائے ہوتے، وزیراعلیٰ مریم نواز کا وسائل نچلی سطح تک پہنچانے کا عزم عملی شکل اختیار کر چکا ہے، لاہور میں 29 جنوری سے 7 فروری تک بسنت منائی جائے گی اور عوام بھرپور لطف اٹھائیں، پنجاب کے ہر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر میں کینسر کا الگ یونٹ قائم کیا جائے گا، ریاست کو یرغمال بنانے اور لانگ مارچ کی سیاست کی اجازت نہیں دی جائے گی، یہ لوگ اسلام آباد آئیں گے تو بہت سارے سرپرائز ان کا انتظار کر رہے ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور میں مسلم لیگ (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

لوئر دیر میں پراسرار بخار کی بیماری پھیل گئی، بچوں سمیت 7 جاں بحق، درجنوں متاثر

متاثرہ علاقوں میں فری میڈیکل کیمپ لگایا، شہریوں سے خون کے نمونے حاصل کر کے لیبارٹری بھیجے گئے ہیں، ڈی ایچ او

بر میکے میں متوفی 2 بچے قبل از وقت ولادت انتقال کر گئے جبکہ متوفیہ خاتون ٹی بی کی مریضہ تھی

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا کے ضلع دیر لوئر کی تحصیل ادینزئی کے پہاڑی علاقے میں پُراسرار بخار پھیلنے سے 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ضلع دیر لوئر کی تحصیل ادینزئی میں خانپور کے پہاڑی علاقے میں پراسرار بخار پھیل گیا، اس بیماری سے سب سے زیادہ شادام نامی گاؤں میں 7 افر (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

لورالائی، ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جنرل سیکرٹری لی مارکیٹ لیاری ٹاؤن، پاکستان مرکزی مسلم لیگ، جہانزیب شیخ کی چیف ایڈیٹر روزنامہ بولان اور صدر حب سٹی پریس کلب، محمد الیاس کمبوہ صاحب سے ملاقات۔ ملاقات کے دوران کتاب مثالی مسلمان بطورِ تحفہ پیش کی گئی۔ کتاب علم، فکر اور کردار سازی کا پیغام ہے، جبکہ صحافت معاشرے تک حق اور شعور کی آواز پہنچانے کا اہم ذریعہ ہے

خیبرپختونخوا میں ڈینگی کیسز میں اضافہ، ضلع کوہاٹ ہائی رسک قرار

صوبے میں رواں سال اب تک ڈینگی کے 2 ہزار 39 کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں، رپورٹ

پشاور (این این آئی) موسم کی تبدیلی کے ساتھ خیبرپختونخوا میں ڈینگی کیسز میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ضلع کوہاٹ کو ڈینگی کیسز کے لحاظ سے ہائی رسک قرار دے دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ضلع کوہاٹ میں رواں سال ڈینگی کیسز کی تعداد ایک ہزار 231 ہوگئی ہے، جبکہ صرف ماہ ستمبر میں 793 کیسز رپورٹ ہوئے۔ خیبرپختونخوا میں رواں سال اب تک ڈینگی کے 2 ہزار 39 کیسز (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

ڈائریکٹر نیب بلوچستان و دیگر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں